# معجازلّم عربی

## حصّہ دوم

مؤلّف

**ڈاکٹر سعید احمد عِنایۃُ اللہ**

مدرّس مدرسہ صولتیہ مکہ معظّمہ

ناشر

المکتبۃ الامدادیۃ

باب العمرۃ
مکۃ المکرمۃ

”حقوق طبع محفوظ ہیں“

# حجاز معلم عربی

حصہ دوم

مؤلف

**ڈاکٹر سعید احمد عنایت اللہ**

مدرس مدرسہ صولتیہ مکہ مکرمہ

ناشر
المکتبہ الامدادیہ
باب العمرۃ، مکۃ المکرّمۃ

# فہرست

| نمبر شمار | مضامین | صفحہ |
|---|---|---|
| ١ | حرفِ دوم | 8 |
| ٢ | مقدمہ | 9 |
| ٣ | مؤلف | 11 |
| ٤ | میزان، موزون، طریقۂ وزن | 12 |
| ٥ | عددِ حروف کے اعتبار سے اقسامِ فعل | 20 |
| ٦ | تشکیلِ ابواب، ابواب ثلاثی مجرد | 22 |
| ٧ | حروفِ علت و حروفِ صحیحہ | 25 |
| ٨ | صحیح و معتل | 25 |
| ٩ | جدول اقسامِ صحیح | 27 |
| ١٠ | اِعراب و بنا | 28 |
| ١١ | اقسام اعراب و علامات | 28 |
| ١٢ | واو۔ بطور علامتِ رفع | 35 |
| ١٣ | الف۔ بطور علامتِ رفع | 37 |
| ١٤ | نون۔ بطور علامتِ رفع | 38 |
| ١٥ | یائے مخاطبہ۔ بطور علامتِ رفع | 38 |
| ١٦ | جدول علامات و مقامات رفع | 41 |
| ١٧ | نصب۔ علامات اور مواقع | 42 |
| ١٨ | نواصب مضارع | 52 |
| ١٩ | گردان فعل مضارع منصوب نفی تاکید بلن | 56 |
| ٢٠ | اَن مضمر سے نصبِ مضارع | 57 |
| ٢١ | جدول نصب، علامات، مقامات | 59 |
| ٢٢ | جرّ۔ علامات، مواقع | 60 |
| ٢٣ | فتحہ بطور علامتِ جرّ | 64 |
| ٢٤ | اسم معرب۔ منصرف و غیر منصرف | 64 |
| ٢٥ | جدول اسباب منع صرف ثنائی/ احادی | 68 |

| | | |
|---|---|---|
| ٢٦ | جرّ کی علامات اور مقامات | 71 |
| ٢٧ | جزم۔ علامات/ مقامات | 72 |
| ٢٨ | جوازم مضارع | 75 |
| ٢٩ | قسمِ ثانی دو فعل کے جوازم | 78 |
| ٣٠ | گردان مضارع مجذوم بلم | 82 |
| ٣١ | گردان مضارع مجذوم بلائے نہی | 83 |
| ٣٢ | فعل امرِ غائب یا مضارع مجذوم بلام امر | 84 |
| ٣٣ | جدول مضارع مجزوم بلام مکسور یا امر غائب | 85 |
| ٣٤ | احوالِ معرب۔ مرفوعات۔ فاعل | 85 |
| ٣٥ | نائب فاعل | 87 |
| ٣٦ | مبتدا | 88 |
| ٣٧ | خبر | 89 |
| ٣٨ | اقسامِ خبر | 90 |
| ٣٩ | نواسخ | 92 |
| ٤٠ | کانَ اور اس کے اخوات | 93 |
| ٤١ | عمل کے اعتبار سے افعالِ ناقصہ کی اقسام | 99 |
| ٤٢ | جدول افعالِ ناقصہ | 101 |
| ٤٣ | حروف مشبہ بلیس کا اسم | 102 |
| ٤٤ | نون تاکید برائے فعل مستقبل | 103 |
| ٤٥ | کیفیت التحاق نون ثقیلہ در مضارع | 104 |
| ٤٦ | جدول فعل واحد غیر مؤکد و مؤکد بلام تاکید و نون ثقیلہ معروف | 104 |
| ٤٧ | تاکید افعال خمسہ | 106 |
| ٤٨ | جدول افعال خمسہ غیر مؤکد و مؤکد بلام تاکید و نون ثقیلہ | 107 |
| ٤٩ | تاکید جماعۃ النساء | 109 |
| ٥٠ | کیفیتِ التحاق نون خفیفہ در فعل مضارع فعل واحد | 110 |
| ٥١ | نون ثقیلہ و خفیفہ در فعل امر | 113 |
| ٥٢ | جدول برائے امر مخاطب غیر مؤکد و مؤکد با نون ثقیلہ | 114 |
| ٥٣ | جدول امر مخاطب غیر مؤکد و مؤکد۔ نون خفیفہ | 115 |

| | | |
|---|---|---|
| **٥٤** | لازم۔ متعدی | 116 |
| **٥٥** | انواع مفعول | 119 |
| **٥٦** | اِنّ اوراس کے اخوات کی خبر | 127 |
| **٥٧** | حال | 129 |
| **٥٨** | تمیز | 132 |
| **٥٩** | لائے نافیہ برائے جنس یالا برائے نفی جنس | 136 |
| **٦٠** | منادی | 139 |
| **٦١** | تابع | 141 |
| **٦٢** | عطف | 143 |
| **٦٣** | بدل | 147 |
| **٦٤** | تاکید | 150 |
| **٦٥** | ضمیر۔ تفصیلی بیان | 152 |
| **٦٦** | جدول ضمائر رفع منفصل | 154 |
| **٦٧** | جدول ضمائر نصب منفصل | 155 |
| **٦٨** | ضمیر متصل کا بیان | 156 |
| **٦٩** | جدول ضمیر رفع متصل اور مواقع | 157 |
| **٧٠** | تعداد ضمائر نصب متصل | 157 |
| **٧١** | تعداد ضمائر جر متصل | 158 |
| **٧٢** | ضمیر مستتر | 159 |
| **٧٣** | جدول ضمیر بارز و جدول ضمیر مستتر | 160 |
| **٧٤** | بنا اور مبنیات، جدول برائے مبنیات | 161 |
| **٧٥** | جدول کلمات مبنیہ | 164 |
| **٧٦** | الجزء العربی من الکتاب | 166 |

| العدد | الموضوع | الصفحه |
|---|---|---|
| ١ | شخصيات إسلامية وأماكن مقدسة | 167 |
| ٢ | الإمام أبو حنيفة رحمه الله | 168 |
| ٣ | الإمام مالک رحمه الله | 169 |
| ٤ | الإمام الشافعي رحمه الله | 170 |
| ٥ | الإمام أحمد بن حنبل رحمه الله | 171 |
| ٦ | الكعبة المشرفة | 172 |
| ٧ | المسجد النبوي الشريف | 173 |
| ٨ | المسجد الأقصىٰ المبارک | 174 |
| ٩ | الوزن، الموزون، الميزان | 175 |
| ١٠ | ميزان الثلاثي، والرباعي | 176 |
| ١١ | أقسام الفعل من حيث عدد الحروف | 178 |
| ١٢ | تشكيل أبواب الثلاثي المجرد | 178 |
| ١٣ | جدول أبواب الثلاثي المجرد | 179 |
| ١٤ | أقسام الفعل على كيفية الحروف | 180 |
| ١٥ | الأعراب، المعرب، أقسام الأعراب | 183 |
| ١٦ | الرفع، علاماته، ومواقعه | 183 |
| ١٧ | جدول علامات الرفع، مواضعها، وأمثلتها | 185 |
| ١٨ | النصب، علاماته، ومواقعه | 186 |
| ١٩ | نواصب المضارع | 188 |
| ٢٠ | جدول علامات النصب، ومواقعها، وأمثلتها | 189 |
| ٢١ | الخفض أو الجر، علاماته، مواقعه | 189 |
| ٢٢ | الاسم الممنوع من الصرف | 192 |
| ٢٣ | جدول غير المنصرف لعلتين ((١)) | 194 |
| ٢٤ | جدول غير المنصرف لعلتين ((٢)) | 194 |
| ٢٥ | الجزم، علاماته، مواضعه | 196 |
| ٢٦ | جدول علامات الجزم | 197 |
| ٢٧ | جوازم المضارع، أنواعها، بيانها | 198 |
| ٢٨ | الأمر الغائب | 199 |

| | | |
|---|---|---|
| ٢٩ | جدول تصريف الأمر الغائب أو المضارع المجزوم بلام الأمر | 199 |
| ٣٠ | فعل النهي أو المضارع المجزوم بلا الناهية | 200 |
| ٣١ | جدول تصريف فعل النهي المخاطب | 200 |
| ٣٢ | جدول تصريف النهي الغائب والمتكلم ملحق به | 200 |
| ٣٣ | جوازم الفعلين | 201 |
| ٣٤ | الفعل نوعان ،لازم ،ومتعدي | 202 |
| ٣٥ | المفاعيل | 203 |
| ٣٦ | المفعول به | 203 |
| ٣٧ | المفعول المطلق | 203 |
| ٣٨ | المفعول فيه | 204 |
| ٣٩ | المفعول له | 204 |
| ٤٠ | المفعول معه | 204 |
| ٤١ | الأحرف المشبهة بالفعل | 205 |
| ٤٢ | جدول الحروف المشبهة بالفعل | 205 |
| ٤٣ | نونا التأكيد | 206 |
| ٤٤ | النون الثقيلة | 206 |
| ٤٥ | النون الخفيفة | 207 |
| ٤٦ | جدول تصريف المضارع المؤكد بلام التأكيد والنون الثقيلة | 208 |
| ٤٧ | النون الخفيفة | 209 |
| ٤٨ | التغيرات في لفظ المضارع | 209 |
| ٤٩ | جدول تصريف المضارع المؤكد بلام التاكيد والنون الخفيفة | 210 |
| ٥٠ | تأكيد الأمر المخاطب | 211 |
| ٥١ | جدول الأمر المخاطب | 211 |
| ٥٢ | جدول علامات الخفض | 212 |
| ٥٣ | الأفعال الناقصة | 213 |
| ٥٤ | جدول الأفعال الناقصة | 214 |
| ٥٥ | الحال | 214 |
| ٥٦ | شروط الحال | 215 |
| ٥٧ | صاحب الحال | 216 |

| | | |
|---|---|---|
| ٥٨ | مرتبة الحال | 216 |
| ٥٩ | التمييز | 217 |
| ٦٠ | لا النافية للجنس | 220 |
| ٦١ | جدول اسم (لا) النافية للجنس | 221 |
| ٦٢ | المنادى | 222 |
| ٦٣ | التوابع | 225 |
| ٦٤ | التوكيد اللفظي | 225 |
| ٦٥ | التوكيد المعنوي | 226 |
| ٦٦ | جدول التوابع | 227 |
| ٦٧ | الضمير المنفصل حسب موقعه فى الاعراب | 228 |
| ٦٨ | الضمير المتصل | 230 |
| ٦٩ | ضمائر الرفع المتصلة | 230 |
| ٧٠ | ضمائر النصب المتصلة | 231 |
| ٧١ | ضمير النصب المتصل | 232 |
| ٧٢ | الضمير المتصل | 233 |
| ٧٣ | الضمير المستتر | 233 |
| ٧٤ | الضمير المستتر فى الأمر المخاطب | 235 |
| ٧٥ | جدول الضمير المستتر | 236 |
| ٧٦ | جدول الضمير البارز | 236 |
| ٧٧ | البناء ،المبنى ،أقسام المبنيات | 237 |
| ٧٨ | جدول علامات المبنيات ،أنواعها ،أمثلتها ((١)) | 238 |
| ٧٩ | جدول المبنيات رقم ((٢)) | 239 |
| ٨٠ | جدول المبنيات رقم ((٣)) | 239 |

# حرفِ دوم

جن اساتذہ کرام، عزیز طلباء اور قواعدِ عربیہ سے دلچسپی رکھنے والےہل علم و فضل نے زیرِ نظر کتاب کا پہلا حصہ مطالعہ فرمایا ہوگا ان پر بلا مبالغہ یہ حقیقت منکشف ہوگئی ہوگی کہ اس کتاب کے جداول، تمرینات اور سوال و جواب کے ذریعہ اسباق اور پیچیدہ مواضع کو جدید طریقہ پر کس قدر سہل اور دل نشین بنا دیا گیا ہے جو اول تو صاحبِ کتاب کی عرق ریزی، لگن اور شب و روز کی انتھک محنت کا نتیجہ ہے اور پھر جن علماء کرام اور اساتذۂ عظام نے کتاب کا مطالعہ فرمانے کے بعد اپنی وقیع آراء سے کتاب کو مزین کر کے مؤلف کی حوصلہ افزائی فرمائی ان کو مخلصانہ دعاؤں کے قائم مقام سمجھتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ یہ کتاب اور مؤلف کے لئے شرفِ قبولیت کا باعث ہوگی۔ آمین!

راقم الحروف کا تعلق بھی ایک تعلیمی ادارے سے ہے اور ادارہ بھی ایسا کہ جہاں مختلف زبانوں، ملکوں اور سن و سال کے لحاظ سے عمر کا تفاوت لئے ہوئے طلبہ درسی جماعتوں میں شامل ہوں وہاں عربی زبان اور نحو وصَرف کی باریکیوں کو طلبہ کے ذہن نشین کرانا اور فن سے ان کو لگاؤ اور تعلق پیدا کرانا استاد کی ذہانت اور علمی قابلیت کا امتحان ہے۔ مجھے بے حد مسرت ہے اور میں رب العزت کا شکر ادا کرتا ہوں کہ صاحبِ تالیف برادرِ محترم مولانا سعید احمد صاحب بارک اللہ لنا فی علمہ وعمرہ نے اس میدان میں اپنی بھرپور صلاحیت کا کامیاب مظاہرہ فرمایا۔ ہمارے کتب خانے اور علماء کرام کے گھر نحو صَرف کی کتابوں سے بھرپور ہیں۔ خدانخواستہ کسی کی حق تلفی یا تنقیص ہرگز مقصود نہیں بلکہ دو لفظوں میں صرف اپنے دلی جذبات کا یہ اظہار کرنا ہے کہ جس کتاب یا علمی و تحقیقی خدمت میں اپنے احساس کی حرارت خونِ جگر کی شرکت، جذبہ خدمت کی لگن اور فائدہ و استفادہ کا سچا داعیہ موجود ہو اللہ تعالیٰ اس کو ضرور قبولیت ومحبوبیت سے نوازتے ہیں اور یہی میری دلی دعا ہے کہ اس ذاتِ عالی کی خصوصی توجہ اس پرخلوص علمی کاوش ومحنت پر سایہ فگن رہے۔ ان سطور کو ختم کرنے سے قبل پھر اسی تمنا کا اعادہ کرتا ہوں کہ ؎

''ایں دعا از من واز جملہ جہاں آمین باد''

والسلام

مسعود شمیم رحمۃ اللہ

مہتمم مدرسہ صولتیہ مکہ مکرمہ

# مقدمہ

## ازمولانا سمیع الحق صاحب

**باسمہ تعالیٰ**

**الحمد لحضرة الجلالة والصلاة والسلام على خاتم الرسالة :**

”عربی زبان“ قرآن حکیم اور رسولِ عربی صلی اللہ علیہ وسلم اور خود باری تعالیٰ کی اختیار فرمودہ زبان ہے۔ قرآنی علوم ومعارفِ اسلامی احکام وتعلیمات، ارشادات وہدایاتِ نبوی سب عربی میں ہیں۔ پھر قرآن و سنت کی اولین تشریحات خواہ وہ علمِ تفسیر ہو یا علم حدیث، علمِ اصول تفسیر ہو یا علمِ اصول حدیث، مسائل کا استنباط واجتہاد ہو یا سلوک وتصوف اور احسان ہو، علم شریعت کے اسرار ورموز ہوں۔ اوائل میں سب کی تدوین عربی زبان میں ہوئی ہے۔ اسلام کا جامع نظام ریاست بنیادی طور پر جتنی کتابوں میں بھی مرتب ہوا ہے وہ سب عربی زبان میں ہیں۔ اور اب اس گئے گزرے دور میں بھی عالمی سطح پر مسلمان جہاں بھی ہیں سب کو عربی زبان سے محبت ہے۔ قرآنی اور اسلامی زبان ہونے کے پیش نظر تھوڑا بہت فہم وادراک کر لیا جاتا ہے۔

موجودہ ترقی یافتہ دور میں تدریسی اور تعلیمی اعتبار سے اس بات کی شدید ضرورت تھی کہ کم وقت میں عربی زبان، اس کی گرائمر کے بنیادی قواعد، صرف ونحو کے اولین مباحث، عربی تکلم کی مشق، روزمرہ کی مثالیں اور اس سلسلہ کی تمام ضروریات کو سہل اور آسان طریقہ سے اس طرح پڑھایا جائے کہ طلبہ میں اکتاہٹ کے بجائے مزید ذوقِ تحصیل اور اشتیاق پیدا ہو۔ اور قدیم طرز کی طویل ترین تقاریر اور ایک نہ ختم ہونے والا سلسلۂ سوال وجواب اور محض خیال اور وہمی اشکالات کے جوابات کی طویل ترین مباحث کے بجائے کم وقت میں زیادہ سے زیادہ استفادہ کیا جاسکے۔ خدا کا شکر ہے کہ ہمارے فاضل دوست جناب مولانا سعید احمد عنایت اللہ مدظلہ، نے اس سلسلہ کے پہلے ہی قدم میں ایک مختصر مگر جامع، سہل سلیس اور نہایت ہی دلچسپ رسالہ ”حجاز معلم عربی“ کے نام سے لکھ کر علمی ودینی اور تدریسی حلقوں پر بہت بڑا احسان کیا ہے۔ موصوف مہبطِ وحی مکہ مکرمہ کے مدرسہ صولتیہ کے کامیاب مدرس ہیں۔ انٹرنیشنل انسٹی ٹیوٹ خرطوم اور پنجاب یونیورسٹی سے ایم۔ اے کیا

ہے۔ موصوف جامعہ اشرفیہ لاہور اور وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے فاضل بھی ہیں۔

''حجاز معلم عربی'' حصہ اول ابتدائی اور حصہ دوم متوسط درجات کی درسگاہوں بالخصوص وفاق المدارس سے مربوط دینی مدارس کے نصابِ تعلیم میں اگر شریک کر دی جائے تو طلبہ میں اس کے بے حد مفید بلکہ انقلابی حد تک بہترین نتائج حاصل ہوں گے۔ علاوہ ازیں اسکول کالجز اور عام پڑھے لکھے دوست بھی اگر اپنے ذوق سے اس کتاب کا مطالعہ کریں گے تو ان کے لئے بھی قرآن وسنت اور عربی زبان کے سمجھنے میں یہ کتاب نفع بخش رہے گی۔

میری دعا ہے کہ باری تعالیٰ مصنف کی زندگی میں برکت دے یہ موصوف کے سلسلۂ تصنیف کا نقشِ اول ہے۔ خدا کرے وہ دیگر موضوعات پر بھی علمی وتحقیقی اور جامع تصنیفات لکھ کر زیادہ سے زیادہ دین کی خدمت کر سکیں۔ آمین!

نزیل مکہ مکرمہ زادھا اللہ شرفاً
۲۰/ رمضان المبارک ۱۴۰۹ھ
مولانا سمیع الحق (سینیٹر)
جنرل سیکرٹری جمعیۃ علماء اسلام
ومتحدہ علماء کونسل پاکستان
ومہتمم دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک پشاور

## بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

**الحمد للّٰہ والصلوٰۃ والسلام علی رسول اللہ وعلی آلہٖ وصحبہ وسلم.**

”حجاز معلم عربی“ حصہ اول میں جن مواضیع کی تقدیم کا قصد کیا تھا، حق تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے بطریق احسن وباسلوب اسہل، شرح وبیان کی توفیق مرحمت فرمائی۔ **فللّٰہ الحمد والمنۃ۔**

مختلف بلاد کے اہل علم وفضل، ماہرین تدریس نے بنظرِ استحسان مطالعہ فرما کر حوصلہ افزائی فرمائی۔ بعض اکابر نے اپنی گراں قدر آراء وتقاریظ سے کتاب کو مزین فرمایا۔ **فجزاھم اللہ احسن الجزاء .**

اسی ذاتِ عالی پر اعتماد کرتے ہوئے اور اسی سے استمداد کے ساتھ ساتھ جزء ثانی کی ترتیب کا قصد کیا جو آپ کے پیش خدمت ہے۔

یہ کتاب ان طلبہ کے لئے بفضل اللہ تعالیٰ یقیناً سُلَّمِ ترقی ہے جو اس سلسلہ کے جزء اول کا مطالعہ کر چکے ہیں یا اس کے مساوی قواعدِ لغت کی معرفت رکھتے ہیں۔ مدرسین کرام سے گذارش ہے کہ تسہیل وتشریح کی خاطر مرتبہ جداول ونقشہ جات کو تختہ سیاہ پر بنائیں یا طلبہ سے بنوائیں۔ تمرینات میں حل طلب امثلہ کو اولاً تو پنسل کے ساتھ صفحات کتاب ہی میں طلبہ سے حل کرائیں پھر طلبہ کی کاپیوں پر قلم سے لکھوانے کا اہتمام ضرور فرمائیں تا کی عزیز طلبہ بکمالِ رغبت طبعی طور پر مراحل ترقی طے کرتے جائیں اور میری اور آپ کی مشترکہ جدو جہد اعلیٰ ثمرات پر منتج ہو۔ **اللّٰھم فتقبل (آمین ).**

مؤلف

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# میزان۔ موزون۔ طریقۂ وزن

**میزان:** لغت میں ترازو کو کہتے ہیں۔ قواعد کی رو سے میزان وہ پیمانہ ہے جس سے عربی کلمات کا وزن کیا جاسکے تاکہ اس کی حرکات وسکنات اور اصلی اور زائد حروف کی پہچان ہو سکے۔

**موزون:** وہ کلمہ جس کا وزن کیا جائے موزون کہلاتا ہے۔ جیسے کہیں نَصَرَ۔ فَعَلَ کے وزن پر تو نَصَرَ موزون اور فَعَلَ میزان ہے۔

**تالیفِ موزون:** عربی کلمہ جو موزون بنایا جاتا ہے۔ مختلف حروفِ ہجا سے تالیف پاتا ہے۔

**تالیفِ میزان:** میزان کی تالیف کے لئے صرف ’’ف ع ل‘‘ کو حروفِ اساس قرار دیا گیا ہے۔ کسی بھی کلمہ کی میزان کی تالیف میں یہ تینوں اساسی حروف ہوں گے اور موزون کے اصلی حروف بھی انہی کے مقابلے میں آتے ہیں۔

**طریقۂ تالیف:** اگر موزون تین حرفی فعل ہے تو اس کا میزان ’’فعل‘‘ ہے۔

| ١ | ٢ | ٣ |
|---|---|---|
| ف | ع | ل |

پہلا حرف فاء
دوسرا حرف عین
تیسرا حرف لام

(حرکاتِ حروف موزون کے مطابق ہوں گی)۔

جیسے کَتَبَ کا میزان فَعَلَ
اور سَمِعَ // // فَعِلَ
// کَرُمَ // // فَعُلَ

اگر موزون چار حرفی فعل ہے تو میزان "فَعْلَلَ" ہے۔

| ١ | ٢ | ٣ | ٤ |
|---|---|---|---|
| ف | ع | ل | ل |

پہلا حرف فاء۔ دوسرا حرف عین۔ تیسرا حرف لام اُول۔ چوتھا حرف لام ثانی جیسے **دَحْــــرَجَ** میں حرفِ اول، ثالث و رابع مفتوح، حرفِ ثانی ساکن ہے اس کا میزان اسی جیسا **فَعْلَلَ** ہے۔

**وزن اور اس کا طریقہ:** موزون کے حروف کو میزان کے حروف کے مقابلہ میں لانا وزن کہلاتا ہے۔

موزون کا جو حرف میزان کے جس حرف کے مقابلہ میں آئے گا وہی نام پائے گا۔ جب کہیں کَتَبَ/ فَعَلَ کے وزن پر ہے تو

**کَ** ......فاء کے مقابلہ میں ہے تو فاء کلمہ ہے
تَ......عین // // // // عین // //
بَ......لام // // // // لام // //
وضاحت کے لئے یہ نقشہ پیش نظر رہے۔

## نقشہ وزنِ فعل ثلاثی

| موزون<br>کَتَبَ | میزان<br>فَعَلَ | نتیجۂ وزن |
|---|---|---|
| ک | ف | کاف۔ فاء کلمہ |
| ت | ع | تاء۔ عین کلمہ |
| ب | ل | باء۔ لام کلمہ |

اور جب کہیں دحرج/فعلل کے وزن پر ہے تو
د......فاء کے مقابلہ میں ہے تو فاء کلمہ
ح......عین // // // // //عین //
ر......لام اول // // // // پہلا لام کلمہ
ج......لام ثانی // // // //دوسرا // //

اس امر کو آئندہ نقشہ واضح کر رہا ہے۔

## نقشہ وزن فعل رباعی

| موزون<br>دحرج | میزان<br>فعلل | نتیجۂ وزن |
|---|---|---|
| د | ف | دال فاء کلمہ |
| ح | ع | حاء عین کلمہ |
| ر | ل | ر پہلا لام کلمہ |
| ج | ل | جیم دوسرا لام // |

**حروفِ اصلیہ:** موزون کے وہ حروف جو میزان کے حروفِ اساسیہ کے مقابلہ میں ہوں وہ اصلی ہیں۔ اب اگر فعل ثلاثی ہے تو اصلی حروف تین ہوتے ہیں۔

پہلا حرف اصلی......فاء کے مقابلہ میں
دوسرا // // ......عین // // //
تیسرا // // ......لام // // //

**مثال:** جب کہیں نَصَرَ کا میزان فَعَلَ ہے تو
فاء پہلا حرفِ اساسی ہے اس کے مقابلہ میں ن پہلا حرفِ اصلی
عین دوسرا // // // // // // // ص دوسرا // //
لام تیسرا // // // // // // // // ر تیسرا // //
وضاحت کے لئے اس نقشہ کو دیکھ لیں۔

### نقشہ ترتیب حروفِ اساسیہ واصلیہ در فعل ثلاثی

| مقابلہ | | حروف | ۱ | ۲ | ۳ |
|---|---|---|---|---|---|
| میزان | فَعَلَ | اساسیہ | ف | ع | ل |
| موزون | نَصَرَ | اصلیہ | ن | ص | ر |

اگر موزون فعل رباعی ہے تو اس کے اصلی حروف چار ہوتے ہیں۔

[۱] پہلا حرف اصلی فاء کے مقابلہ میں
[۲] دوسرا // // عین // // //
[۳] تیسرا // // لام اول // // //
[٤] چوتھا // // لام ثانی // // //

جب کہیں بَسْمَلَ / فَعْلَلَ کے وزن پر ہے تو

فاء پہلا حرف اساسی ہے اس کے مقابلہ میں ب پہلا حرف اصلی
عین دوسرا // // // // // // // // س دوسرا // //
لام اول تیسرا // // // // // // // // م تیسرا // //
لام ثانی چوتھا // // // // // // // // ل چوتھا // //

اس کو آئندہ نقشہ واضح کررہا ہے۔

**نقشہ ترتیب حروف اساسیہ واصلیہ درفعل رباعی**

| مقابلہ | | حروف | ۱ | ۲ | ۳ | ٤ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| میزان | فَعْلَلَ | اساسیہ | ف | ع | ل | ل |
| موزون | بَسْمَلَ | اصلیہ | ب | س | م | ل |

**حروف زائدہ:** موزون میں جو حروف میزان کے اساسی حروف کے مقابلہ میں نہ ہوں وہ زائد حروف کہلاتے ہیں۔ اب صرف فعل ثلاثی اور رباعی کی ایک مثال دی جاتی ہے کہ حروفِ اصلیہ اور زائدہ کی پہچان کرسکیں۔

**مثال فعل ثلاثی:** جیسے کہیں أکْرَمَ کا میزان اَفْعَلَ ہے تو میزان میں حروفِ اساسیہ ''ف ع ل'' اور ''أ'' زائد ہے، اور موزون میں حروفِ اصلیہ ك ر م اور أ زائد ہے۔ آئندہ نقشہ اس امر کو خوب واضح کررہا ہے۔

## نقشہ حروفِ اساسیہ/ اصلیہ/ زائدہ درفعل ثلاثی

| مقابلہ یاوزن | | حروف | ۱ | ۲ | ۳ | زائد |
|---|---|---|---|---|---|---|
| میزان | أفْعَلَ | اساسیہ | ف | ع | ل | أ |
| موزون | أكْرَمَ | اصلیہ | ك | ر | م | أ |

**نتیجۂ وزن:** کاف ۔ فاء کلمہ، را ۔ عین کلمہ، میم ۔ لام کلمہ اور ہمزہ میزان اور موزون میں حروفِ زائد ہے۔

**مثال فعل رباعی:** جیسے کہیں تَدَحْرَجَ کا میزان تَفَعْلَلَ ہے تو میزان میں حروفِ اساسیہ ''ف ع ل ل'' اور ت زائد ہے۔ اور موزون میں حروفِ اصلیہ ''د ح ر ج'' اور ت زائد ہے۔ اس کی وضاحت کے لئے آئندہ نقشہ دیکھیں۔

## نقشہ حروفِ اساسیہ/ اصلیہ/ زائدہ درفعل رباعی

| مقابلہ | | حروف | ۱ | ۲ | ۳ | ٤ | زائد |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میزان | تَفَعْلَلَ | اساسیہ | ف | ع | ل | ل | ت |
| موزون | تَدَحْرَجَ | اصلیہ | د | ح | ر | ج | ت |

**نتیجۂ وزن:** دال: فاء کلمہ، حاء: عین کلمہ، را: لامِ اول، جیم: لامِ ثانی ہے۔ باقی ''تا'' موزون و میزان دونوں میں زائد ہے۔

مندرجہ ذیل کے میزان بتائیں اور مقابلہ کر کے حروفِ اصلیہ وزائدہ کا تعین کریں۔

تَزَلْزَلَ . تَصَلْصَلَ . تَسَلْسَلَ . تَدَعْثَرَ . تشرشف

# میزان اور موزون میں موافقت

میزان اور موزون کو مندرجہ ذیل امور میں ہم آہنگ ہونا چاہئے۔

**ضبط:** حرکات وسکنات ایک جیسے ہوں۔ جیسے کَتَبَ کے لئے فَعَلَ اور عَلِمَ کے لئے فَعِلَ میزان ہوں گے۔

**حذف:** میزان سے وہی حرف کم کرنا جو موزون سے کیا گیا۔ جیسے قُلْتُ کے لئے فُلْتُ میزان ہوگا۔ دونوں سے عین کلمہ محذوف ہے۔

**اضافہ:** میزان میں اس جگہ زیادتی کی جائے گی جہاں پر موزون میں ہوگی۔ جیسے أُکْرَمَ کے لئے میزان أُفْعَلَ ہے اور فاء کلمہ سے پہلے ہمزہ زائدہ ہے۔

**تکرار:** میزان میں اسی جگہ مکرر حرف آئے گا جہاں پر موزون میں ہوگا جیسے کَرَّمَ۔ فَعَّلَ کے وزن پر ہے۔ دونوں میں عین کلمہ مکرر ہے۔

**تمرین……[۱]** حل شدہ مثال کی طرح مندرجہ ذیل ماضی (ثلاثی فعل) کے اوزان کریں اور مضارع اور وزن بتائیں۔ نیز ہر حرف کا مقام متعین کریں۔

| ماضی | میزان | فاء کلمہ | عین کلمہ | لام کلمہ | مضارع | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|
| حَمِدَ | فَعِلَ | ح | م | د | یَحْمَدُ | یَفْعَلُ |
| کَرُمَ | …… | …… | …… | …… | …… | …… |
| جَلَسَ | …… | …… | …… | …… | …… | …… |
| کَتَبَ | …… | …… | …… | …… | …… | …… |
| سَمِعَ | …… | …… | …… | …… | …… | …… |
| فَتَحَ | …… | …… | …… | …… | …… | …… |
| حَسِبَ | …… | …… | …… | …… | …… | …… |

**تمرین……[۲]** مطلوبہ افعال لائیے۔

فَعَلَ کے وزن پر ماضی جیسے نَصَرَ

فَعِلَ // // // // // // ……

فَعُلَ // // // // // // ……

يَفْعَلُ // // مضارع // يَفْهَمُ

يَفْعُلُ // // // // // // ……

يَفْعِلُ // // // // // // ……

**تمرین……[۳]** مندرجہ ذیل مضارع سے ماضی بنائیں اور میزان بتائیں۔

جیسے يَكْتُبُ مضارع سے ماضی كَتَبَ اور میزان فَعَلَ يَفْعُلُ

يَسْقُطُ // // // // // // …… // //

يَغْفِرُ // // // // // // …… // //

يَفْتَحُ // // // // // // …… // //

يَعْرِفُ // // // // // // ……// //

يَأْكُلُ // // // // // // ……// //

**تمرین……[٤]** مندرجہ ذیل ماضی (رباعی فعل) ہیں ان کے مضارع بتائیں اور ہر ماضی کا فاءکلمہ، لام اول اور لام ثانی کا تعین کریں جیسے طَمْأَنَ سے مضارع يُطَمْئِنُ ہے۔

| موزون | میزان | مقامِ حرف |
|---|---|---|
| ط | ف | فاءکلمہ ط |
| م | ع | عین کلمہ م |
| أ | لَ | لام اول أ |
| ن | ل | لام ثانی ن |

| کلمات | میزان | فاءکلمہ | عین کلمہ | لام اول | لام ثانی | مضارع |
|---|---|---|---|---|---|---|
| حَصْحَصَ | فَعْلَلَ | ح | ص | ح | ص | ....... |
| زَلْزَ لَ | ....... | ....... | ....... | ....... | ....... | ....... |
| عَسْعَسَ | ....... | ....... | ....... | ....... | ....... | ....... |
| بَعْثَرَ | ....... | ....... | ....... | ....... | ....... | ....... |
| عَنْعَنَ | ....... | ....... | ....... | ....... | ....... | ....... |
| دَمْدَمَ | ....... | ....... | ....... | ....... | ....... | ....... |
| كَبْكَبَ | ....... | ....... | ....... | ....... | ....... | ....... |

**تمرین......[۵]** مندرجہ ذیل الفاظ کا وزن کریں اور اصلی اور زائد حروف بتائیں۔ جیسے أَكْرَمَ اَفْعَلَ کے وزن پر، اس میں فَعَلَ اصلی اور "أ" زائد ہے۔

أَجْلَسَ..................................................................

اِنقَلَبَ..................................................................

اِسْتَخْرَجَ..................................................................

اِسْتَنْصَرَ..................................................................

تَبَاعَدَ..................................................................

اِقْتَتَلَ..................................................................

اِفْتَتَحَ..................................................................

زَلْزَلَ..................................................................

**تمرین......[٦]** مندرجہ ذیل الفاظ میں ہر حرف کا مقام متعین کریں۔

| الفاظ | وزن | فاءکلمہ | عین کلمہ | لام کلمہ |
|---|---|---|---|---|
| سَقَطَ | فَعَلَ | س | ق | ط |
| جَمَعَ | // | ..... | ..... | ..... |
| يَطْلُبُ | يَفْعُلُ | ..... | ..... | ..... |
| يَنْصُرُ | يَفْعُلُ | ..... | ..... | ..... |
| يَفْهَمُ | يَفْعَلُ | ..... | ..... | ..... |

## عددِ حُروف کے اعتبار سے اقسامِ فعل

حروف کی تعداد کے لحاظ سے فعل کی دو قسمیں ہیں۔

[۱] ثلاثی [۲] رباعی ہر ایک مجرد ہوگا یا مزید

**اقسامِ فعل:** عربی فعل کی کل چار اقسام ہوئیں۔[۱] ثلاثی مجرد [۲] ثلاثی مزید [۳] رباعی مجرد [٤] رباعی مزید

## ثلاثی مجرد

**تعارف:** وہ فعل ہے جس کی ماضی کے صرف تین حروف ہوں کوئی زائد حرف نہ ہو۔

جیسے نَصَرَ . سَمِعَ . کَرُمَ

**حرکاتِ ماضی:** ثلاثی مجرد ماضی کا پہلا حرف (فاءکلمہ) اور آخری حرف (لام کلمہ) ہمیشہ مفتوح ہوتے ہیں۔ درمیانی حرف (عین کلمہ) کی حرکات بدلتی رہتی ہیں۔ اس پر کبھی فتحہ، کبھی کسرہ اور کبھی ضمہ کی حرکت ہوگی۔

**اقسامِ ماضی:** اس اعتبار سے ثلاثی مجرد ماضی کی تین اقسام ہیں۔

[۱] مفتوح العین [۲] مکسور العین [۳] مضموم العین

**حرکاتِ مضارع:** مضارع ثلاثی مجرد کے چار حروف میں سے پہلا حرف تو علامتِ مضارع ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے۔ دوسرا حرف فاء کلمہ ہمیشہ ساکن ہوتا ہے۔ آخری حرف لام کلمہ مضموم ہوتا ہے۔

ثلاثی مجرد مضارع میں عین کلمہ بھی ماضی کی طرح مضموم، مفتوح، مکسور تینوں طرح آتا ہے۔

**مفہوم باب:** ثلاثی مجرد میں عین ماضی کو عین مضارع کے ساتھ ملانے سے جو صورت پیدا ہوتی ہے اسے باب یا وزن کہتے ہیں جس کی جمع ابواب یا اوزان ہے۔

**مثال:** جیسے نَصَرَ بروزن فَعَلَ ماضی مفتوح العین ہے
اور یَنْصُرُ // یَفْعُلُ مضارع مضموم العین ہے یہ ایک باب ہے۔

## قیاسی صورتیں یا اوزان

حرکتِ عین کے اعتبار سے ماضی کی تین صورتوں کو مضارع کی حرکتِ عین کی تینوں صورتوں کے ساتھ ملائیں تو نو صورتیں پیدا ہوتی ہیں۔

جیسا کہ آئندہ جدول سے واضح ہے۔

جدول قیاسی اوزان بلحاظ ماضی و مضارع

| ماضی | مضارع | | | تعداد |
|---|---|---|---|---|
| مفتوح العین | مفتوح العین | مکسور العین | مضموم العین | ۳ |
| مکسور العین | // | // | // | ۳ |
| مضموم العین | // | // | // | ۳ |

**نتیجہ اول:** اس جدول سے واضح ہوا کہ

عین ماضی کو عین مضارع سے ملانے سے ۹، اوزان پیدا ہو جاتے ہیں قیاس کا تقاضا تھا کہ ثلاثی مجرد کے ۹، ابواب ہوتے مگر تشکیلِ ابواب کے لئے آئندہ لائحہ عمل اختیار کیا گیا ہے۔

# تشکیلِ ابواب

**لائحہ عمل**: اہلِ لغت ثلاثی مجرد کے ابواب کی تشکیل میں صرف ان اوزان کا اعتبار وشمار کرتے ہیں جن کی مثالیں اور موزون لغتِ عربی میں موجود ہوں۔ جن اوزان کے لئے مثالیں اور موزون موجود نہ ہوں وہ شمار سے ساقط ہوں گے۔

**تعداد ابواب ثلاثی مجرد**: لغتِ عربی میں تتبع کے نتیجہ میں حرکتِ عین ماضی مع حرکتِ عین مضارع کے قیاسی اوزان میں سے چھ کی (موزون) مثالیں لغت میں موجود ہیں۔ یہی چھ معتبر اوزان ہیں جو ابوابِ ستہ برائے ثلاثی مجرد کہلاتے ہیں۔

آئندہ جدول برائے ابوابِ ثلاثی مجرد مندرجہ ذیل امور کو واضح کر رہا ہے۔

[۱] بلحاظ حرکتِ عین، ماضی ومضارع کے معتبر چھ اوزان

[۲] ہر صورت کی میزان

[۳] ہر صورت کی موزون ومثال

[٤] تعداد ابواب

جدول ابوابِ ثلاثی مجرد

| اوزان بلحاظ عین کلمہ | | امثلہ | | | | تعداد ابواب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | میزان | | موزون | | |
| ماضی | مضارع | ماضی | مضارع | ماضی | مضارع | |
| مفتوح العین | مضموم العین | فَعَلَ | يَفْعُلُ | نَصَرَ | يَنْصُرُ | ۱ |
| // | مکسور العین | // | يَفْعِلُ | ضَرَبَ | يَضْرِبُ | ۲ |
| // | مفتوح العین | // | يَفْعَلُ | فَتَحَ | يَفْتَحُ | ۳ |
| مکسور العین | مفتوح العین | فَعِلَ | يَفْعَلُ | سَمِعَ | يَسْمَعُ | ٤ |
| // | مکسور العین | // | يَفْعِلُ | حَسِبَ | يَحْسِبُ | ۵ |
| مضموم العین | مضموم العین | فَعُلَ | يَفْعُلُ | كَرُمَ | يَكْرُمُ | ٦ |

**موجودہ صورتیں**: اس جدول پر غور کرنے سے معلوم ہوا کہ

مفتوح العین ماضی کے ساتھ مضارع کی تینوں صورتوں کی مثالیں موجود ہیں یہ **۳** باب ہیں

مکسور العین // // // // // // // // دوصورتوں // // // // // // // // **۲** // //

مضموم العین // // // // // // // // ایک صورت کی مثال موجود ہے // **۱** // ہے

**غیر موجود صورتیں**: اس جدول سے یہ بھی واضح ہوا کہ

مکسور العین ماضی کے ساتھ مضموم العین مضارع کی مثال موجود نہیں ہے، ایک صورت کم ہوگئی

مضموم العین // // مفتوح العین/مکسور العین // // // // // // // // دوصورتیں کم ہوگئیں

نوصورتوں میں سے تین کم ہوگئیں تو چھ ابواب رہ گئے۔

**تمرین**......[ **۱** ] مندرجہ ذیل ماضی اور مضارع کے لئے میزان لکھ کر ابواب کا تعین کریں۔

جیسے: پہلی مثال ہے۔

| موزون | | میزان | | باب | |
|---|---|---|---|---|---|
| ماضی | مضارع | ماضی | مضارع | ماضی | مضارع |
| نَشَرَ | يَنْشُرُ | فَعَلَ | يَفْعُلُ | نَصَرَ | يَنْصُرُ |
| حَمِدَ | يَحْمَدُ | ..... | ..... | ..... | ..... |
| أَكَلَ | يَأْكُلُ | ..... | ..... | ..... | ..... |
| جَمَعَ | يَجْمَعُ | ..... | ..... | ..... | ..... |
| بَعُدَ | يَبْعُدُ | ..... | ..... | ..... | ..... |
| سَقَطَ | يَسْقُطُ | ..... | ..... | ..... | ..... |
| سَأَلَ | يَسْأَلُ | ..... | ..... | ..... | ..... |

**تمرین**......[۲] مندرجہ ذیل افعالِ ماضی ہیں۔ شروع میں علامتِ مضارع اور آخر میں ضمہ لگا کر مضارع بنائیں اور باب بتائیں۔

| ماضی | مضارع | باب |
|---|---|---|
| صَرَفَ | يَصْرِفُ | ضَرَبَ يَضْرِبُ |
| فَهِمَ | ........ | ............. |
| نَفَعَ | ........ | ............. |
| قَطَعَ | ........ | ............. |
| عَبَدَ | ........ | ............. |

**تمرین**......[۳] مندرجہ ذیل افعال مضارع ہیں۔ ان کی ماضی لا کر باب کا تعین کریں۔ پہلی مثال حل شدہ ہے۔

| مضارع | ماضی | باب |
|---|---|---|
| يَذْهَبُ | ذَهَبَ | فَتَحَ يَفْتَحُ |
| يَشْرَبُ | شَرِبَ | ......... |
| يَعْطَشُ | ....... | ......... |
| يَحْسُنُ | ....... | ......... |
| يَشْرُفُ | ....... | ......... |
| يَغْفِرُ | ....... | ......... |

## حروف علّت وحروف صحیحہ

کیفیت کے اعتبار سے حروفِ ہجاء کی دو قسمیں ہیں۔

[۱] حروفِ علّت [۲] حروفِ صحیحہ

**حروفِ علّت**: علّت لغت میں بیماری کو کہتے ہیں۔ علیل جس کو کوئی علّت لاحق ہو۔ حروفِ علت بھی علیل کی طرح ایک حالت پر قائم نہیں رہتے۔ اکثر اوقات حرکت کا تحمل بھی نہیں کر سکتے۔ ان کے عجز کی وجہ سے کہیں ساکن کر دیئے جاتے ہیں تو کہیں حذف کر دیئے جاتے ہیں اور کہیں کسی حرف سے بدل دیئے جاتے ہیں۔

**تعداد**: یہ تین ہیں۔ الف ۔ واو ۔ یاء

**حروفِ صحیحہ**: صحت لغت میں تندرستی کا نام ہے۔ صحیح تندرست کو کہتے ہیں۔ حروفِ صحیحہ اپنی حالت پر قائم رہتے ہیں اور ہر حرکت کو قبول کرتے ہیں۔

**تعداد**: الف۔ واو اور یاء کے علاوہ بقیہ چھبیس حروفِ ہجاء سب حروفِ صحیحہ ہیں۔

## عربی فعل کی کیفیتِ حروف کے اعتبار سے تقسیم

کیفیتِ حروف کے اعتبار سے بنیادی طور پر فعل کی دو قسمیں ہیں۔

[۱] صحیح [۲] معتل

**صحیح**: وہ فعل جس کے حروفِ اصلیہ میں خوئی حرفِ علّت نہ ہو۔

**اقسام**: صحیح کی تین قسمیں ہیں:

[۱] سالم [۲] مہموز [۳] مضاعف

**سالم**: وہ فعل ہے جس کے حروفِ اصلیہ صحیح ہوں۔ پھر کوئی حرفِ اصلی نہ ہمزہ ہو نہ ہم جنس دو حرف جیسے

نَصَرَ بروزن فَعَلَ سالم ثلاثی مجرد کی مثال ہے تینوں حروفِ اصلیہ صحیح ہیں
اَکُرَمَ // اَفُعَلَ // // مزید // // // // // // // // //
دَحُرَجَ // فَعُلَلَ // رباعی مجرد // //چاروں // // // // //

تَدَحُرجَ // تَفَعْلَلَ // //مزید // // // // // // // // //

**مہموز:** وہ فعل ہے جس کے اصلی حروف میں سے کوئی حرف ہمزہ ہو۔ اس کی مندرجہ ذیل تین صورتیں ہیں۔

[۱] مہموز الفاء: جس کا فاء کلمہ ہمزہ ہو جیسے اَکَلَ بروزن فَعَلَ

[۲] // العین: // //عین// // // //سَأَلَ // //

[۳] //اللام: // // لام// // // // قَرَأَ // //

**مضاعف:** وہ فعل ہے جس کے اصلی حروف میں ہم جنس حرف ہوں اس کی مندرجہ ذیل دو صورتیں ہیں۔

[۱] **مضاعف ثلاثی:** وہ فعل ہے جس کا عین کلمہ اور لام کلمہ ہم جنس ہوں

جیسے: رَدَّ بروزن فَعَلَ اس میں عین اور لام کلمہ دونوں 'د' ہیں۔

[۲] **مضاعف رباعی:** وہ فعل ہے جس کا فاء کلمہ اور لام اول پھر عین کلمہ اور لام ثانی ہم جنس ہوں۔

جیسے: زَلْزَلَ بروزن فَعْلَلَ ہے، اس میں فاء کلمہ اور پہلا لام 'ز' ہے، پھر عین کلمہ اور دوسرا لام 'ل' ہے۔

**ملاحظہ:** ہم جنس حروف کے وجود کو عربی قواعد میں تضعیف کہتے ہیں۔

**تمرین......** [۱] مندرجہ ذیل جملوں میں سے ہر فعل صحیح ہے، اس کی قسم اور دلیل واضح کریں، حل شدہ مثال پیشِ نظر رہے۔

مثال: کتب التلمیذ الدرس۔ کتب بروزن فعل

سالم ہے تمام حروف صحیح ہیں۔ حروف اصلیہ میں نہ ہمزہ ہے اور نہ تضعیف۔

[۱] قَرأ الوالدُ القرآنَ قَرَأَ........................

[۲] سَألَ العبدُ رَبَّہ' سَألَ........................

[۳] اَخذَ الطالبُ کِتَابَہ' اَخذَ........................

[٤] مَدَّخا لِدُ یَدَہ' مَدَّ........................

[٥] عَدَّ التَّاجِرُ النُقودَ　　　عَدَّ..........................

[٦] اَلْأن حَصْحَصَ الحَقُّ　　　حَصْحَصَ..................

**تمرین......[۲]** مندرجہ ذیل جملوں کو فعل صحیح کی مندرجہ ذیل اقسام سے پر کریں۔ پہلی مثال حل شدہ ہے۔

| جملے | مطلوبہ فعل |
|---|---|
| [١] شَرَح المدرسُ الدرسَ | سالم　　شرح |
| [٢] ..... الطالبُ القرآنَ | مہموز اللام　　------ |
| [٣] ..... الولدُ الخبزَ | 〃 الفاء　　------ |
| [٤] ..... العبدُ ربَّه | 〃 العین　　------ |
| [٥] ..... الطالبُ الدرسَ | سالم　　------ |
| [٦] مَدّ التلميذُ يَدَه‘ | مضاعف ثلاثی　　مَدَّ |
| [٧] إذَا الأرضُ زلزالَها | 〃 رباعی　　------ |

## جدول اقسامِ صحیح


صحیح
اقسام:
مہموز
مضاعف
سالم
انواع:
الفاء
العین
اللام
ثلاثی
رباعی
امثلہ:
اَكَلَ
سَأَلَ
قَرَأَ
عَدَّ
زَلْزَلَ
كَتَبَ
دَحْرَجَ
اَكْرَمَ
تَدَحْرَجَ

# اعراب

**اعراب:** لغت میں ظاہر کرنے اور واضح کر دینے کو اعراب کہتے ہیں قواعد کی رو سے کسی عامل کی وجہ سے کلمہ کے آخر میں جو تبدیلی ہو اعراب کہلاتی ہے۔

**معرب:**

وہ کلمہ جو عامل کی تبدیلی کو قبول کرلے اور اس کا آخر بدلتا رہے۔ جیسے

جَاءَ رَجُلٌ میں رجلٌ فاعل ہے جو رفعی حالت میں ہے اور اس پر ضمہ ہے۔

رَأیتُ رجُلاً // رجلاً مفعول // //نصبی // // // // // // فتحہ //

سَلَّمتُ علی رجلٍ // رجلٍ مجرور// // جری // // // // // //کسرہ //

لہٰذا رجلٌ معرب ہے جس کے آخر میں عامل کے بدلنے سے تبدیلی ہوتی رہتی ہے۔

**بِنا:** کلام میں استعمال کے دوران کسی کلمہ کا ایک حالت پر قائم رہنا اور کسی عامل کے اثر کو قبول نہ کرنا بِنا کہلاتا ہے۔

**مبنی:** وہ کلمہ جو کسی عامل کی وجہ سے آخر سے تبدیل نہ ہو۔ جیسے

جَاءَ هٰذَا اس مثال میں هٰذا فاعل رفعی حالت میں ہے۔

رَأیتُ هٰذَا// // // هذا مفعول نصبی // // // //

مَرَرْتُ بِهٰذا// // / هذا مجرور جری // // // //

مگر تینوں حالتوں میں ایک ہی صورت پر ثابت رہا۔ اس لئے هٰذا اسم اشارہ مبنی ہے۔

## اقسام اعراب وعلامات

اعراب کی چار قسمیں ہیں۔

[۱] رفع [۲] نصب [۳] جرّ [٤] جزم

### رفع: علامات اور مواقع

**تعارف رفع:** لغت میں رفع عُلُوّ اور بلندی کو کہتے ہیں۔ قواعد کی رو سے رفع کلمہ کی ایک مخصوص حالت ہے جس کی اصلی علامت ضمہ ہے۔ بعض دوسری علامات بھی اس کی قائم مقام ہوتی ہیں۔

**مرفوع:** وہ کلمہ جو حالتِ رفع میں استعمال ہو۔ انواع کلمہ میں سے اسم اور فعل دونوں مرفوع ہو سکتے ہیں۔ حرف مرفوع نہ ہوگا۔

**علاماتِ رفع:** رفع کی کل چار علامات ہیں۔ پہلی اصلی اور بقیہ اس کے قائم مقام [۱] ضمہ [۲] واو [۳] الف [٤] نون

**مقاماتِ ضمہ:** ضمہ چار جگہ رفع کی علامت ہوتی ہے۔

[۱] اسم مفرد [۲] جمع مکسر [۳] جمع مؤنث سالم [٤] فعل واحد

ہر ایک کی تعریف اور حالتِ رفع میں استعمال کی امثلہ ملاحظہ کیجئے۔

## اسمِ مفرد

**تعارف:** اعراب میں اسم مفرد سے مراد وہ مذکر یا مؤنث اسم ہے جو تثنیہ جمع یا اسماء خمسہ میں سے نہ ہو۔ جیسے خالد، خالدۃ وغیرہ۔ حالتِ رفع میں ان پر ضمہ ہوگا۔

**کیفیت ضمہ:** اگر اسم مفرد کے آخر میں ''یا'' یا ''الف'' نہ ہو تو ضمہ ظاہر ہوگا ورنہ مقدر۔

**ضمہ ظاہر کی مثال:** جیسے حَضَرَ خَالِدٌ میں حَضَرَ فعل ماضی خَالِدٌ فاعل مرفوع ہے اور رفع کی علامت ضمہ ہے جو خَالِدٌ کے آخر میں موجود ہے۔

**یائے متکلم کی طرف مضاف:** جیسے حَضَرَ اَخِیُ میں حَضَرَ فعل ماضی، اَخِیُ فاعل مرفوع ہے اور رفع کی علامت ضمہ مقدرہ ہے۔ کیونکہ أخ یاء متکلم کی طرف مضاف ہے۔

اگر اسم مفرد کے آخر میں ''یاء'' ہو تب بھی ضمہ مقدرہ ہوگا اسے اسم منقوص کہتے ہیں۔

**اسم منقوص کی مثال:** جیسے کَتَبَ القَاضِی میں کَتَبَ فعل ماضی، القَاضِی فاعل مرفوع اور رفع کی علامت ضمہ ہے جو القاضی پر مقدر ہے کیونکہ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے مقدر ہوتا ہے۔ اگر اسم مفرد کے آخر میں الف ہو تب بھی ضمہ مقدر ہوگا۔ جیسے ضرب موسیٰ میں موسیٰ پر ضمیر مقدر ہے۔

**الف پر ضمۂ مقدر کی مثال:** جیسے ذَهَبَ الفتیٰ میں ذَهَبَ فعل ماضی، الفتیٰ فاعل مرفوع ہے۔ رفع کی علامت ضمہ ہے جو الف پر مقدر ہے کیونکہ الف پر ضمہ آنا ممکن نہیں۔

**تمرین:** مندرجہ ذیل جملوں میں فاعل، اسم مفرد، مرفوع بتائیں اور علامت ضمہ ظاہرہ یا مقدرہ کو واضح کریں۔

حکم القاضِی بالعدل: حَکَمَ: فعل ماضی، اَلْقَاضِی فاعل مرفوع
علامتِ رفع ضمہ مقدر ہے کیونکہ اسم مفرد منقوص ہے

حَفِظَتْ نُعمیٰ القرآنَ ______________________

ذَهَبَ اخِی الی المدرسةِ ______________________

رَجَعَ حامدٌ من المدرسةِ ______________________

نَصَح الاُستاذُ تلمیذَه ______________________

دَخَل التلمیذُالفصل ______________________

## جمع مکسّر

**تعارف:** وہ اسم ہے جو دو سے زائد مذکر یا مؤنث پر دلالت کرے اور جمع بناتے وقت مفرد کے لفظ کی حرکات یا الفاظ میں تبدیلی واقع ہو۔ مفرد میں تغیر کی مندرجہ ذیل صورتیں ہیں:

[١] **مفرد کلمہ کی حرکات بدلیں:** جیسے اَسَدٌ کی جمع اُسُدٌ ہے۔ مفرد اور جمع کے حروف ایک جیسے ہیں۔ صرف حرکات میں تبدیلی ہے۔

[٢] **مفرد کے حروف میں کمی ہو:** جیسے تُهْمَةُ کی جمع تُهَمٌ ہے۔ جمع میں مفرد کے حروف میں سے ت کم ہوگئی باقی حروف اپنی حالت پر ہیں۔

[٣] **مفرد کے حروف میں زیادتی ہو:** جیسے صِنْوٌ اس کی جمع صِنْوَانٌ ہے۔ جمع میں مفرد کے حروف بڑھ گئے۔

[٤] **مفرد کے حروف میں زیادتی اور حرکات میں تبدیلی ہو** جیسے سَبَب کی جمع اَسْبَاب ہے۔ مفرد کے حروف میں تبدیلی ہوئی اور حرکات میں بھی تبدیلی آئی۔

[٥] **مفرد کے بعض حروف میں زیادتی ہو اور بعض میں کمی واقع ہو نیز حرکات میں بھی تبدیلی ہو:** جیسے کَرِیْم کی جمع کُرَمَاء ہے۔ جمع میں یاء کم ہوئی الف اور ہمزہ بڑھ گئے اور حرکات

بھی بدل گئیں۔

**ملاحظہ:** جمع بناتے وقت مذکورہ صورتوں میں سے کوئی صورت بھی پائی گئی تو لفظ جمع مکسر ہوگا۔ جس پر رفع کی حالت میں ضمہ آئے گا۔

**جمع مکسّر کا حالتِ رفع میں استعمال:** جیسے کہیں كَتَبَ التلامِيذُ اس میں كَتَبَ فعل ماضی، اور التلاَمِيذُ فاعل مرفوع بالضمہ ہے، تلاميذ // تلميذ کی جمع مکسر ہے جو مفرد کے لفظ میں تغیر کے ساتھ بنائی گئی ہے۔

**تمرین:** مندرجہ ذیل صرف پانچ مفرد یا جمع کو حالتِ رفع میں استعمال کریں۔

قَلَم . وَرَق . بَطَل . اَصْفَرُ . كَاتِب . طَالِب . نَمِر . سُرُر . كُتُب . اَسْبَاب . حُمُر . بِيُض .
ذِئَاب . سرِير . كِتَاب . سَبَب . اَحْمَر . اَبْيَض . ذِئْب .

## جمع مؤنث سالم

**تعارف:** وہ اسم جو دو سے زائد مؤنث پر دلالت کرے اور اس کے آخر میں الف تا (ات) آئے جیسے صالحة سے جمع مؤنث سالم صالحات ہے۔ جمع مؤنث سالم پر حالتِ رفع میں ضمہ ہوتا ہے۔

**کیفیتِ ضمّہ:** اگر جمع مؤنث سالم یاءِ متکلم کی طرف مضاف نہ ہو تو ضمہ ظاہر ہوتا ہے ورنہ مقدرہ.

**ضمّہ ظاہرہ کی مثال:** جیسے المسلماتُ صالحاتٌ میں ''المسلماتُ'' مبتدا مرفوع، علامتِ رفع ضمہ ظاہرہ ہے، ''صالحاتٌ'' خبر مرفوع اور علامتِ رفع ضمہ ظاہرہ ہے۔

**ضمّہ مقدرہ کی مثال:** جیسے هذه بقراتی میں هذہ مبتدأ، بقراتی خبر مرفوع اور علامتِ رفع ضمہ ہے جو بقرات پر مقدر ہے کیونکہ وہ یاءِ متکلم کی طرف مضاف ہے۔

**تمرین......[ ۱ ]** مندرجہ ذیل جملوں میں جمع مؤنث سالم کی مثالیں مرفوع استعمال ہوئی ہیں واضح کریں۔ پہلی مثال حال شدہ ہے۔

خَرَجتِ المدرساتُ. خَرَجتُ فعل ماضی، المدرسات فاعل مرفوع علامتِ رفع ضمہ ظاہرہ ہے۔

دَخَلَتِ الطالباتُ ..............................

حَضَرَتِ المسلماتُ..............................

كَثُرَتِ المبارياتُ..............................

تَسْعَى الحكوماتُ لحلِّ المشكلاتِ..................

تُشْرِفُ الطَبيباتُ علَىٰ علاجِ المرضىٰ .................

**تمرین......[۲]** جمع مؤنث سالم کے مفردات لکھیں۔

| جموع | مفردات |
|---|---|
| المُسْلِمَات | ......... |
| المباريات | ......... |
| السَيَّارات | ......... |
| قَانِتَات | ......... |
| بَقَرَات | ......... |

## فعلِ واحد

**تعارف:** مضارع کی وہ مثالیں جو الف تثنیہ، واو جمع، نون جمع مؤنث اور یاء مخاطبہ سے خالی ہوں فعل واحد اس لئے کہلاتی ہیں کہ مفرد مثال کی طرح ضمائر ظاہرہ سے خالی ہیں۔

**تعداد:** تصریف فعل مضارع میں یہ کل مندرجہ ذیل پانچ مثالیں ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| يَفْعَلُ | ........ | مفرد مذکر غائب |
| تَفْعَلُ | ........ | // مونث // |
| تَفْعَلُ | ........ | // مذکر مخاطب |
| اَفْعَلُ | ........ | // متکلم |
| نَفْعَلُ | ........ | تثنیہ و جمع متکلم |

**حالتِ رفع:** فعل واحد اگر جازم۔ ناصب یا نون تاکید سے خالی ہوتو مرفوع ہوگا اور علامتِ رفع ضمہ ہوگا۔

**کیفیت ضمّہ:** (ا) فعل واحد صحیح الاخیر ہوتو ضمہ ظاہر ہوگا ورنہ مقدر
(ب) فعل واحد کے آخر میں واؤ ہوتو واؤ پر آخر میں ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے مقدر ہوگا
(ج) // // // // // // // یاء// یاء پر ضمہ ثقیل ہونے// // // // // // // //
(د) // // // // // // // الف//الف پر کوئی بھی حرکت ناممکن// // // // // //

آئندہ فعل واحد کا حالتِ رفع میں جدول ہے جو اس کے احوال اور ضمہ ظاہرہ اور مقدرہ کی کیفیت کو واضح کر رہا ہے۔

## جدول فعل واحد حالتِ رفع

| احوال | صحیح الاخیر | معتل الاخیر / آخر میں | | |
|---|---|---|---|---|
| | | واؤ | یاء | الف |
| مفرد مذکر غائب | یَنْصُرُ | یَدْعُوْ | یَقْضِیْ | یَرْضٰی |
| // مؤنث // | تَنْصُرُ | تَدْعُوْ | تَقْضِیْ | تَرْضٰی |
| // مذکر مخاطب | // | // | // | // |
| // متکلم | اَنْصُرُ | اَدْعُوْ | اَقْضِیْ | اَرْضٰی |
| تثنیہ وجمع متکلم | نَنْصُرُ | نَدْعُوْ | نَقْضِیْ | نَرْضٰی |
| کیفیت ضمّہ | ضمّہ ظاہر ہے | ضمّہ مقدر ہے | | |

**تمرین**......[۱] مندرجہ ذیل میں سے (فعلِ واحد) مرفوع بالضمہ بتائیں اور کیفیت ضمہ ظاہرہ یا مقدرہ واضح کریں۔

[۱] اَخِی یدرسُ فی الصفِّ الثامِن.
[۲] اَنا احفظُ القرآنَ الکریمَ.
[۳] فَاطِمةُ تکتبُ الرسالةَ.

[٤] **انت تحفظُ الدرسَ.**

[٥] **نحن نعملُ اربع ساعاتٍ.**

**تمرین......[۲]** مندرجہ ذیل جملوں میں مناسب **فعل** واحد سے خالی جگہ پر کریں۔ (علامتِ رفع ضمہ ہوگی)۔

[١] **محمدٌ ......... القرآنَ**

[٢] **عليٌّ ......... الرسالةَ**

[٣] **الأستاذُ ......... اللغةَ العربيةَ**

[٤] **أخوكَ ......... صلاةَ الفجر**

[٥] **أبوكَ ......... بالطائرةِ**

## جدول مواقع ضمہ اور کیفیت

| مواقع | امثلہ | | |
|---|---|---|---|
| اسم مفرد | مذکر | ضمہ ظاہرہ | **كتب محمدٌ** |
| // | // | //مقدرہ | **ذهبَ الفتىٰ** |
| // | مؤنث | ضمہ ظاہرہ | **كتبتُ فاطمةُ** |
| // | // | //مقدرہ | **كتبتُ بشرىٰ** |
| جمع مکسر | مذکر | ضمہ ظاہرہ | **ذهب العمالُ** |
| // | // | // مقدرہ | **خرج الأسَارىٰ** |
| // | مؤنث | ضمہ ظاہرہ | **كَثُرَتِ الاَزُهَارُ** |
| // | // | // مقدرہ | **قَرَأَتِ الُعَذارىٰ** |
| جمع مؤنث سالم | | ضمہ ظاہرہ | **وَصَلتِ المسافراتُ** |
| // | | // مقدرہ جب یاء متکلم کی طرف مضاف ہو | **هٰذه شَجَرَاتِى** |

| | | | |
|---|---|---|---|
| فعل واحد مضارع کی وہ مثالیں جو ضمائر ظاہرہ سے خالی ہوں اور جب ان پر ناصب و جازم داخل نہ ہو۔ | مفرد مذکر غائب | يَفْعَلُ | ضمہ ظاہرہ علامتِ رفع ہے |
| | مفرد مؤنث غائب | تَفْعَلُ | // |
| | مفرد مذکر مخاطب | // | // |
| | مفرد متکلم | اَفْعَلُ | // |
| | تثنیہ وجمع متکلم | نَفْعَلُ | // |

## ’’واؤ‘‘ بطورِ علامتِ رفع

واو دو جگہ رفع کی علامت ہوتی ہے۔

[۱] جمع مذکر سالم [۲] اسماء خمسہ

**[۱] جمع مذکر سالم:** مذکر کی وہ جمع جو دو سے زائد پر بولی جائے اور اس کے آخر میں و ن / ی ن ہو۔ جیسے فَرِحَ المسلمونَ میں المسلمون فاعل مرفوع ہے اور ضمہ کے بجائے رفع کی علامت واو ہے۔

**[۲] اسماء خمسہ:** سے مراد مندرجہ ذیل پانچ اسماء ہیں۔

[۱] أبوکَ : ذَهَبَ أَبُوکَ
[۲] أخوکَ : حَضَرَ أخُوکَ
[۳] حَمُوْکِ : جَاءَ حَمُوْکِ
[٤] فُوْکَ : هذا فُوْکَ
[۵] ذُوْمَالٍ : هوذُوْمَالٍ

ان سب مثالوں میں اسماء خمسہ مرفوع استعمال ہوئے ہیں اور رفع کی علامت واو ہے۔

**شروطِ استعمال:** اسماء خمسہ کے اس طرح استعمال کے لئے مندرجہ ذیل شروط کا ہونا ضروری ہے۔

[۱] مفرد ہوں۔
[۲] تصغیر کی حالت میں نہ ہوں بلکہ مکبرہ ہوں۔
[۳] مضاف ہوں۔
[٤] اضافت یاء متکلم کی طرف نہ ہو۔

**تمرین......[۱]** مندرجہ ذیل جملوں میں جمع مذکر سالم اور علامتِ رفع واضح کریں پہلی مثال حل شدہ ہے۔

[۱] **دَخَـلَ المسلمونُ المسجدَ:** دخل: فعل ماضی، **المسلمون** فاعل مرفوع، علامتِ رفع واو۔

[۲] **حَضَرَ المُهَنْدِسُونَ لزيارةِ المشروعِ**

[۳] **شَرَحَ المدّرسُون الدروسَ**

[٤] **اِجْتَمعَ المَسئُولونَ لمناقشةِ الموضوعِ**

[۵] **نَزَلَ اللّاعبونَ اِلى ارضِ الملعبِ**

**تمرین......[۲]** مندرجہ ذیل جملوں کو مناسب جمع مذکر سالم سے پر کریں اور علامت رفع بتائیں۔

[۱] **قد أفلح**..................

[۲] **فَرِحَ**......................

[۳] **لقد قامَ**....................

[٤] **فازَ** .................**فى الاختبار**

[۵] **اجتَمعَ**....................

**تمرین......[۳]** مندرجہ ذیل جملوں کو مناسب اسماءِ خمسہ سے پر کریں اور علامتِ رفع واو کو واضح کریں۔

[۱] ....................**صَدِيقى**

[۲] ....................**يُصَلِّى فى المسجدَ**

[۳] ....................**حضَرَ**

[٤] ....................**فِى البيتِ**

[۵] **هذا**....................

# ”الف“ اوراس کا موقع

الف صرف ایک جگہ (اسم تثنیہ) میں رفع کی علامت ہوتی ہے۔

**اسم تثنیہ:** سے مراد وہ اسم ہے جو دو مذکر یا مؤنث پر دلالت کرے۔ یہ مفرد کے لفظ میں **الف نون** بڑھا کر بنایا جاتا ہے۔ تا کہ حرفِ عطف اور معطوف کی ضرورت نہ رہے۔

مثلاً اگر ہمیں یہ بتانا ہو کہ **عُمَر** اور **عمر** یعنی دو عمر آئے تو بجائے اس کے کہ کہیں **حَضَرَ عمرُ و عـمرُ** ہم کہیں گے **حَضَرَ العُمر ان** اس میں **العمران** فاعل تثنیہ ہے جو مرفوع بالالف ہے اور مفرد لفظ **عُمَر** کے آخر میں الف اور نون کے بڑھانے سے حرفِ عطف واو اور معطوف **عمر** کی ضرورت نہ رہی۔

**تمرین……[ ۱ ]** مندرجہ ذیل میں تثنیہ مرفوع بتائیں اور علامت رفع واضح کریں۔

[۱] نَجَحَ الطالبانِ میں نَجَحَ :فعل ماضی۔ الطالبان فاعل مرفوع، علامتِ رفع: ا

[۲] قَابَلَ الصّديقَانِ بالفرحِ

[۳] اِسْتَقَبلَ الولدانِ وَالدَيْهِماَ

[٤] وَصَلَ الوزيرانِ لحضورِ المؤتمرِ

[۵] التلميذانِ مجتَهِدَانِ فى الدروس

**تمرین……[ ۲ ]** مندرجہ ذیل جملوں میں خالی جگہ کو تثنیہ اسماء سے پر کریں۔

[۱] سافرَ ................اِلى كراتشى

[۲] حضرَ ................مِن لاهور

[۳] هٰذان................

[٤] خرجَ................

[۵] جَلَسَ................

# نون

نون صرف ایک جگہ کلمہ کے مرفوع ہونے کی علامت ہے اور یہ جگہ افعالِ خمسہ ہیں۔

**افعالِ خمسہ:** سے مراد مضارع کے وہ صیغے ہیں جن کے آخر میں مندرجہ ذیل ضمائر ہوں۔

[١] الف تثنیہ [٢] واوجمع [٣] یا مخاطبہ

**الف تثنیہ:** چار جگہ پر آتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| [١] | تثنیہ مذکر غائب | یَفْعَلَان |
| [٢] | // مؤنث // | تَفْعَلَانِ |
| [٣] | // مذکر مخاطب | تَفْعَلَانِ |
| [٤] | // مؤنث // | تَفْعَلَانِ |

چاروں جگہ نون مکسور ہے اور نون کا وجود مضارع کے رفع کی علامت ہے۔

**واوجمع:** دو جگہ پر آئے گی۔

[١] جمع مذکر غائب یَفْعَلُونَ

[٢] // // مخاطب تَفْعَلُونَ

دونوں جگہ نون مفتوح ہے اور نون کا وجود مضارع کے مرفوع ہونے کی علامت ہے۔

**یاءِ مخاطبہ:** یہ صرف ایک جگہ آتی ہے اور وہ مفرد مؤنث مخاطب ہے۔ اس جگہ نون مفتوح ہے اور اس کا وجود مضارع کے مرفوع ہونے کی علامت ہے۔ مفرد مؤنث مخاطب: تَفْعَلِينَ

**افعالِ خمسہ:** یہ کل سات صیغے ہیں مگر تثنیہ میں چار کے بجائے دو شمار ہوں گے کیونکہ تین صیغے ایک شکل کے ہیں۔ اس لحاظ سے استعمال میں سات اور عدد میں پانچ صیغے ہیں۔ اسی وجہ سے ان کو افعالِ خمسہ کہا جاتا ہے۔

**تمرین......[۱]** مندرجہ ذیل میں افعالِ خمسہ اور ان میں علامتِ رفع بتائیں۔ پہلی مثال حل شدہ ہے۔

[۱] التلمیذانِ یکتبانِ الدرس یکتبانِ :فعل مضارع مرفوع (افعالِ خمسہ میں سے) علامتِ رفع نون ہے۔

[۲] المدرسُونَ یَدخلونَ المدرسةَ ..........................................

[۳] انتِ تقرئین القرآنَ ..........................................

[٤] انتم تذھبونَ الی المسجدِ ..........................................

[۵] ھُمْ یجلسون علی الارضِ ..........................................

**تمرین......[۲]** مندرجہ ذیل افعالِ خمسہ کو جملوں میں استعمال کریں مرفوع حالت میں ہوں اور ان کے رفع کی علامت بتائیں۔

[۱] یلعبانِ

[۲] تکتبینَ

[۳] تجلسانِ

[٤] یذھَبونَ

[۵] تفتَحونَ

**تمرین......[۳]** مندرجہ ذیل اسماء کے ساتھ مناسب فعل (افعالِ خمسہ میں سے) لگا کر جملے مکمل کریں۔

[۱] الطالبانِ ..........................

[۲] المسلمونَ ..........................

[۳] المتَّقُون ..........................

[٤] الوَلَدَانِ ..........................

[۵] انتِ ..........................

**تمرین......[٤]** مندرجہ ذیل خالی جگہ کو مناسب افعالِ خمسہ سے پر کریں۔

[۱] أنتما ..................الدرسَ.

[۲] المدرسونَ .............إلى المدرسةِ.

[۳] أنت يا فاطمةُ...........الكتابَ.

[٤] أنتُمْ...................صلاةَ المغربَ.

**تمرین......[۵]** مندرجہ ذیل میں مرفوع بالضمہ/ مرفوع بالالف/ مرفوع بالواو اور مرفوع بالنون بتائیں۔

قال الرجلُ لابِنهٖ مالک لا تَذْهَبُ الى المدرسةِ، قال اللّٰہ تعالیٰ "قد اَفلحَ المؤمنون الذينَ همُ فى صلاتِهمُ خاشعونَ قال لى اخوک "اذهب الى المسجدِ"، ذَهَب ابُوک الى السوق، سَافَرَ الشريفانِ الى مكةَ، حَضَرَ الولدان المدرسة، همايقومان فى الصفِّ، انت تقرئين القرآن، هم يَكتُبونَ دروسَهُم، انت تَحُفَظِينَ القرآن، اَنَا اَقْرأ اُلحديُث، اَنُتَ تَكُتُبُ الدَّرُسَ.

## سوالات

[۱] جمع مؤنث سالم کا اعراب بتائیں اور رفع، نصب، جرّ کی الگ الگ مثال پیش کریں؟

[۲] فعل مضارع معتل الآخر مجزوم کی پانچ مثالیں لکھیں؟

[۳] فعل مضارع صحیح الآخر مجزوم کی پانچ مثالیں لکھیں؟

[٤] تثنیہ کا اعراب بتائیں اور ہر نوع کو مثال سے واضح کریں؟

[۵] جمع مذکر سالم کس طرح مرفوع ہوگا اور کس طرح منصوب اور مجرور؟

[٦] اسماء خمسہ کی رفعی، نصبی اور جری حالت بتائیں اور امثلہ سے واضح کریں؟

**تمرین......[۱]** مندرجہ ذیل کلمات کو مرفوع، منصوب اور مجرور استعمال کریں اور ہر حالت میں علامت بتائیں۔

المدرسَة . الطالِب . الدفتَر . القَلمَ . المدرِّس .

**تمرین......[۲]** مندرجہ ذیل کومنصوب اور مجرور استعمال کریں اور علامت بتائیں۔

اَبُوک . المسلمُونَ . الطالبات . المسلمات .

**تمرین......[۳]** مندرجہ ذیل کوتثنیہ بنا کرایک بارمرفوع اوردوسری منصوب استعمال کریں۔

الوَالدِ . الحَدِیْقَة . الکتَاب . المدْرَسَة .

**تمرین......[٤]** مندرجہ ذیل کو جمع مذکر سالم بنا کر جملوں میں مرفوع ،منصوب اور مجرور استعمال کریں۔

الصالِحُ . المُؤْمِن . المُخْلِص . المدرس .

## رفع کی علامت اوران کے مواقع

| علامات | مواقع | امثلہ وملاحظات |
|---|---|---|
| ضمّہ | اسم مفرد | کَتَبَ مُحَمّدٌ خط کشیدہ الفاظ |
| | جمع مکسر | جَلَسَ الرِّجَالُ مرفوع اور |
| | جمع مؤنث سالم | قَرَأتِ المسلماتُ علامتِ رفع ضمہ ہے |
| | فعل واحد | یَفْعَلُ .تَفْعَلُ . اَفْعَلُ . نَفْعَلُ |
| الف | تثنیہ (اسم) | نجح الطالبانِ /الطالبان فاعل مرفوع اور علامتِ رفع الف ہے |
| واو | جمع مذکرسالم | فَازَ المجتهدُون فاز :فعل ماضی<br>المجتهدُونَ فاعل مرفوع علامتِ رفعِ واو ہے۔ |
| | اسماءخمسہ | جَاءَ اخُوکَ . ابُوکَ . حمُوک. فُوکَ . ذومالٍ<br>ان سب کا واو رفع کی علامت ہے۔ |
| نون | افعالِ خمسہ | مضارع کے یہ صیغے |
| | | یَفْعَلانِ یفْعَلُونَ تفْعَلان تفْعَلُونَ تفْعَلِینَ<br>ناصب وجازم سے خالی<br>ہونے کے سبب مرفوع ہیں<br>اور رفع کی علامت نون ہے۔ |

# نصب۔ علامات اور مواقع

**نصب:** لغت میں نصب کا معنی برابر ہونا ہے۔ قواعد کی رو سے کلمہ کی ایک مخصوص حالت ہے جس کی علامتِ اصلی فتحہ ہے اور بعض دوسری علامات اس کے قائم مقام ہوتی ہیں۔

**منصوب:** وہ کلمہ جو استعمال کے وقت نصبی حالت میں ہو۔ کلمہ کی دو قسمیں اسم اور فعل منصوب استعمال ہو سکتے ہیں۔

**علاماتِ نصب:** [۱] فتحہ [۲] الف [۳] کسرہ [٤] یاء [۵] حذفِ نون

**مواقع فتحہ: فتحہ تین جگہ نصب کی علامت ہوگی،** [۱] اسم مفرد [۲] جمع تکسیر [۳] فعلِ واحد ''یعنی مضارع حرفِ نصب کے بعد''

## اسم مفرد

اسم مفرد کی تعریف پہلے گذر چکی ہے۔ وہ اسم جو مذکر ہو یا مؤنث (مثنی، جمع یا افعالِ خمسہ میں سے نہ ہو) جیسے خالدٌ۔ حامدٌ۔ وغیرہ۔ حالت نصب میں اس پر فتحہ ہوگا۔

**کیفیت فتحہ:** اسم مفرد پر فتحہ عموماً ظاہر ہوتا ہے۔ اگر اسم مفرد کے آخر میں الف ہو یا وہ یاء متکلم کی طرف مضاف ہو تو فتحہ مقدر ہوگا۔

**فتحہ ظاہرہ کی مثال:** جیسے کہیں کتب الطالبُ الدرسَ . کتب: فعل ماضی، الطالبُ: فاعل مرفوع، الدرس: مفعول بہ منصوب ہے اور نصب کی علامت فتحہ ظاہرہ ہے۔

**آخر میں الف/فتحہ مقدرہ کی مثال:** جیسے لقیتُ الفتیٰ لقیت: فعل و فاعل، الفتیٰ: مفعول بہ منصوب ہے اور نصب کی علامت فتحہ مقدرہ ہے کیونکہ آخر میں الف ہے اور اس پر حرکت ناممکن ہے۔

**یاء متکلم کی طرف مضاف:** جیسے حَدَّثْتُ اَخِی، حدّثتُ: فعل و فاعل، اَخِی مفعول بہ منصوب علامتِ نصب فتحہ مقدرہ ہے کیونکہ اخ یاء متکلم کی طرف مضاف ہے۔

**تمرین......[ ۱ ]** اسم مفرد منصوب بتائیں اور علامتِ نصب واضح کریں۔

بعثُ الکتابَ . بعثُ: فعل وفاعل، الکتابَ: مفعول بہ منصوب، علامتِ نصب فتحہ ظاہرہ ہے۔

تکلَّمُتُ اَخِی . تکلمتُ: فعل وفاعل، اَخِیُ: مفعول بہ منصوب علامتِ نصب فتحہ مقدرہ ہے۔

زُرُتُ الحدیقةَ القدیمةَ........................

قَطَفُتُ الزھرةَ........................

اشتریُتُ القلمَ ........................

**تمرین......[ ۲ ]** مندرجہ ذیل جملوں میں خالی جگہ اسم مفرد منصوب سے پر کریں اور ہر جملہ کی ترکیب نحوی کریں۔

[ ۱ ] اِشُتَریٰ خالدٌ ..................

[ ۲ ] کَتَبَ الطالبُ ..................

[ ۳ ] قَرَأَتِ الُبنتُ ..................

[ ٤ ] نَصَحَ اْلأبُ ..................

[ ۵ ] دَخَلَتِ المُدَرِّسةُ..................

**تمرین......[ ۳ ]** مندرجہ ذیل مفردات کو جملوں میں منصوب استعمال کریں اور علامتِ نصب بتائیں۔

المدرسة . المسجِد . الدَرُس . الکِتَاب . الفَرَس .

## جمع مُکسّر

جمع مکسر کی تعریف پہلے گزر چکی ہے (وہ لفظِ جمع جس میں مفرد کے لفظ میں تغیر ہو) حالت نصب میں اس پر فتحہ ہوگا۔

**کیفیتِ فتحہ:** جمع مکسر پر عموماً فتحہ ظاہر ہوتا ہے۔ اگر آخر میں الف ہو یا ''یاءِ متکلم'' کی طرف مضاف ہو تو فتحہ مقدر ہوگا۔

**فتحہ ظاہرہ کی مثال:** جیسے ''کَتَبَ الطالبُ الدُرُوسَ'' میں کَتَبَ: فعل ماضی، الطالبُ: فاعل مرفوع، الدُرُوسَ: مفعول بہ منصوب اور علامتِ نصب فتحہ ہے جو اس پر ظاہر ہے۔

**فتحہ مقدرہ کی مثال:** جیسے قرآن میں ہے ”وَانْکِحُوا الأَیَامیٰ مِنْکُمْ“ اس میں اَنْکِحُوْا: فعل وفاعل، الایامیٰ: مفعول بہ منصوب، علامتِ نصب فتحہ ہے جو الف پر مقدر ہے کیونکہ اس پر حرکات کا آنا مشکل ہے۔ دوسری مثال کَتَبْتُ دُرُوْسِیْ میں کَتَبْتُ: فعل وفاعل، دُرُوْسِیْ: مفعول بہ منصوب، علامت نصب فتحہ ہے کیونکہ یاء متکلم کی طرف مضاف ہے۔

## مواقع کسرہ (بطور علامتِ نصب)

کسرہ صرف جمع مؤنث سالم میں نصب کی علامت ہوتا ہے۔

**جمع مؤنث سالم:** جمع مؤنث سالم کی تعریف پہلے گزر چکی ہے (جس میں مفرد مؤنث کے حروف کی ترتیب نہ بدلے)۔ حالت نصب میں اس کے آخری حرف پر کسرہ آئے گا جو اس کے نصب کی علامت ہے جیسے احترمتُ المجتهداتِ اس جملے میں اِحْتَرم: فعل تُ: فاعل اور المجتهداتِ: جمع مؤنث سالم منصوب ہے کیونکہ مفعول ہے اور نصب کی علامت کسرہ ہے۔

**تمرین......[۱]** مندرجہ ذیل جملوں میں جمع مؤنث سالم نصبی حالت میں بتائیں۔

بطور نمونہ حل شدہ مثال پر غور کریں۔

یَغْفِرُ اللهُ السیئات، یغفر: فعل، اللهُ: فاعل، السیئات: مفعول بہ منصوب علامتِ نصب کسرہ ہے۔

[۱] کَتَبَ الطالباتُ صَفُحَاتٍ من الکتابِ..................

[۲] زرتُ المکتباتِ الکثیرة ..................

[۳] احترمتُ الصالحاتِ ..................

[٤] قَدَّمَتِ الحکومةُ المساعداتِ ..................

[۵] اِنّ الحسَناتِ یُذْهِبْنَ السیئاتِ ..................

**تمرین......[۲]** مندرجہ ذیل جملوں میں مفردات کو جمع مؤنث سالم میں تبدیل کریں۔

تَحترمُ الطالبةُ المدرّسةَ — جیسے تَحْتَرِمُ الطالباتُ المدرِّساتِ

اِنّ الحکومةَ تَنْشُر العلومَ — // ..................

تَشْكُرُ المريضةُ الطبيبةَ // ........................

رَكبتُ السيّارةَ // ........................

لَا تَنكِحَوا المشركةَ // ........................

**تمرین ......[۳]** مندرجہ ذیل جمع مؤنث سالم کو مفرد حالت میں تبدیل کر کے درست جملے لکھیں۔

جمع حالت مفرد حالت

[۱] حَافِظُوا على الصلوات حافظوا على الصلوة.

[۲] زَارَ المسئولونَ الشركاتِ........................

[۳] اِنّ الأمهاتِ يَخْدِمْنَ الاولاد ........................

[٤] المدرساتُ يدَرّسْنَ الطالبات........................

[۵] نَشَرتِ الصحيفةُ مقالات علمية........................

[٦] تَشْكُرُ المومناتُ رَبّهُنَّ........................

[۷] الصالحاتُ قانتاتٌ........................

[۸] المؤمناتُ عابداتٌ........................

**تمرین ......[۱]** مندرجہ ذیل جملوں میں جمع مکسر منصوب بتائیں اور علامتِ نصب واضح کریں۔

[۱] نصحت اَبْنَائي .نصحت : فعل وفاعل، ابنائی : مفعول بہ منصوب علامتِ نصب فتحہ مقدرہ۔

[۲] كَتَبَ التلميذُ الدُرُوسَ ........................

[۳] بَنَتِ الحُكُومةُ البُيُوتَ ........................

[٤] نَظّفَ العُمَّالُ الشوارعَ ........................

[۵] قرأتُ القِصَصَ ........................

[٦] اِحْتَرمتُ العَذَارىٰ ........................

[۷] تَرَى النَّاسَ سُكَارىٰ ........................

**تمرین......[۲]** مندرجہ ذیل جملوں میں جمع مکسر منصوب اسماء استعمال کریں اور علامتِ نسب بتائیں۔

[۱] حَارَبَ الجَیْشُ.......................................
[۲] یُحِبُّ الوالدُ .......................................
[۳] یَنْصَحُ المدرّسُ .......................................
[٤] اِشْتَری التلمیذُ.......................................
[۵] یَجْمَعُ خَالِدٌ .......................................

**تمرین......[۳]** مندرجہ ذیل جملوں میں مفردات کوجمع مکسر میں تبدیل کر کے جملے لکھیں۔

| | |
|---|---|
| زَارَ التلمیذُ الحدیقةَ | جیسے زَارَ التلامیذُ الحدائقَ |
| اِشتری الطالبُ الکتابَ | // ........................ |
| ذهَبَ العاملُ الی المصنع | // ........................ |
| قَرَأَ الْوَالِدُ الصَحِیْفَة | // ........................ |
| یُحِبُّ الطِفلُ اللُعْبَةَ | // ........................ |

**تمرین......[٤]** مندرجہ ذیل جملوں میں جمع مکسر کومفردات میں تبدیل کر کے جملے دوبارہ لکھیں۔

| حالتِ جمع | مفرد حالت |
|---|---|
| [۱] اَخَذَ الطُّلَّابُ کُتُبَهُمْ | اخذَ الطالبُ کِتابه‘ |
| [۲] نَصَحَ الأباءُ ابناءَ هم | ...................... |
| [۳] کَتَبَ الطُّلَّابُ دُروسَهُمْ | ...................... |
| [٤] اِجتمعَ الرُؤسَاءُ بالوفودِ | ...................... |
| [۵] تُشْفِقُ الأمَّهاتُ علی الاولادِ | ...................... |
| [٦] حَضَرَ التلامیذُ فصُولَهم | ...................... |
| [۷] سَأل الاَطِبَّاءُ عَنِ المرضیٰ | ...................... |

# فعلِ واحد

فعل واحد کی تعریف پہلے گزر چکی ہے (فعل مضارع جب ضمائر الف/ واو/ یاء/نون سے خالی ہو)، حرفِ نصب داخل ہونے سے اس پر فتحہ آئے گا۔

**کیفیتِ فتحہ:** فعل واحد کا آخری حرف اگر صحیح یا حرفِ علت یاء ہو تو فتحہ ظاہر ہوگا اور اگر آخر میں الف ہو تو فتحہ مقدر ہوگا۔

آئندہ جدول فعل واحد جو احوال اور حالتِ نصب میں فتحہ ظاہرہ اور مقدرہ کو واضح کر رہا ہے۔

## جدول فعلِ واحد حالتِ نصب

| احوال | صحیح الآخر | آخر میں یاء | آخر میں الف |
|---|---|---|---|
| مفرد مذکر غائب | لن یَّکْتُبَ | لَنْ یَّرْمِیَ | لَنْ یَّرْضیٰ |
| // مؤنث // | لن تَکْتُبَ | لن تَرْمِیَ | لن تَرْضیٰ |
| // مذکر مخاطب | // | // | // |
| // متکلم | لن اَکْتُبَ | لن اَرْمِیَ | لن اَرْضیٰ |
| تثنیہ و جمع متکلم | لن نَکْتُبَ | لن نَرْمِیَ | لن نَرْضیٰ |
| کیفیت فتحہ | فتحہ ظاہر ہے | | فتحہ مقدر ہے |

**تمرین......[ ۱ ]** مندرجہ ذیل میں فعل مضارع منصوب اور علامتِ نصب بتائیں۔

لن تُسَافِر إلى لندنَ. لن: حرفِ نصب، تسافر: مضارع منصوب علامتِ نصب فتحہ ظاہرہ۔

اَتَمَنّیٰ اَنْ تَنْجَحَ فی الامتحانِ ........................

لَنْ اُھمِلَ فی دروسی ........................

ذَهَبَ عليٌّ إلى المسجدِ ليصلي المغرب........................

لَنْ تُسافِرَ إلى اَمْرِيْكَا........................

فاطمةُ لن تَسْمَعَ الكلامَ........................

حَميدٌ لن يَجْلِسَ على الكرسِيّ ........................

**تمرین......[ ۲ ]** مندرجہ ذیل عبارت میں مضارع منصوب، ناصب اور علامتِ نصب بتائیں اور اردو ترجمہ کریں۔

**يَـا ايُّهَا الطالبُ النجيبُ .عليكَ اَنْ تستيقظَ مبكّراً. وَاَنْ لاَ تكسلَ فى أداءِ صلاة الـفـجـرِ بـجـمـاعـةٍ .كما يجبُ عليك أن تستمِعَ إلى شـرح الـمدرِّسِ وأن لا تهمِلَ فى دروسِكَ حتى تـنـجـحَ فـى الاختبارِ وَبعدَ صلاة الظهرِ عليك انْ تستذكِرَ فِى البيتِ ما درستـهَ فـى الـمـدرسةِ وكما سمعتَ الأذانَ عليكَ أنْ تذهبَ إلـى الـمسجدِ لِتُصليّ معَ الجماعةِ.**

## مواقع الف بطور علامتِ نصب

الف صرف ایک جگہ ''اسماء خمسہ'' میں نصب کی علامت ہوگا۔

**اسماء خمسہ اور الف:** اسماء خمسہ تو پہلے بیان کرچکے ہیں (**ابـوکَ . اخـوکَ . حـمـوکَ . فـوکَ . ذُومـالٍ**) حالتِ نصب میں ان کے آخر سے پہلے الف آئے گا اور یہی الف اسماء خمسہ کے منصوب ہونے کی علامت ہوگا۔ جیسے

[۱] **اِحْتَرِمْ اَبَاکَ** میں **احترم** فعل اور فاعل ضمیر مستتر **اَبَاکَ**: مفعول بہ منصوب علامتِ نصب الف ہے۔

[۲] **اُنْصُرْ اَخَاکَ** // **اُنْصُرْ** // // // // // // **اخاکَ** // // // // // //

[۳] **نَظِّفْ فَاکَ** // **نَظِّفْ** // // // // // // **فَاکَ** // // // // // //

[٤] **اَکْرِمِیْ حَمَاکِ** // **اَکْرِمِی** فعل وفاعل // **حماک** // // // // // /

[۵] **لَا تُجَالِسْ ذَا مَالٍ** // **لَا تُجَالِسْ** فعل ضمیر مستتر **ذامالٍ** // // //

**تمرین:** مندرجہ ذیل جملوں میں منصوب اسماء خمسہ اور ان کا اعراب بتائیں۔

[۱] **اِنَّ اَبَانَا لَفِیَ ضَلالٍ مبين**

[۲] **اِحْتَرِم اَخَاک**

[۳] **لاَ تَفْتَحْ فَاک**

[٤] **لاتُخَالِفِيْ حمَاک**

[۵] **اِنْصَحْ اَخَاک**

## ”ی“۔ بطورِ علامتِ نصب

یاء دو جگہ نصب کی علامت ہوتی ہے [۱] تثنیہ [۲] جمع مذکر سالم

**تثنیہ اسم:** تثنیہ کی تعریف پہلے گزر چکی ہے (جو اسم دو مذکر یا مؤنث ذوات پر دلالت کرے) حالتِ نصب میں تثنیہ کے آخر سے پہلا حرف یاء ہوگا یہی اس کے نصب کی علامت ہے۔

**مثال:** جیسے رَأیتُ طَالِبَیْنِ میں رأیتُ: فعل وفاعل، طالبین مفعول بہ منصوب علامتِ نصب یاء ہے۔

**یاد رکھیں!** تثنیہ میں یاء علامت نصب سے پہلا حرف مفتوح اور یاء کے بعد نون (جو آخری حرف ہے) مکسور ہوتا ہے۔

**تمرین......** [۱] مندرجہ ذیل جملوں میں اسم تثنیہ منصوب اور علامتِ نصب بیان کریں۔

نَصَحْتُ التِلْمِیْذَین۔ نصحتُ: فعل وفاعل التلمیذین مفعول بہ منصوب علامتِ نصب یاء۔

اِشْتَریتُ کِتَابینِ..........................

الابنُ یُحِبُ الو الدین ..........................

کتبتُ صَفُحَتَیْنِ ..........................

رایتُ حمامتَیْنِ علی الشجرةِ ..........................

شکر المعلّم طالبینِ ..........................

**تمرین...** [۱] مندرجہ ذیل جملوں میں مفعول بہ اسم مفرد کو مثنی بنا کر علامت نصب واضح کریں۔

| مفعول بہ اسم مفرد | مفعول بہ اسم تثنیہ |
|---|---|
| کَتَبَتُ زینبُ هذهِ الصفحةَ | کتبت زینب هاتین الصفحتین |
| فَحَصَ الطبیبُ المریضَ | .......................... |
| کَتَبَ عَلِیّ رسالةً | .......................... |
| اِسُتَاجَرَ خالدٌ سّیارةً | .......................... |
| بَنٰی وَالدِیُ مسجِداً | .......................... |
| قَرأتُ آیةً من کتابِ اللّٰہ | .......................... |
| زُرتُ الحَدیقةَ اَمسِ | .......................... |
| اَعُطَانی الو الدُ قَلَماً | .......................... |

**جمع مذکر سالم:** جمع مذکر سالم کی تعریف پہلے گزر چکی ہے۔ (جو لفظ دو سے زائد مذکر پر دلالت کرے اور مفرد کا لفظ جمع میں سالم رہے) حالتِ نصب میں جمع مذکر سالم میں آخر سے پہلا حرف یاء ہوگا۔ یہی اس کے نصب کی علامت ہے۔

**مثال:** جیسے نصر اللہ المئومِنِینَ میں نصرَ: فعل ماضی، اللہُ: فاعل المئومنینَ: مفعول بہ منصوب علامتِ نصب یاء ہے۔

**یاد رکھیں!** جمع مذکر سالم میں یاء علامتِ نصب سے پہلا حرف مکسور اور یاء کے بعد نون (جو آخری حرف ہے) مفتوح ہوتا ہے۔

**تمرین**......[۱] مندرجہ ذیل جملوں میں جمع مذکر سالم منصوب اور علامتِ نصب واضح کریں۔

سَاعَدَ الأ نصارُ المُهَاجِرِيْنَ. ساعد: فعل ماضی، الانصار: فاعل مرفوع، المهاجرين: مفعول بہ منصوب علامتِ نصب یاء۔

شَاهَدْتُ الْمُهَنْدِسِينَ ..............................................

ساعدتِ الدولةُ الفلاّحين ..............................................

يُحِبُّ اللهُ الْمُحْسِنِينَ ..............................................

شَكَرالمدِيرُ المدرِّسينَ ..............................................

**تمرین**......[۲] مندرجہ ذیل جملوں میں مفعول بہ اسم مفرد کو جمع مذکر سالم بنائیں اور علامتِ نصب واضح کریں۔

| مفعول بہ اسمِ مفرد | مفعول بہ جمع مزکر سالم |
|---|---|
| أُحِبُّ المجتهدَ | أُحِبُّ المجتهدِينَ |
| يَنْصُرُ اللهُ المسلمَ | .................. |
| يَجْزِى اللهُ الْمُصَلِّى | .................. |
| يُحِبُّ النَّاسُ الصادقَ | .................. |
| قَابَلْتُ الطيَّارَ | .................. |

**تمرین ......[۳]** مندرجہ ذیل جملوں میں مفعول بہ جمع مذکر سالم کو مفرد بنائیں اور علامتِ نصب واضح کریں۔

| امثلہ مفعول بہ جمع مذکر سالم | علامتِ نصب | امثلہ مفعول بہ اسم مفرد | علامتِ نصب |
|---|---|---|---|
| سَاعَدَتِ الحکومةُ المُجَاهِدِین | یاء | ساعدتِ الحکوُمة المجاهدَ | فتحہ |
| قابلتُ الفَلاّحینَ فی المکتبِ | // | قاَ بَلْتُ اَلفلَّاحَ فی المکتب | // |
| استقبلَ الرئیسُ المُدَرِسِینَ | // | استقبلَ الریئسُ المدرسَ | // |
| شَكَرالوزیرُ المُعلِّمینَ | // | شکرا الوزیرُ المعَلِّمَ | // |

سب مثالوں کو اس طرح حل کریں: ساعدتُ: فعل ماضی، الحکومةُ: فاعل مرفوع، المجاهدینَ مفعول بہ منصوب، علامتِ نصب یاء ہے۔

## حذفِ نون علامتِ نصب

**مواقع حذفِ نون:** حذفِ نون افعال خمسہ میں نصب کی علامت ہوتی ہے۔

**افعال خمسہ:** کی تعریف اور امثلہ پہلے گزر چکی ہیں (یہ مضارع کے وہ صیغے ہیں جن کے آخر میں ضمائر الف تثنیہ/ واو جمع/ یاء مخاطب میں سے کوئی ہو)۔ افعالِ خمسہ میں ضمائر فاعل کے بعد نون علامتِ رفع ہوتا ہے۔ فعل اگر کسی عامل نصب و جزم سے خالی ہو تو نون موجود رہتا ہے ورنہ حذف ہو جاتا ہے اس لئے اسے نون اعراب کہا جاتا ہے۔

**دخول ناصب:** افعال خمسہ پر حرفِ نصب داخل ہو تو یہ نون حذف ہو جاتا ہے۔ اس کا حذف ہونا ہی افعالِ خمسہ میں علامتِ نصب ہے۔

آئندہ افعالِ خمسہ کا جدول ملاحظہ کریں۔ جس میں افعالِ خمسہ ایک خانہ میں عامل سے خالی ہیں اور نونِ رفع موجود ہے۔ دوسرے خانے میں افعالِ خمسہ پر نصب داخل ہے اور نونِ رفع محذوف ہے۔ یہی حذفِ نون علامتِ نصب ہے۔

## جدول افعالِ خمسہ

| احوال فاعل | حالتِ رفع | حالتِ نصب | بیان (علامتِ نصب حذفِ نون) |
|---|---|---|---|
| تثنیہ مذکر غائب | يَفْعَلَانِ | لَن يَفْعَلاَ | لَنْ حرفِ نصب يَفْعَلا مضارع منصوب |
| جمع // // | يَفْعَلُونَ | لَن يَفْعَلُوا | // // // يَفْعَلُوا // // |
| تثنیہ مؤنث غائب | تَفْعَلَانِ | لن تَفْعَلاَ | // // // تَفْعَلاَ // // |
| // مذکر و مؤنث مخاطب | // | // | // // // // // // |
| جمع مذکر مخاطب | تَفْعَلُونَ | لَنْ تَفْعَلُوا | // // // تَفْعَلُوا // // |
| مفرد مؤنث مخاطبہ | تَفْعَلِينَ | لن تَفْعَلِیْ | // // // تَفْعَلِیْ // // |

مندرجہ ذیل جملوں میں افعالِ خمسہ (مضارع منصوب) اور نصب کی علامت کا تعین کریں۔

[۱] التـلميذان لن يَلْعَبَا بالكُرَةِ. لَنْ : حرفِ نصب ،یلعبا : مضارع منصوب علامتِ نصب حذف نون ہے۔

[۲] يَسُرُّنِي ان تَحْفَظُوا دُرُوسَكم ..........................

[۳] لَن تَكْتُبِی هذهِ الرسالةَ..........................

[٤] أُحِبُّ ان تَسْمَعُو القرآن الكريم ..........................

[٥] اكرهُ يَذْهَبُوا الی السِينَمَا..........................

## نواصب مضارع

**نصب:** فعل مضارع کی ایک مخصوص حالت ہے جو کسی ناصب کے داخل ہونے سے ہو۔ افعال میں سے صرف مضارع ہی منصوب ہوسکتا ہے۔

**ناصب:** وہ حرف جو مضارع کو نصب دے۔ اس کی جمع نواصب ہے۔

**نواصب مضارع:** حروفِ نصب یہ ہیں (۱) اَنْ (۲) لَنْ (۳) كَیْ (٤) اِذَنْ ان کا مفصل بیان علامتِ نصب کے بعد ہوگا۔

**علاماتِ نصب:** نصب کے لئے فعل مضارع میں دو علامتیں ہیں۔

(۱) فتحہ (۲) حذفِ نون

**مواقع فتحہ:** فتحہ یہ فعل واحد میں نصب کی علامت ہوتا ہے۔ مضارع کی وہ پانچ مثالیں جو ضمیر ظاہر ا۔ و۔ ی۔ ن سے خالی ہوں فتحہ سے منصوب ہوتی ہیں۔ جیسا کہ آئندہ جدول سے ظاہر ہے۔

## جدولِ نصب برائے فعل واحد

| افعال مضارع | امثلہ مضارع | بیان ناصب و منصوب |
|---|---|---|
| مفرد مذکر غائب | لن یَکْتُبَ | لَنْ حرفِ نصب یکتب مضارع منصوب علامت فتحہ |
| // مؤنث // | // تَکْتُبَ | // // // /تکتب // // // // // /// |
| مفرد مذکر مخاطب | لن تَکْتُبَ | لن حرفِ نصب تکتب مضارع منصوب علامت فتحہ |
| // متکلم | // اَکْتُبَ | // // // اکتب // // // // // // // // |
| تثنیہ و جمع متکلم | // نَکْتُبَ | // // // // نکتب // // // // /// // // |

## مواقع حذفِ "نون"

یہ افعال خمسہ میں نصب کی علامت ہے۔ مضارع کی وہ سات مثالیں جن کے ساتھ ضمیر ظاہر ا۔ و۔ ی میں سے کوئی ہو۔ حذفِ نون سے منصوب ہوں گی جیسا کہ آئندہ جدول سے ظاہر ہے۔

## جدولِ نصب برائے افعالِ خمسہ

| احوال | امثلہ | بیان |
|---|---|---|
| تثنیہ مذکر غائب | لن یَکْتُبَا | لن حرف نصب یکتبا فعل مضارع منصوب علامت نصب حذف نون |
| // مؤنث // | | // // // // تکتبا // // // // // // /// // // // |
| // مذکر مخاطب | // تَکْتُبَا | // // // // // // // // // // // /// // // // // |
| // مؤنث // | | // // // // // // // // // // // /// // // // // |
| جمع مذکر غائب | // یَکْتُبُوا | // // // // یکتبوا // // // // // // // // // // // |
| // // مخاطب | // تَکْتُبُوا | // // // // تکتبوا // // // // // // // // // // // |
| مفرد مؤنث // | // تَکْتُبِی | // // // // تکتبی // // // // // // // // // // // |

# نواصب مضارع بیان وامثلہ

**أنْ:** یہ حرف نصب ومصدر واستقبال ہے۔ مضارع کونصب دیتا ہے۔ اس کو مستقبل کے ساتھ خاص کردیتا ہے نیز فعل کومصدر کے معنی میں بنادیتا ہے۔

**مثال:** یَسُرُّنِی اَنْ تَنْجَحَ اس کا معنی ہے یَسُرُّنِی نَجَاحُکَ (مجھے تمہاری کامیابی خوش کرے گی)۔ **یَسُرُّ** :فعل، "ن" وقایہ ،"ی" متکلم مفعول بہ ، اَنْ :حرفِ نصب، تنجح: فعل مضارع منصوب۔

اس مثال میں أن نے فعل کونصب بھی دیا ہے اس کو مستقبل کے ساتھ خاص کردیا اور مصدر کے معنی میں بنادیا ہے۔

**لَنْ:** حرف نصب ونفی، تاکید واستقبال ہے۔ مضارع کونصب دینے کے ساتھ ساتھ اس کو مستقبل منفی مؤکد بنادیتا ہے جیسے لن ینجحَ خالدُ خالد ہرگز کامیاب نہ ہوگا۔ لنْ :حرفِ نصب، ینجح فعل مضارع منصوب علامتِ نصب فتحہ ، خالدُ فاعل مرفوع علامتِ رفع ضمہ۔

**کَیْ:** حرفِ نصب ومصدر ہے۔ فعلِ مضارع کونصب دینے کے ساتھ ساتھ اس کومصدر کے معنی مین بنادیتا ہے۔ جیسے اَسْلَمْتُ لکی اَدْخُلَ الجنة اس کا معنی ہے أسلمتُ لدخول الجنة (میں اسلام لایا تاکہ جنت میں داخل ہوں)۔ اسلمت:فعل وفاعل، لام:تعلیل، کی :حرفِ نصب، ادخلَ:فعل مضارع منصوب، أنا:ضمیر مستتر فاعل، الجنةَ:مفعول بہ منصوب۔

**اذَنْ:** حرفِ نصب اور حرفِ جواب و جزاء ہے۔ مضارع کو منصوب تو کرتا ہے مگر بطور جواب یا جزاء کے استعمال ہوتا ہے اس کے عمل کے لئے تین شروط ہیں۔

[۱] اذن شروع جملے میں ہو۔
[۲] مضارع مستقبل پر دلالت کرے۔
[۳] "اِذَنْ" اور فعل مضارع کے درمیان فاصل نہ ہو۔

جیسے کوئی شخص کہے ساَجتهدُ فی الدرس اس کے جواب میں کہا جائے اذن تَنْجَحَ۔

**تمرین......[۱]** مندرجہ ذیل جملوں میں حرف ناصب اور مضارع منصوب کا تعین کریں؟ علامتِ نصب واضح کریں؟

| عربی جملے | حرفِ نصب | مضارع منصوب | علامتِ نصب |
|---|---|---|---|
| [۱] اُریدُ اَن تُحسنَ الیٰ خالدٍ. | أن | تحسن | فتحہ |
| [۲] أسلمتُ کَیُ ادخُلَ الجنةً . | ..... | ........ | ....... |
| [۳] لن نذهبَ اِلی السِیُنَما . | ..... | ........ | ....... |
| [٤] أنا أجتهدُ کے جواب میں اذن تنجح | ..... | ........ | ....... |
| [۵] یسرّنِی ان تفوزُوُا | ..... | ........ | ....... |
| [٦] اُحِبُّ ان تُصلُّوُا فی المسجدِ | ..... | ........ | ....... |
| [۷] محمدٌ وخالدٌ لن یذهَبا الی السوقِ | ..... | ........ | ....... |

**تمرین......[۲]** خالی جگہ میں مناسب حرفِ نصب لگائیں؟ اور مضارع میں علامت نصب بتائیں؟

[۱] اُحِبُّ.................اقرأَ القرآن کلَّ صَبَاحٍ.

[۲] ...................یفوزَ الکَسُولُ.

[۳] سَافرتُ ...............اکسبَ المالَ.

[٤] یجتهد الطالبُ..........یفوزَ فِی الاختبارِ.

[۵] اُحبُّ ..............اُصُلِحَ بین الصَدِیقَینِ.

[٦] ذهبتُ الی المسجِد .......................

**تمرین..[۳]** مندرجہ ذیل جملوں میں حرفِ نصب/ مضارع منصوب اور علامتِ نصب بتائیں؟

[۱] لَن اترکَ عملَ الیوم الی الغد.

[۲] دخلتُ المسجدَ لکی أُصلِیَّ.

[۳] یسرُّنِی ان تذهب إلی المدرسةِ کلَّ الیومِ.

[٤] انتما لن تحصلا علی الجائزة.

[۵] لن نومِنَ لکَ.

## گردان فعل مضارع منصوب/ بلن یا نفی تاکید بلن

| احوال | | | امثلہ | اردو ترجمہ | علاماتِ نصب |
|---|---|---|---|---|---|
| نوع | جنس | عدد | | | |
| غائب | مذکر | مفرد | لن یَکْتُبَ | وہ ہرگز نہ لکھے گا | فتحہ |
| // | // | تثنیہ | // یَکْتُبَا | وہ دو ہرگز نہ لکھیں گے | حذفِ نون |
| // | // | جمع | // یَکْتُبُوْا | وہ سب // // // // | // |
| // | مؤنث | مفرد | // تَکْتُبَ | وہ ہرگز نہ لکھے گی | فتحہ |
| // | // | تثنیہ | // تَکْتُبَا | وہ دو // // لکھیں گی | حذف نون |
| // | // | جمع | // یَکْتُبْنَ | وہ سب // // // // | مبنی علی السکون |
| مخاطب | مذکر | مفرد | // تَکْتُبَ | تو ہرگز نہ لکھے گا | فتحہ |
| // | // | تثنیہ | // تَکْتُبَا | تم دو // // لکھو گے | حذف نون |
| // | // | جمع | // تَکْتُبُوْا | تم سب // // // // | // |
| // | مؤنث | مفرد | // تَکْتُبِیْ | تو ہرگز نہ لکھے گی | حذف نون |
| // | // | تثنیہ | // تَکْتُبَا | تم دو // // لکھو گی | // |
| // | // | جمع | // تَکْتُبْنَ | تم سب // // // // | مبنی علی السکون |
| متکلم | مشترک | مفرد | // اَکْتُبَ | میں ہرگز نہ لکھوں گا | فتحہ |
| // | // | تثنیہ وجمع | // نَکْتُبَ | ہم // // لکھیں گے | // |

نوٹ: فعل مضارع پر کوئی بھی حرفِ نصب داخل ہو تو لفظی تبدیلی اس طرح ہوگی۔ معنوی تبدیلی کا ذکر آپ مفصل پڑھ چکے ہیں۔

# أنْ مضمر سے نصب مضارع

**حروفِ نصب:** بعض حروف جو ہیئت کے اعتبار سے نواصب مضارع نہیں مگر ان کے بعد ''أن'' مقدر ہوتا ہے، اور فعل مضارع کو نصب دیتا ہے۔ یہ حروف مندرجہ ذیل ہیں۔

لامِ تعلیل یا لامِ کی. لامِ جحود. حتیٰ

**لامِ تعلیل یا لامِ کیْ:** اس لام کا ماقبل مابعد کے حصول کا سبب ہوتا ہے جیسے سافرَ المدیرُ لیشارِکَ المؤتمرَ (ڈائریکٹر نے کانفرنس میں شریک ہونے کے لئے سفر کیا)۔ اس میں سفر، کانفرنس میں شرکت کا سبب ہے۔ اور سفر کی علت کانفرنس میں شرکت ہے ترکیب اس طرح ہوگی۔

سَافَرَ: فعل ماضی، المدیرُ: فاعل مرفوع، ل: لام تعلیل، یشارکَ فعل مضارع منصوب، أن: حرف نصب مضمر، ھو: ضمیر مستتر فاعل، المؤتمرَ: مفعول بہ۔

**لامِ جحود:** یہ لام مکسور ہے جو ماکان یا لم یکن کے بعد آتا ہے اور اس کے بعد أن مضمر فعل مضارع کو نصب دیتا ہے۔

**مثال ا:** ماکان کے بعد جیسے ماکان اللہُ لیعذِّبَھُمْ اس مثال میں یعذِّبَ فعل منصوب ہے اور ناصب أن ہے جو لامِ جحود کے بعد مضمر ہے۔

**مثال ب:** لم یکن کے بعد جیسے لم یکنِ اللہُ لیغفِرَلَھُمْ اس مثال میں یغفر فعل منصوب ہے اور ناصب ''أن'' ہے جو لامِ جحود کے بعد مضمر ہے۔

**حتّیٰ:** اس کے بعد ''أن'' مضمر کی دو صورتیں ہیں۔

[۱] ''حتیٰ'' غایت کے لئے ہو۔ [۲] ''حتیٰ'' تعلیل کے لئے ہو۔

[۱] کسی کام کی انتہاء بتانے کو غایت کہتے ہیں جیسے اضرب المُذْنِبَ حتّٰی یتوبَ (مجرم کو توبہ کرنے تک مارو) اس مثال میں یتوب فعل مضارع منصوب ہے اور ناصب ''أن'' ہے جو ''حتیٰ'' کے بعد مضمر ہے اور ''حتی'' مار کی انتہا توبہ بتا رہا ہے۔

[۲] کسی کام کی علّت بتانے کو تعلیل کہتے ہیں جیسے ''أسلم حتی تدخلَ الجنةَ'' (تم اسلام لاؤ تاکہ جنت میں داخل ہو) اس مثال میں تدخلَ فعل منصوب ہے اور اس کا ناصب ''أن'' مضمر ہے جو اسلام لانے کی علت دخولِ جنت کو بتا رہا ہے۔

**تمرین......[ ۱ ]** مندرجہ ذیل ناصب (جس کے بعد أن مضمر ہو) فعل منصوب اور علامتِ نصب بتائیں۔

| جملے | ناصب | فعل منصوب | علامتِ نصب |
|---|---|---|---|
| اجتهدُ فی دروسی حتیٰ انجحَ فی الامتحان . | أن مضمرہ بعد حتیّٰ | انجحَ | فتحہ ظاہرہ |
| سافَرَ عليٌّ الی مكةَ ليدرسَ اللغةَ العربيةَ. | // //لام تعلیل | یدرُسَ | // |
| ذهبَ خالدٌ الی المسجدِ ليصلیَ الفجرَ | ....... | ....... | ....... |
| ماكان اللهُ ليذرَ المؤمنينَ | ....... | ....... | ....... |
| اجلسْ هُنَا حتیّٰ يحضرَ اَخِي | ....... | ....... | ....... |
| ابقیٰ فی لاهورَ حتی اُكملَ دراستِی | ....... | ....... | ....... |
| احترم الناسَ حتیّٰ تنالَ محبتهُمْ | ....... | ....... | ....... |
| مَاكانَ زيدٌ ليتعبَ من اجلِكَ | ....... | ....... | ....... |
| لم يكن عليٌّ ليحضرَ حفلَنا | ....... | ....... | ....... |

**تمرین......[ ۲ ]** حتی . لام جحود . لام تعلیل میں سے کسی مناسب ناصب سے خالی جگہ پر کریں۔

[۱] اِقْرَأِ الدرسَ ..........................تحفظه.

[۲] ساعد الفقير ..........................تكتسب رضا الله.

[۳] سافر الرئيسُ ..........................يشاركَ فی الاجتماع .

[٤] اِلْتَحقَ محمد بالجامعة..........................يدرسَ الشريعَةَ.

[٥] لم يكن خالدٌ ..........................يسرقَ الفلوسَ.

# جدول

## نصب، علامات، مقامات

| عدد | علامات | مواقع | امثلہ وملاحظات |
|---|---|---|---|
| ۱ | فتحہ | اسم مفرد<br>جمع مکسر<br>فعل مضارع | كتبتُ الرسالةَ<br>بعثُ الدفاترَ<br>لن يكتبَ<br>خط کشیدہ الفاظ منصوب بالفتحہ ہیں |
| ۲ | الف | اسماء خمسہ | احترمُ اباکَ /اخاکَ / احترمِیُ حماکِ / فاکَ / ذامالٍ<br>خط کشیدہ الفاظ منصوب بالاَ لف ہیں |
| ۳ | یاء | تثنیہ اسم<br>جمع مذکر سالم | قرأتُ صَفُحَتَيُن<br>نَصَحُتُ الْمُجُتَهِدِيُنَ<br>خط کشیدہ الفاظ منصوب بالیاء ہیں۔ |
| ٤ | کسرہ | جمع مؤنث سالم | احترمتُ الصالحاتِ ۔ جمع مؤنث سالم منصوب بالکسرہ |
| ۵ | حذفِ نون | افعال خمسہ | يسرُّنِی ان يَحُفَظَا القرآن<br>// // تَحُفَظُوا //<br>// // تَحُفَظَا //<br>// // تَحُفَظُوا //<br>// // تَحُفَظِی //<br>يَحفظا سے تحفظی تک افعالِ خمسہ منصوب ہیں<br>علامت سب میں حذفِ نون ہے۔ |

# جرّ، علامات، مواقع

**جرّ:** لغت میں جر کا معنی کھینچنا ہے۔ قواعد کی رو سے یہ اسم کی ایک مخصوص حالت ہے۔ جس کی اصلی علامت کسرہ ہے۔ بعض دیگر علامات بھی اس کے قائم مقام ہوتی ہیں۔ جر کو خفض بھی کہتے ہیں۔ جس کے معنی لغت میں پستی کے ہیں۔

جار: جو کلمہ جرّ کا باعث ہو۔

**مجرور:** وہ اسم جو حالت جر میں واقع ہو۔ اقسام کلمہ میں صرف اسم ہی مجرور استعمال ہو سکتا ہے۔ فعل یا حرف مجرور نہیں ہوتے مجرور کو مخفوض بھی کہتے ہیں۔

**علامات جر:** جر کی تین علامتیں ہیں۔

[۱] کسرہ [۲] یاء [۳] فتحہ

## مواقع کسرہ بطور علامتِ جر

کسرہ تین جگہ جر کی علامت ہے۔

[۱] اسم مفرد منصرف [۲] جمع تکسیر منصرف [۳] جمع مؤنث سالم

**منصرف:** وہ اسم ہے جو اسبابِ منع صرف سے خالی ہو کہ اس پر کسرہ اور تنوین آ سکتے ہیں۔ (غیر منصرف کا بیان آئندہ مستقل باب میں آ رہا ہے)۔

**اسم مفرد منصرف:** وہ مفرد اسم ہے کہ غیر منصرف کے اسباب سے خالی ہوتا کہ حالتِ جر میں اس پر کسرہ آ سکے اور مثنیٰ یا جمع مذکر سالم بھی نہ ہو جیسے

**ذَهَبْتُ الی مُحَمّدٍ.** **ذهبتُ** : فعل و فاعل، **الی** حرفِ جر، **محمدٍ:** مجرور/ اسم مفرد منصرف ہے علامتِ جر کسرہ ہے۔

**جمع مکسر منصرف:** وہ اسم ہے جو جمع مکسر بھی ہو اور اسباب غیر منصرف سے بھی خالی ہو کہ حالتِ جر میں اس پر کسرہ آ سکے جیسے

**سَلّمتُ علی الاطفال، سَلَمْتُ** : فعل و فاعل، **علی** :حرف جر، الاطفال: مجرور/ جو مکسر منصرف ہے۔ علامت جر کسرہ ہے۔

**جمع مؤنث سالم** کی تعریف پہلے گزر چکی ہے۔ حالتِ جر کی مثال جیسے رضیتُ عن الصالحاتِ. رضیتُ :فعل وفاعل عن :حرفِ جر، الصالحاتِ: مجرور/جمع مؤنث سالم علامتِ جر کسرہ ہے۔ مفرد صالحۃ ہے۔

## سوالات:

[۱] اسم مفرد منصرف سے کیا مراد ہے؟
[۲] جمع مکسر منصرف سے کیا مراد ہے؟
[۳] کہاں کہاں پر کسرہ جر کی علامت ہوگا؟

**تمرین......[۱]** مندرجہ ذیل جملوں میں سے مجرور اسماء اور ان کی نوعیت اور علامت جر بتائیں۔

[۱] **ذَهبتُ الی المدرسةِ .** ذهبتُ : فعل وفاعل، الی :حرف جر المدرسة :مجرور (اسم مفرد) علامت جر کسرہ
[۲] **صلیتُ فی المسجد** ..........................
[۳] **انظر الی الازهارِ** ........................
[٤] **يجبُ على المسلماتِ الحجابُ**..............
[٥] **اجْتَهِدْ فی الدروس** ........................

**تمرین......[۲]** مناسب الفاظ سے جملے مکمل کریں اور ان کی حالت اور علامت بتائیں۔

[۱] **اُکْتُب بـ** ..................................
[۲] **النُّجُوم تلمعُ فی** ..........................
[۳] **الطُّلابُ مجتهدون فی** ........................
[٤] **سَلّمَتُ على** ................................
[٥] **رضَيتُ عن** ..................................

## یاء بطور علامتِ جر

یاء تین جگہ جر کی علامت ہوگی۔

[۱] اسماءِ خمسہ [۲] تثنیہ اسم [۳] جمع مذکر سالم

**اسماءِ خمسہ:** اسماءِ خمسہ کا تعارف پہلے گزر چکا ہے۔ جب یہ جری حالت میں واقع ہوں تو ان میں آخر سے پہلے یاء آئے گی، جس کا ماقبل مکسور ہوگا یہی اس کے جر کی علامت ہوگی۔ جیسے **سَلِّم علی اَبِیْکَ** میں **سَلِّم:** فعل امر مخاطب، **علی:** حرف جر، **ابیک:** مجرور ہے کہ حرفِ جر کے بعد ہے اور جر کی علامت یاء ماقبل مکسور ہے۔

اس طرح **اذهب الی اخیک /وحمیک** وغیرہ یاء سے مجرور ہوں گے۔

**تثنیہ اسم:** تثنیہ وہ مذکر یا مؤنث اسم جو دو پر دلالت کرے اگر جری حالت میں واقع ہو تو اس میں آخر سے پہلے یاء آئے گی جس کا ماقبل مفتوح ہوگا یہی اس کے جر کی علامت ہے جیسے **اُنْظُرْ إلى الرَّجُلَيْنِ** میں **اُنْظُرْ:** فعل و فاعل، **الی:** حرف جر ہے جو تثنیہ پر داخل ہے، **الرجُلَيْنِ:** تثنیہ ہے اور مجرور ہے۔ جر کی علامت یاء ماقبل مفتوح ہے۔

**جمع مذکر سالم:** جمع مذکر سالم جب جری حالت میں واقع ہو تو اس میں آخر سے پہلے یاء آئے گی جس سے پہلا حرف مکسور ہوگا۔ یہی اس کے جر کی علامت ہے جیسے **نظرت الی المسلمین** میں **نظرت:** فعل و فاعل، **إلى:** حرف جر، **المسلمين:** مجرور ہے جر کی علامت یاء ماقبل مکسور ہے کیونکہ جمع مذکر سالم ہے۔

**تمرین......** [۱] مندرجہ ذیل جملوں میں مجرور اور علامتِ جر بتائیں۔ حل شدہ مثال پیش نظر رہے۔

[۱] **سلِّمَ علیٰ ابیک . سلم :** فعل و فاعل ، **علی :** حرف جر **ابیک :** مجرور/علامت جر یاء ماقبل مکسور اسماء خمسہ میں سے ہے۔

[۲] **نظرتُ الی فِیکَ** ..............................

[۳] **مررت باخیک**..............................

[٤] **اُنْظُرُ الی الطالِبِین**..............................

[۵] **سَلّم علی الصدیقین** ..............................

[٦] رَضِی اللہ عن المؤمنین ..........................

[٧] الصلاۃُ فَریضۃٌ علی المسلمین ...................

**تمرین......[ ٢ ]** س: یاء کتنی جگہ جر کی علامت ہوگی؟

س: تثنیہ اور جمع مذکر سالم کے اعراب میں جری حالت میں کیا فرق ہوتا ہے؟

**تمرین......[٣]** مندرجہ ذیل خالی جگہ کے پہلے دو جملوں میں مناسب اسماء خمسہ، دوسرے دو میں تثنیہ اور تیسرے دو میں جمع مذکر سالم حالتِ جر میں استعمال کریں اور علامتِ جر واضح کریں۔

[١] اِسۡتَمِعۡ إلی ...............................

[٢] لا تَضَعۡ شیئاً فی ...............................

[٣] سَألَ المدرسُ عن ...............................

[٤] عَرَفۡتُ من ...............انهما نجحا فی الاختبار .

[٥] الله رحیم ب ...............................

[٦] وُزِّعَتُ الجوائز علی ...............................

# فتحہ بطور علامتِ جرّ

فتحہ صرف ایک جگہ جر کی علامت ہوتا ہے اور وہ ہے غیر منصرف

**صَرف:** لغت میں صرف سے مراد تنوین ہے اور غیر منصرف ''اسم معرب'' کی ہی ایک قسم ہے جس کا تفصیلی بیان یہاں پیش کیا جاتا ہے۔

# اسم معرب

اسم معرب کی دو قسمیں ہیں۔

[۱] منصرف [۲] غیر منصرف

**منصرف:** وہ اسم معرب ہے جس پر تنوین آسکے جیسے محمدٌ خالدٌ وغیرہ ہر وہ اسم جو اسباب منع صرف سے خالی ہو منصرف ہوگا۔

**غیر منصرف:** وہ اسم معرب ہے جس پر تنوین نہ آسکے جیسے مکة۔ ابراھیم ۔ فاطمه وغیرہ ہر وہ اسم جس میں اسبابِ منع صرف میں سے دو سبب/ یا ایک جو مساوی دو ہو/ پائے جائیں۔

**اعراب غیر منصرف:** غیر منصرف پر تنوین نہیں آتی نیز جب کلام میں مجرور واقع ہو تو اس پر فتحہ آئے گا۔ جو اس کے مجرور ہونے کی علامت ہے۔ جیسے سافرت الی مکةَ میں ''مکةَ'' مجرور ہے اور جر کی علامت فتحہ ہے۔ کیونکہ غیر منصرف ہے۔

**اسباب منع صرف:** اسبابِ منع صرف نو ہیں جو ان دو شعروں میں مذکور ہیں۔

عدل و وصف و تانیث و معرفة
وعجمة ثم جمع ثم ترکیب
والنون زائدة من قبلها الف
ووزن فعل وهذا القول تقریب

# اسباب منع صرف

ہر سبب کی تعریف اور مثال ملاحظہ کیجیے۔

[۱] **عدل:** کسی اسم کو اصلی صورت سے دوسری شکل میں تبدیل کیا جائے اس کو عدل کہتے ہیں جیسے عُمَرُ اس میں عدل ہوا ہے اس کی اصل عَامِرٌ تھی۔

[۲] **عجمة:** اسم کسی عجمی زبان میں کسی معین جگہ یا شخص کا نام ہو جیسے ابراھیم، اسماعیل، لاھور وغیرہ۔

[۳] **ترکیب:** اسم دراصل مرکب لفظ تھا پھر ایک بن گیا ہو جیسے حضر موت، اسلام آباد۔

[٤] **وصف:** اسم مستقل صفت ہو جو اپنے موصوف سے الگ نہ ہو جیسے أحمر، أسود، اصفر وغیرہ۔

[۵] **وزنِ فعل:** اسم فعل مضارع کے وزن پر ہو جیسے احمد، اکرم، افعل مضارع متکلم کے وزن پر ہیں۔

[٦] **علم:** اسم کسی معین شخص یا جگہ کے لئے مخصوص ہو جیسے جدّة معین جگہ اور حمزة معین شخص کے لئے مخصوص ہیں دوسرا مراد نہیں لے سکتے۔

[۷] **الف نون زائدتان:** جیس مَروَان. عُثمَان . عِمرَان (سلمت علی مروانَ) سلمت: فعل وفاعل، علی حرفِ جر، مروان مجرور غیر منصرف علامتِ جر فتحہ ہے۔

[۸] **تانیث:** اسم مؤنث ہو جس کی دو قسمیں ہیں۔

[۱] آخر میں الف نہ ہو جیسے فاطمة

[۲] آخر میں الف ہو۔ الف کے ساتھ مؤنث کی دو صورتیں ہیں۔

(ا) الف مقصورہ ہو (یہ الف کلمہ کا جُز و لازمی ہوتا ہے) جیسے حبلیٰ. دُنیَا

(ب) الف ممدودہ ہو (یہ الف آخر میں ہمزہ سے پہلے ہوتا ہے) جیسے حمراء صحراء الف ممدودہ کلمہ کا لازمی جزء نہیں ہوتا۔

**فائدہ ۱** : الف کے ساتھ مؤنث کی دونوں صورتیں اکیلے ہی اسم کو غیر منصرف بنا دیتی ہیں کسی دوسرے سبب کی ضرورت نہیں رہتی۔

**[۹] جمع الجموع:** اسم ایسا جمع مکسر ہو کہ الف تکسیر کے بعد کم از کم دو حرف ہو جیسے

**مَسَاجِد** : **مَسْجِد** کی جمع الجموع ہے۔

**مَنَابِر** : **مِنبَر** // // // //

**مَفَاتِیحُ** : **مِفْتَاح** // // // //

**فائدہ ۲:** جمع الجموع اکیلے ہی اسم کو غیر منصرف بنا دیتا ہے کسی دوسرے سبب کی ضرورت نہیں رہتی۔

ان مذکورہ اسباب منع صرف میں سے جمع الجموع اور تانیث الف والی تو اکیلے ہی اسم کو غیر منصرف بنا دیں گے مگر بقیہ باہم دو مل کر ہی اسم کو غیر منصرف بناتے ہیں۔

آئندہ جدول میں اکیلے (آحادی) اور باہم دو مل کر (ثنائی) غیر منصرف بنانے والے اسباب کا ملاحظہ کریں۔

## اسباب منع صرف دونوں قسمیں

| ثنائی (دو دو مل کر) | احادی (اکیلے ہی) |
|---|---|
| ۱ علم | ۱ جمع الجمع |
| ۲ عدل | ۲/۱ تانیث (الف کے ساتھ) |
| ۳ عجمہ | |
| ٤ وزن فعل | |
| ٥ ترکیب | |
| ٦ وصف | |
| ۷ الف نون | |
| ۲/۱ تانیث (بغیر الف | |

# اسباب منع صرف پر اجمالی نظر

**تسمیہ کے اعتبار سے:** نظر ڈالنے سے معلوم ہوگا کہ ہر سبب کا تعلق یا تو لفظ کی ظاہری شکل و صورت سے ہے یا اس کے معنی سے۔ اس لحاظ سے اسباب منع صرف کی دو قسمیں ہوئیں۔

[۱] معنوی اسباب [۲] لفظی اسباب

**معنوی اسباب:** وہ ہیں جن کا تعلق اسم کے معنی سے ہو، یہ صرف دو ہیں، [۱] علم [۲] وصف۔

**لفظی اسباب:** وہ ہیں جن کا تعلق اسم کی ظاہری ہیئت سے ہو یہ بقیہ سات اسباب ہیں:

عدل، وزنِ فعل، تانیث، عجمہ، جمع، ترکیب، الف نون زائدتان

## خلاصۂ بحث

**ملاحظہ (۱):** اسم معرب غیر منصرف (جو ثنائی الاسباب ہے) ضروری ہے کہ معنوی اعتبار سے علم یا وصف ہو۔

علم کے ساتھ دوسرا لفظی سبب: عدل، عجمہ، وزنِ فعل، ترکیب، الف نون، تانیث بالتاء و تانیث معنوی میں سے ایک ہوگا۔

وصف کے ساتھ دوسرا لفظی سبب: عدل، وزنِ فعل، الف نون میں سے ایک ہوگا۔

**ملاحظہ (۲):** اسم معرب غیر منصرف (جو احادی الاسباب ہے) وہ جمع الجموع یا تانیث الف مقصورہ یا ممدودہ ہوگا۔ اس کو کسی دوسرے سبب معنوی کی ضرورت نہیں ہے۔

آئندہ غیر منصرف کا جدول ہے جو مندرجہ ذیل امور کو واضح کر رہا ہے۔

[۱] اسباب منع صرف/معنوی/لفظی اسباب
[۲] امثلہ
[۳] جملوں میں استعمال
[٤] لفظی سبب واحد
[۵] امثلہ
[٦] جملوں میں استعمال

# جدول اسباب منع صرف ثنائی/احادی

| | باہم دوسبب | | | |
|---|---|---|---|---|
| ثنائی | معنوی | لفظی | امثلہ | استعمال |
| | علم | تانیث | فَاطِمة | سلمتُ علی فاطمةَ |
| | | ترکیب | بور قاسم | بور قاسمَ میناء کبیر فی باکستان |
| | | عدل | عمرؓ | تولی عثمانؓ الخلافة بعدَ عمرؓ |
| | | عجمہ | ابراهم | اوحی اللہ الی ابراهیمَ |
| | | الف نون زائدتان | عثمان | تولی علیٌّ الخلافة بعد عثمانَ |
| | | وزنِ فعل | احمد | یعمل احمدُ مدرساً |
| | وصف | وزن فعل | احمر | لا فرق بین اسودَ واحمرَ الا بالتقویٰ |
| | | الف نون زائدتان | جوعان | لا استریح و زمیلی جوعانُ |
| | | عدل | مثنیٰ | یمشی الطلابُ مثنیٰ مثنیٰ |
| احادی | ایک سبب فقط لفظی | | | |
| | صیغہ منتہی الجموع | | مَنَابِرُ | یقوم الخطباء علی منابرَ عالیةٍ |
| | تانیث الف مقصورہ | | بشریٰ | سمعتُ بشریٰ نَجاحَک |
| | // // ممدودہ | | بیضاء | اشتریت سیارةً بیضاءَ |

**تمرین**......[۱] مندرجہ ذیل جملوں میں سے غیر منصرف اسماء اور اسباب منع صرف بتائیں۔

| | غیر منصرف | اسباب منع صرف |
|---|---|---|
| [۱] سافرت فاطمةُ الی مكة | فاطمة مكة | علم |
| [۲] وصل احمدُ من فیصل آباد | احمد | علم+وزن فعل |
| [۳] اوحی اللہ الی اسماعیل | ....... | ....+.... |
| [٤] توجد بور قاسمَ فی کراتشی | ....... | ....+.... |
| [۵] اخی اسمه' شعبانُ | ....... | ....+.... |

| | | |
|---|---|---|
| [٦] المدرس الجدید اسمه یعقوبُ | ....... | ....+.... |
| [۷] لا فرق بین اسود و ابیض الا بالتقوی | ....... | ....+.... |
| [۸] یمشی العساکرُ مثنیٰ مثنیٰ | ....... | ....+.... |
| [۹] تحدَّث الوالدُ وهو غضبانُ | ....... | ....+.... |
| [۱۰] وصَلَتْنَا بشریٰ نجاحِکُمْ | ....... | ....+.... |
| [۱۱] توجد فی باکستان مدراسُ و معاهدُ کثیرةٌ | ....... | ....+.... |
| [۱۲] یصلی المسلمونَ فی مساجدَ کثیرة | مساجد | صیغہ منتہی الجموع |
| [۱۳] اشتریت الأرضَ بدراهمَ قلیلةٍ | ....... | ....... |
| [١٤] بعت سیّارَةً حمراءَ | ....... | ....... |
| [١٥] تزوجت امرأةً حَسْناءَ | ....... | ....... |

**تمرین......[۲]** خالی جگہ مناسب غیر منصرف اعلام سے پر کریں۔ غیر منصرف ہونے کا سبب بھی بتائیں۔

[۱] من سُوَرِ القرآن سورة ..............................

[۲] الخلیفةُ ..........................من الخلفاءِ الراشدین .

[۳] وصل ..............................من لاهورَ امس.

[٤] رجع ..........................من السوقِ قبل ساعةٍ.

[٥] کانت غزوة بدرٍ فی شهر ..............................

**تمرین......[۳]** مناسب غیر منصرف وصف سے خالی جگہ پر کریں۔

[۱] اشتریتُ ثوباً..................................

[۲] دخل المسافرُ المطعمَ لانهّ........................

[۳] یبکی الطفل لانه..................................

[٤] خلق اللّٰہ الانسانَ فی ......................تقویمٍ.

[٥] خرج الطلابُ ..................................

**تمرین......[٤]** ایک سبب والے غیر منصرف سے خالی جگہ پر کریں۔ نیز غیر منصرف ہونے کا سبب بھی بتائیں۔

[١] وصلكم ..................................

[٢] بعت سيارةً..................................

[٣] لقد نصركم الله فى ..................................

[٤] اما السفينةُ فكانت..................................

[٥] زوجتُه..................................

**تمرین......[٥]** مندرجہ ذیل جملوں میں غیر منصرف اسماء پر اعراب لگائیں اور اسباب منع صرف بتائیں۔

[١] نادى احمد يوسف .

[٢] سلمت على ابراهيم .

[٣] كانت عائشة امَّ المومنين رضى الله عنها.

[٤] اسلام آباد عاصمةُ باكستان .

[٥] زرتُ حدائق جميلةً فى لاهور .

[٦] نظرتُ الى يوسف .

**غیر منصرف پر حالتِ جر میں کسرہ:** غیر منصرف اسم میں علامتِ جر فتحہ ہوتا ہے مگر مندرجہ ذیل دو صورتوں میں حالتِ جر میں کسرہ ہی آتا ہے۔

[١] جب اس پر ال داخل ہو جیسے **يعيشُ البدويُّ فى الصحراءِ . يعيش** : فعل مضارع، **البدويُّ** : فاعل مرفوع، فی حرفِ جر، **الصحراء** مجرور۔

[٢] کسی کی طرف مضاف ہو جیسے **يصلى المسلمونَ فى مساجدِهِمُ . يصلى** : فعل **المسلمون** فاعل، فی: حرفِ جر، **مساجد** مجرور علامتِ جر کسرہ ہے کیونکہ مضاف ہے، ھم مضاف الیہ۔

**تمرین** : مندرجہ ذیل جملوں میں غیر منصرف بتائیں۔ پھر ان کو مضاف/ یا ال داخل کر کے مجرور بالکسرہ بنائیں۔

| غیر منصرف | مجرور بالکسرہ | سبب |
|---|---|---|
| درست فی مدارسَ کثیرةٍ | درست فی المدارسِ الکثیرہ | دخول |
| مررت بحدائقَ جمیلةٍ | مررت بحدائقِ المدینةِ | اضافت |
| جلست مع اُدَبَاءَ امس | .................... | ......... |
| یعمل العمال فی مصانعَ للحدیدِ | .................... | ......... |
| سلمت علی علماءَ من الازھرِ | .................... | ......... |

## جر کی علامات اور مقامات

| علامات | مقامات | امثلہ و بیان |
|---|---|---|
| کسرہ | اسم مفرد | کتبتُ بالقلم / القلم اسم مفرد مجرور علامتِ جر کسرہ |
| | جمع مکسر | سلمت علی الرجَالِ / الرجال جمع مکسر ″ ″ ″ |
| | جمع مؤنث سالم | رضیت عن الصالحاتِ / الصالحات ″مؤنث سالم ″ |
| یاء | اسماء خمسہ | اذھبُ الی اَبِیْکَ/ ابیک مجرور۔ علامت یاء |
| | | انظرُ الی اَخِیکَ /اخیک ″ ″ ″ ″ |
| | | ″ ″ فِیْکَ / فیک ″ ″ ″ ″ |
| | | اذھبی إلی حمیکِ /حمیک ″ ″ ″ |
| | | لا تجلس مع ذِیْ مالٍ / ذی مال ″ ″ ″ ″ |
| | تثنیہ | سلم علی الصدیقَیْنِ / الصدیقین مثنیٰ″ ″ ″ |
| | جمع مذکر سالم | ذھبت إلی الصالِحِیْنَ/ الصالحین جمع سالم مجرور ″ |
| فتحہ | غیر منصرف | رضی اللہ عن عمر<br>عمر : غیر منصرف مجرور علامت جر فتحہ |

# ''جزم''، علامات/ مقامات

**جزم/ جازم:** لغت میں جزم کے معنی قطع کرنا اور کاٹنا ہے۔ جازم کاٹنے والا۔ قواعد کی رو سے جزم فعل کی ایک مخصوص حالت ہے جس کی علامتِ اصلی سکون ہے یا جو اس کے قائم مقام ہو اور جازم وہ کلمہ جو فعل کے لئے جزم کا باعث ہو۔

**مجزوم:** وہ فعل ہے جو جزم کی حالت میں واقع ہو۔ مجزوم صرف فعل مضارع ہوتا ہے اس کی حرکت یا حرف کو جازم/ کاٹ دیتا ہے۔

**علامات:** جزم کی تین علامات ہیں:

[۱] سکون [۲] حذفِ حرفِ علت [۳] حذفِ نون (اعراب)

[۱] **سکون:** یہ صرف ایک جگہ (فعل واحد میں) جزم کی علامت ہوگا۔ فعل مضارع صحیح الاخیر ہو، ضمیر ظاہر سے خالی ہو تو حرفِ جزم کے داخل ہونے پر اس کے آخر میں سکون آئے گا جو اس کے مجزوم ہونے کی علامت ہوتی ہے۔ جیسے یَلْعَبُ سے لَمْ یَلْعَبْ ، لم :حرفِ جزم یَلْعَب: مضارع مجزوم علامتِ جزم سکون ہے۔

[۲] **حذف حرف علّت:** یہ بھی صرف ایک جگہ (فعل واحد میں) جزم کی علامت ہوتی ہے، فعل مضارع معتل الآخر ہو اور ضمیر ظاہر سے خالی ہو تو حرفِ جزم داخل ہونے پر آخر سے حرفِ علت حذف ہو جائے گا یہ اس کے مجزوم ہونے کی علامت ہے۔ جیسے یَدْعُوْ سے لَمْ یَدْعُ ، لَمْ: حرفِ جزم، یَدْعُ: مضارع مجزوم علامتِ جزم حذفِ حرفِ علت ہے۔

فعل واحد صحیح الآخر کی حالتِ جزم میں علامتِ جزم سکون، معتل الآخر کی حالت جزم میں حذف حرف علت آئندہ جدول سے واضح ہے۔

## جدول فعل واحد حالتِ جزم

| احوال | صحیح الآخیر | معتل الآخر |
|---|---|---|
| مفرد مذکر غائب | لم یَلْعَب | لَمْ یَدْ عُ |
| // مؤنث غائب | لم تَلْعَب | لم تَدْ عُ |
| // مذکر مخاطب | // // | // // |
| مفرد متکلم | لم اَلْعَب | لم اَدْ عُ |
| تثنیہ وجمع متکلم | لم نَلْعَب | لم نَدْ عُ |
| علامتِ جزم | سکون ہے | حذف حرفِ علت واو ہے |

**[۳] حذفِ نون:** یہ بھی صرف ایک جگہ افعالِ خمسہ میں جزم کی علامت ہوگی۔ افعالِ خمسہ مضارع کی وہ مثالیں ہیں جن کے آخر میں ضمائر ا۔ و۔ ی ہوں۔ ان ضمائر کے متصل ہونے کے ساتھ ساتھ فعل کے آخر میں نون کا بھی اضافہ ہوتا ہے جو افعال خمسہ کے رفع کی علامت ہے۔ جب افعالِ خمسہ پر کوئی جازم (ناصب) داخل ہو تو یہ نون حذف ہو جائے گا اور یہ حذفِ نون ہی افعال خمسہ کے مجزوم ہونے کی علامت ہے۔

آئندہ افعالِ خمسہ جازم و ناصب سے خالی حالتِ رفع میں اور جازم کے ساتھ حالتِ جزم میں ملاحظہ کریں۔

## جدولِ افعال خمسہ

| احوال | حالتِ رفع جازم سے خالی | حالتِ جزم جازم کے ساتھ |
|---|---|---|
| تثنیہ مذکر غائب | (۱) یفعَلانِ | لم یفعلا |
| جمع مذکر غائب | (۲) یفعلُوْنَ | لم یفعلوا |
| تثنیہ مؤنث غائب و مذکر و مؤنث مخاطب | (۳) تفعَلانِ | لم تفعلا |
| جمع مذکر مخاطب | (۴) تفعلُوْنَ | لم تفعلوا |
| مفرد مؤنث مخاطب | (۵) تفعلِیْنَ | لم تفعلی |
| علامت | علامت رفع نون ہے | علامتِ جزم حذفِ نون ہے |

## سوالات:

[١] کلمہ کی کون سی قسم مجزوم ہوگی؟

[٢] جزم کی علامت بیان کریں؟

[٣] جزم کی علامت سکون کس کس جگہ ہوگی؟

[٤] معتل الآخر فعل کی علامتِ جزم کیا ہوگی؟

[٥] افعالِ خمسہ کس طرح مجزوم ہوں گے؟

[٦] فعل واحد سے کیا مراد ہے اس کی جزم کی کیفیت بیان کریں؟

**نوٹ:** فعل مضارع کو جزم دینے والے جملہ حروف کا مستقل بیان آئندہ ہوگا۔

**تمرین......[١]** مندرجہ ذیل میں فعل مضارع مجزوم اور علامتِ جزم بتائیں۔ حل شدہ مثالیں پیش نظر رہیں۔

[١] لم يحفظُ محمدٌ درسَه /يحفظ : مضارع مجزوم اور جزم کی علامت سکون ہے
[٢] لم يسمعَا كلامِى /يسمعا // // // // // //حذف نون //
[٣] لم يفهمُوْا شرحَ الاستاذ..........................
[٤] لم تقرَئى القرآن اليومَ..........................
[٥] لم يشربُوا من ماءِ النهر ..........................
[٦] لم يرم محمد الكرةَ..........................
[٧] لم يدعُ المشركُ ربّهَ..........................

**تمرین......[٢]** مندرجہ ذیل جملوں میں خالی جگہ مناسب مضارع سے پر کریں اور علامت جزم بتائیں۔

[١] لم..............محمدٌ الكتابَ .
[٢] لم ............عليٌّ درسه.
[٣] لم ............هٰذهِ الاية.
[٤] لم ............الاستاذُ الفصلَ.
[٥] لم ............الطالبُ الى المدرسةِ اليومَ .

**تمرین**......[۳] مندرجہ ذیل عبارت میں مضارع مجزوم/ جازم اور علامتِ جزم واضح کریں اور اردو ترجمہ کریں۔

**أيُّها المسلمُ لا تكسل فى أداء الواجبِ. وكن كريماً فمن أوتى مالاً فلم يبخلُ فهو قريبٌ من الله قريب من الناس. واتّبِعُ تعاليمَ الإسلامِ. فمن لَمُ يُخالِف تعاليمَ الإسلام، ولم يُهْمِل العملَ بها فهو محبوبٌ عندالله وعندَ الناس، والذين لم يتّبِعُوا أوامرَ الله، ولم يجتبِبُوا نواهِيَه، ولم يسلكوُا سبيلَ المؤمنين خَسِرُوا فى الدنيا والاٰخرة.**

## جوازِم مضارع

**تعارف:** جوازم، جازم کی جمع ہے۔ وہ حرف جو مضارع پر داخل ہو کر اس کو جزم دے جازم کہلاتا ہے۔ جوازم کی دو قسمیں ہیں۔

[۱] ایک فعل کے جوازم [۲] دو فعلوں کے جوازم

**قسمِ اول:** اکیلے فعل کو جزم دینے والے مندرجہ ذیل چار حرف ہیں، لَمُ، لَمَّا، لَامِ امر، لا برائے نهى.

**عمل:** یہ حروف فعل مضارع میں لفظی اور معنوی ہر دو تبدیلیاں کر دیتے ہیں۔ لفظی طور پر تو مضارع کو جزم دیں گے۔ جس کی علامت سکون، حذفِ نون یا حذفِ حرفِ علت ہوتی ہے اور معنوی طور پر ہر حرف کا عمل مفصل بیان کیا جاتا ہے۔

## حُروفِ جزم کا استعمال اور اثر

**لَمُ:** یہ حرف فعل مضارع کو جزم دینے کے ساتھ ساتھ اس کو ماضی منفی بنا دیتا ہے جیسے یَنْصُرُ وہ مدد کرتا ہے، یا کرے گا اور لم یَنْصُرْ اس نے مدد نہیں کی۔

جب مضارع پر لم داخل ہو تو اہلِ قواعد اس کو جحد مطلق کہتے ہیں کہ نفی مطلقاً زمانہ ماضی میں ہے۔

**لَمّا :** یہ فعل مضارع کو جزم دینے کے ساتھ ساتھ اس کو ماضی منفی بنا دیتا ہے مگر اس سے نفی زمانۂ تکلم تک ہوتی ہے جیسے یکتُبُ وہ لکھتا ہے یا لکھے گا۔ لمّا یکتب : اس نے اب تک نہیں لکھا۔ جب مضارع پر لمّا داخل ہو تو اس کو جحد مستغرق کہتے ہیں کہ نفی زمانہ ماضی کو مکمل طور پر زمانۂ تکلم تک شامل ہے۔

**لامِ أمر :** یہ مکسور لام ہے جو فعل مضارع کو جزم دیتا ہے اور اس کو امر کے معنی میں کر دیتا ہے۔ اس لئے فعل میں بجائے خبر کے طلب کے معنی پیدا ہو جاتے ہیں جیسے یَنْصُرُ وہ مدد کرتا ہے یا کرے گا اور لِیَنْصُرُ چاہیے کہ وہ مدد کرے عموماً مضارع کے غائب کے صیغوں پر یہ لام داخل ہوتا ہے۔ فعل مضارع پر اس لام کے داخل ہونے کے بعد اسے امر غائب کہا جاتا ہے۔

**لاءِ نهي :** یہ فعل مضارع کو جزم دیتا ہے اور اس کو نہی کے معنی میں کر دیتا ہے۔ جیسے تکتب تم لکھتے ہو، لاتکتُبُ تم مت لکھو۔ فعل مضارع پر لائے نہی داخل ہو تو اس کو فعل نہی کہتے ہیں۔

**تمرین……[ ۱ ]** مندرجہ ذیل جملوں میں حرفِ جزم اور فعل مجزوم بتائیں نیز جزم کی علامت واضح کریں۔

| عربی جملے | حرفِ جزم | مضارع مجزوم | علامتِ جزم |
|---|---|---|---|
| [۱] لم یشربُ خالدٌ الدواءَ | لم | یشربُ | سکون |
| [۲] لا تُشرِک بِاللّٰہِ | …… | …… | …… |
| [۳] لَا تُؤَ اخِذُنا | …… | …… | …… |
| [٤] لِیقُضِ علینا ربُّک | …… | …… | …… |
| [۵] لَمْ یقُرأ خالد وعلی درسَھُما | …… | …… | …… |
| [٦] الاولادُ لمّا یحُفظوُا الدرس | …… | …… | …… |
| [۷] لا تجُلسُوُا فی السوقِ | …… | …… | …… |
| [۸] لا تاکُلوُا الفاکھۃَ قبل غَسُلِھَا | …… | …… | …… |

**تمرین......[۲]** گذشتہ جملوں کو اپنی کاپیوں میں لکھ کر ہر جملہ کے سامنے اس کا اردو ترجمہ لکھیں۔ مندرجہ ذیل جملوں میں فعل مضارع پر مناسب حرفِ جزم داخل کریں اور فعل مضارع کو مجزوم بنائیں۔ افعال میں مناسب تبدیلی کریں پہلی اور دوسری مثالیں حل شدہ ہیں۔

| | |
|---|---|
| [۱] يَذهَبُ الولدُ الى المدرسة | لم يَذهب الولد الى المدرسة . |
| [۲] محمدٌ و عليٌّ يَذْهَبانِ الى المدرسة | محمد و على لم يذهبا الى المدرسة. |
| [۳] أنتَ تُسافِرُ بالقطارِ | ................................. |
| [٤] الاولادُ يَكْتُبونَ دروسَهُمْ | ................................. |
| [٥] أنتِ تَشْرَبِين القهوةَ | ................................. |
| [٦] أنتما تذهبانِ إلى السوقِ | ................................. |
| [٧] هم يشربونَ الماءَ البارِدَ | ................................. |

مندرجہ ذیل جملوں میں مناسب فعل مضارع سے خالی جگہ پر کریں اور علامتِ جزم بتائیں۔

[۱] لم ............................المطرُ اليوم .

[۲] لا ............................فى الطريقِ.

[۳] التلميذُ لمّا ................درسَه‘.

[٤] لِ ...........................بالمعروفِ.

[٥] لِ ..........................عن المنكرِ.

# قِسمِ ثانی: دو فعل کے جوازم

**تعارف:** کلماتِ جزم جو دو فعلوں کو جزم دیتے ہیں کلماتِ مُجازات کہلاتے ہیں۔ کیونکہ ہر دو مجزوم فعلوں میں سے پہلا فعل سبب ہوتا ہے جسے شرط کہتے ہیں۔ دوسرا فعل مسبب ہوتا ہے جس کو جزا یا جوابِ شرط کہتے ہیں۔

**تعداد:** یہ گیارہ کلمات ہیں۔ پہلا حرف ہے اور بقیہ دس اسماء ہیں۔

(۱) اِنْ (۲) مَنْ (۳) مَا (٤) مَتَی (۵) اَیْنَ (٦) اَیٌّ

(۷) مهما (۸) اَیَّان (۹) اَنّیٰ (۱۰) حیثُما (۱۱) کیفَما

## بیان اور استعمال

**اِنْ:** یہ حرف شرط ہے جو مضارع کو مستقبل کے ساتھ خاص کر دیتا ہے، یہ دو فعلوں کو جزم دیتا ہے، پہلا شرط اور دوسرا جزا یا جواب شرط کہلاتا ہے جیسے اِنْ تَجْتَهِدْ تَنْجَحْ (اگر محنت کرو گے، کامیاب ہو گے)،

اِنْ : حرف شرط

تَجْتَهِدْ: فعل مضارع مجزوم شرط علامتِ جزم سکون ہے۔

تَنْجَحْ: فعل مضارع مجزوم جواب شرط علامتِ جزم سکون ہے۔

**مَنْ:** اسمِ شرط ہے جو ذوی العقول کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

جیسے مَنْ یذرعْ یحصدْ (جو بوئے گا سو کاٹے گا)۔

مَنْ : اسم شرط

یَذْرعْ: فعل مضارع مجزوم شرط

یَحْصُدْ: // // // جواب شرط

**مَا :** اسم شرط غیر ذوی العقول کے لئے ہے۔

جیسے ما تطلبْ تَجِدْ (جو چیز طلب کرو گے پاؤ گے)۔

مَا : اسم شرط

تَطْلُبْ: فعل مضارع مجزوم شرط

تَجِدْ : // // // // جواب شرط

علامتِ جزم سکون ہے۔

**مَتیٰ :** اسم شرط ظرفِ زمان ہے۔ شرط و جزاء کا زمانہ بتاتا ہے جیسے متیٰ تذھبُ اَذھبُ جب تم جاؤ گے میں جاؤں گا)۔

مَتیٰ : اسم شرط ظرفِ زمان
تَذُھَبُ: فعل مضارع مجزوم شرط
اَذھَبُ: // // // // //جواب شرط

**اَیُنَمَا:** اسم شرط ظرف مکان ہے۔ شرط و جزا کا مکان بتاتا ہے جیسے اَیُنَما تَجُلسُ اَجلسُ (جہاں تم بیٹھو گے، میں بیٹھوں گا)۔

اَیُنَما : اسم شرط ظرفِ مکان
تَجُلِس : فعل مضارع مجزوم شرط
اَجُلِسُ : // // // // جواب شرط

**اَیُّ :** اسم شرط برائے مساوات یہ بتاتا ہے کہ شرط و جزا واقع ہونے میں دونوں مساوی ہیں۔ ایُّ کا لفظ ذوی العقول، غیر ذوی العقول، زمان و مکان سب کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ مثال

ذوی العقول جیسے ایُّ رجلٍ یُکر مُنی اُکرمُه.
غیر // // // ایُّ کِتَابِ تقُرأ أقرأْ.
مکان// // // اَیُّ مکانٍ تذھبُ اذھبُ.
زمان/ // // اَیُّ یَومِ تسافرُ اسافرُ.

ہر مثال میں أیّ اسم شرط، فعل اول مضارع مجزوم شرط، فعل ثانی مضارع مجزوم جواب شرط ہے۔

**مَھُمَا :** اس کا استعمال اور معنی مَا کی طرح ہے۔

**اَیَّانَ :** اس کا استعمال اور معنی متیٰ کی طرح ہے۔

**اَنیٰ ، حَیُثُما:** ان کا استعمال اور معنی اینما کی طرح ہے۔

**كَيُفَمَا:** حالت کے لئے ہے کہ شرط وجزا کی کیفیت وحالت بتا تا ہے۔ جیسے كَيُفَمَا يَكُنِ الشَّعُبُ يَكُنِ الحُكّامُ (جیسے عوام ہوں گے ویسے حکمران ہوں گے )۔ ترکیبِ نحوی یوں کریں گے۔

كيفما : اسم شرط برائے حالت
يكنُ : فعل مضارع مجزوم شرط
الشعب: فاعل مرفوع
يكنُ : فعل مضارع مجزوم جواب شرط
الحكام : فاعل مرفوع

**تمرین......[ ۱ ]** مندرجہ ذیل جملوں میں سے حل شدہ مثال کی طرح کلماتِ شرط اور فعل شرط مجزوم اور جوابِ شرط بتائیں۔

| عربی جملے | کلمہ شرط | فعل مجزوم | علامت جزم | فعل مجزوم | علامت جزم |
|---|---|---|---|---|---|
| اِن تَدُرُسُ تَنُجَحُ | ان حرف شرط | تدرس | سکون | تنجح | سکون |
| مَن يَعُمَلُ سوءاً يُجُزَ بِهٖ | ----- | ----- | ----- | ----- | ----- |
| اِنُ تَدُرسُوُا تَنُجَحُوا | ----- | ----- | ----- | ----- | ----- |
| مَا تَفُعَلُوا من خير يَعُلَمُه‘ اللّٰهُ | ما اسم شرط | تفعلوا | حذف نون | یعلم | سکون |
| مهما تفعلُ افعلُ | ----- | ----- | ----- | ----- | ----- |
| اَیَّ يوم تذهب اذهب | ----- | ----- | ----- | ----- | ----- |
| اَیَّ كتابٍ تقرأ اقرأ | ----- | ----- | ----- | ----- | ----- |
| اَيُنَما تكونوا تَفُوزُوُا | ----- | ----- | ----- | ----- | ----- |

**تمرین......[ ۲ ]** مذکورہ جملوں کو لکھیں اور ہر ایک کا اردو ترجمہ تحریر کریں۔

**تمرین......[۳]** مندرجہ ذیل جملوں میں مناسب کلماتِ شرط لگائیں (دو حرفوں کو جزم دینے والے ) پھر جملوں کا اردو ترجمہ کریں۔

[۱] ......................يعمل خيراً يَرَه‘
[۲] ......................يعمل شراً يَرَه
[۳] ......................تجلس اجلس
[٤] ......................تذهب اذهب
[۵] ......................تلميذ يدرس ينجح

**تمرین ......[٤]** مندرجہ ذیل جملوں میں مناسب جواب شرط لگا کر خالی جگہ پر کریں (مضارع مجزوم اور علامتِ جزم بتائیں)۔

[١] إن تُذنب ........................

[٢] أَیُنَما تُسَافِرُ........................

[٣] مَنُ یُسَاعِدُنی.....................

[٤] اَیَّ إِنُسَان تُصَاحِبُه.............

[٥] اَیُنَما تَکُن ......................

[٦] مَنُ یَزُرَعُ یَحُصَدُ.................

# گردان مضارع مجزوم بلم/ یاحجد مطلق معلوم

| احوال | | | امثلہ | اردو ترجمہ | علامتِ جزم حالت بنا |
|---|---|---|---|---|---|
| نوع | جنس | عدد | | | |
| غائب | مذکر | مفرد | لم یَکتُبُ | اس ایک مرد نے نہیں لکھا | سکون |
| // | // | تثنیہ | // یَکتُبَا | ان دو مردوں // // // | حذفِ نون |
| // | // | جمع | // یَکتُبُوا | ان سب // // // | // |
| // | مؤنث | مفرد | // تَکتُبُ | اس ایک عورت نے نہیں لکھا | سکون |
| // | // | تثنیہ | // تَکتُبَا | ان دو عورتوں // // // | حذف نون |
| // | // | جمع | // یَکتُبنَ | ان سب // // // | مبنی علی السکون |
| مخاطب | مذکر | مفرد | // تَکتُبُ | تو ایک مرد نے نہیں لکھا | سکون |
| // | // | تثنیہ | // تَکتُبَا | تم دو مردوں // // // | حذف نون |
| // | // | جمع | // تَکتُبوا | تم سب // // // | // |
| // | مؤنث | مفرد | // تَکتُبِی | تو ایک عورت نے نہیں لکھا | حذف نون |
| // | // | تثنیہ | // تَکتُبا | تم دو عورتوں // // // | // |
| // | // | جمع | // تَکتُبنَ | تم سب // // // | مبنی علی السکون |
| متکلم | مشترک | مفرد | // اَکتُبُ | میں ایک نے نہیں لکھا | سکون |
| // | // | تثنیہ وجمع | // نَکتُبُ | ہم دو یا سب // // // | // |

# گردان مضارع مجزوم بلائے نہی/ یا فعل نہی معروف

| احوال | | | امثلہ | ترجمہ | علاماتِ جزم وحالت بنا |
|---|---|---|---|---|---|
| نوع | جنس | عدد | | | |
| غائب | مذکر | مفرد | لا یَکْتُبْ | وہ ایک مرد نہ لکھے | سکون |
| // | // | تثنیہ | // یَکْتُبَا | // دو// //لکھیں | حذفِ نون |
| // | // | جمع | // یَکْتُبُوْا | سب // // // | // |
| // | مؤنث | مفرد | // تَکْتُبْ | وہ ایک عورت نہ لکھے | سکون |
| // | // | تثنیہ | // تَکْتُبَا | دوعورتوں// //لکھیں | حذف نون |
| // | // | جمع | // یَکْتُبْنَ | سب // // // | مبنی علی السکون |
| مخاطب | مذکر | مفرد | // تَکْتُبْ | تو ایک مرد نہ لکھے | سکون |
| // | // | تثنیہ | // تَکْتُبَا | تم دو// //لکھو | حذف نون |
| // | // | جمع | // تَکْتُبُوْا | سب// // // | // |
| // | مؤنث | مفرد | // تَکْتُبِیْ | تو ایک عورت نہ لکھے | حذف نون |
| // | // | تثنیہ | // تَکْتُبَا | تم دو عورتیں نہ لکھو | // |
| // | // | جمع | // تَکْتُبْنَ | تم سب// // // | مبنی علی السکون |
| متکلم | مشترک | مفرد | // اَکْتُبْ | میں ایک نہ لکھوں | سکون |
| // | // | تثنیہ وجمع | // نَکْتُبْ | ہم دو یا سب نہ لکھیں | // |

# فعل امرِ غائب

# یا

# مضارع مجزوم بلام امر

**امرِ مخاطب اور غائب میں فرق:** فعل مضارع مخاطب کی چھ مثالوں سے امر کا جو صیغہ بنایا جاتا ہے اسے تو امرِ مخاطب یا امر بالصیغہ کہتے ہیں، بقیہ آٹھ مثالیں چھ غائب، دو متکلم پر لام امر مکسور حرفِ جزم لگا دیں۔

جیسے یَکْتُبُ سے لِیَکْتُبْ (چاہیے کہ وہ لکھے) ل: حرف جزم یکتب مضارع مجزوم علامتِ جزم سکون ہے۔

**وضاحت:** متکلم کے دو صیغوں کو بھی غائب کے ساتھ ملحق کرتے ہیں۔ گویا کہ متکلم اپنے آپ کو غائب شمار کر کے امر کرتا ہے جیسے اَکْتُبُ مضارع سے لِأَ کْتُبْ (چاہیے کہ میں لکھوں) لِ: حرفِ جزم اَکْتُب مضارع مجزوم۔ علامت جزم سکون۔

**اثرِ لامِ امر:** غائب سے متکلم کی مثالوں پر لامِ مکسور داخل ہونے سے مضارع مجزوم ہو جاتا ہے اور جزم کی علامت فعل واحد صحیح الاخیر میں سکون ہے۔

جزم کی علامت فعل معتل الاخیر میں حرفِ علت ہے
// // // افعالِ خمسہ // حذفِ نون //
جیسا کہ آئندہ جدول سے واضح ہو رہا ہے۔

# جدول مضارع مجزوم بلام مکسور یا امرِ غائب

| احوال | | امثلہ | اردو ترجمہ | علاماتِ جزم وحالتِ بنا |
|---|---|---|---|---|
| جنس | عدد | | | |
| مذکر | مفرد | لِیَکْتُبْ | چاہیے کہ وہ ایک لکھے | سکون |
| // | تثنیہ | لِیکْتُبا | // // // دو لکھیں | حذفِ نون |
| // | جمع | لِیَکْتُبُوْا | // // // سب // | // // |
| مؤنث | مفرد | لِتَکْتُبْ | چاہیے وہ ایک عورت لکھے | سکون |
| // | تثنیہ | لِتَکْتُبَا | // //دو عورتیں لکھیں | حذفِ نون |
| // | جمع | لِیَکْتُبْنَ | // // سب // // | مبنی علی السکون |
| مشترک | مفرد | لِأَکْتُبْ | چاہیے کہ میں لکھوں | سکون |
| // | تثنیہ وجمع | لِنَکْتُبْ | // // ہم لکھیں | // |

# احوالِ معرب

کلام میں استعمال کے وقت اسم معرب کی تین حالتیں ہوتی ہیں۔

[۱] حالت رفع: جو اسماء اس حالت میں واقع ہوں مرفوعات کہلاتے ہیں۔

[۲] // نصب: // // // // // // // // منصوبات // // //

[۳] // جر : // // // // // // // // // // مجرورات // //

# مرفوعات

## تعداد۔تعارف۔امثلہ

مرفوعات نو ہیں۔

[۱] فاعل

[۲] نائب فائل

[۳] مبتدا

[٤] خبر

[۵] اسمِ کان (واخواتِ کان )

[٦] خبر انّ (واخواتِ انّ)

[۷] خبرلانفی جنس

[۸] حروفِ مشبّہ بلیس کا اسم

[۹] تابع مرفوع

## مرفوع رقم : (۱) فاعل

**تعارف:** لغت میں کام کرنے والے کو فاعل کہتے ہیں۔قواعد کی رو سے فاعل وہ اسم مرفوع ہے جو فعل کے بعد آئے اور اس ذات کو بتائے جس سے فعل واقع ہو یا اس ذات کے ساتھ فعل قائم ہو۔

جیسے خَلَقَ اللهُ الاَرْضَ اس میں اللهُ فاعل مرفوع ہے اور رفع کی علامت ضمہ ہے کہ خلق کا کام اس ذات نے کیا۔

مَاتَ الکَافِرُ میں الکافر فاعل مرفوع ہے۔رفع کی علامت ضمہ ہے۔اس میں موت کا فعل الکافر کے ساتھ قائم ہے۔

**تمرین نمبر......[ ۱ ]** مندرجہ ذیل جملوں میں فعل، فاعل اور رفع کی علامت بتائیں؟

جیسے شَرَحَ المدرِسُ الدرسَ: فعل ماضی، فاعل مرفوع علامت ضمہ، الدرسَ مفعول بہ منصوب

[۱] حَضَرَ صَالِحٌ ..........................................

[۲] ذهب ابُوک..........................................

[۳] فاز المخلصُونَ......................................

[٤] یکتبُ الاستاذُ......................................

[۵] ینزل المطَرُ.........................................

**تمرین نمبر......[۲]** مندرجہ ذیل افعال کے ساتھ مناسب فاعل ذکر کریں اور اس کے رفع کی علامت بتائیں؟

[۱] اشتَرىٰ ...............[۲] یَربَحُ ................

[۳] یحضرُ ................[٤] یُصَلِّی..................

[۵] یَعبُدُ..................

**تمرین نمبر......[۳]** مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیں۔ جواب کا ہر جملہ فاعل پر مشتمل ہو۔

[۱] مَنْ حَضَر؟ [۲] هل سَافَرَ اَخُوکَ؟

[۳] من یکتُبُ ؟ [٤] من یَزُوْرُنَا؟

## مرفوع رقم: (۲) نائب فاعل

**تعارف:** وہ مرفوع اسم جو فعل مجہول کے بعد فاعل کی جگہ آتا ہے، یہ اصل میں اس فعل کا مفعول ہوتا ہے مگر مفعول کی طرح منصوب نہیں بلکہ فاعل کا نائب ہونے کی وجہ سے فاعل کی طرح مرفوع ہوتا ہے، فعل مجہول کا فاعل یا تو معلوم ہی نہیں ہوتا یا کسی خاص غرض سے حذف کر دیا جاتا ہے۔

جیسے کُسِرَ الکأسُ اس میں کُسِرَ : فعل ماضی مجہول اور الکأسُ نائب فاعل ہے، یُفْتَحُ البابُ اس میں یُفْتَحُ : مضارع مجہول اور البابُ : نائب فاعل ہے۔

**تمرین نمبر......[۱]** مندرجہ ذیل جملوں کی ترکیب کریں اور فعل اور نائب فاعل بتائیں؟

[۱] فُتِحَ الْبَابُ.

[۲] سُرِقَ الکتابُ.

[۳] اُخِذَتِ الوَرَقَةُ.

[٤] یُعْبَدُ اللہُ.

[۵] یُحتَرمُ الاُستَاذُ.

**تمرین نمبر......[۲]** مندرجہ ذیل جملوں میں فاعل حذف کریں اور مفعول کو نائب فاعل بنائیں، فعل معلوم کو بھی مجہول بنالیں اور مناسب تبدیلی کریں؟

جیسے قَرأ اَحمَدُ القُرآنَ سے قُرِئَ القُرآنُ.

[۱] أكل الولدُ الخبزَ.......................

[۲] شرِبَ خالد اللبنَ......................

[۳] يركبُ عليٌّ الحصانَ....................

[۴] يقرأُ محمدٌ الدرسَ......................

[۵] يَنصُرُ وليدٌ حامداً.......................

**تمرین نمبر......[۳]** مندرجہ ذیل عبارت میں فعل مجہول اور نائب فاعل بتائیں اور عبارت کا اردو ترجمہ کریں؟

**بُعِثَ سيّدُنا محمدٌ صلى الله عليه وسلم إلى كافَّةٍ للناس بشيراً ونذيراً، اُرسِلَ إليه جبريلُ عليه السلام، وهو فى غار حراءَ، واُنزل عليه بعضُ آيات القرآن، دعاالناس إلى توحيدِ اللهِ، وتركِ الشركِ. تبعه' ضعفاءُ الناسِ، فعُذِّبُوْا عذاباً شديداً. وهذا فى مكةَ المكرمة قبل هجرتهٖ إلى المدينةِ المنورةِ.**

## مرفوع رقم: (۳) مُبتدا

**تعارف:** وہ مرفوع اسم ہے جو عموماً جملہ اسمیہ کے شروع میں آتا ہے اور کوئی حکم اس کی طرف منسوب ہوتا ہے، جیسے **محمدٌ رَسول اللّٰه** (حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم رسول ہیں)، اس میں **محمدٌ** مبتدا ہے جو مرفوع ہے رفع کی علامت ضمہ ہے اور **رسول** وہ حکم ہے جو ان کی طرف منسوب ہے جسے خبر کہتے ہیں۔

**ملاحظہ:** مبتدا اصل میں تو معرفہ ہی ہوتا ہے کیونکہ نکرہ سے ابتدا درست نہیں۔ نکرہ اگر مفیدہ ہو تو اس سے بھی ابتدا ہوسکتی ہے، نکرہ مفیدہ کا معنی یہ ہے کہ اس میں کچھ خصوصیت پیدا ہو جائے چاہے کسی طریقہ سے ہو۔

## مرفوع رقم: (٤) خبر

**تعارف:** مبتدا کے متعلق جو حکم بھی صادر کیا جائے اسے خبر کہتے ہیں۔

جیسے **خالدٌ عالمٌ** میں **خالدٌ**: مبتدا کے متعلق ''عالم ہونے کا حکم ہے'' یہ خبر ہے جو مرفوع ہے اور رفع کی علامت ضمہ ہے۔

### ملاحظات:

ا: مبتدا اور خبر دونوں مرفوع ہوتے ہیں۔

ب: دونوں کے لئے ضروری ہے کہ (عدد میں یعنی) مفرد تثنیہ اور جمع ہونے میں ایک دوسرے کے مطابق رہیں۔

......مفرد کی مثال جیسے **محمدٌ قائمٌ**

**محمد** مبتدا مفرد اور **قائم** خبر بھی مفرد ہے۔

......تثنیہ کی مثال جیسے **الوَلَدانِ قائمان**

**الولدان** مبتدا تثنیہ ہے اور **قائمانِ** خبر بھی تثنیہ ہے۔

......جمع کی مثال جیسے **الرجالُ قائمونَ . الرجال:** مبتدا جمع، اور **قائمون** خبر بھی جمع ہے

ج: دونوں (جنس میں یعنی) مذکر و مؤنث ہونے میں بھی ایک دوسرے کے مطابق ہوں۔

......مذکر کی مثال جیسے **طارقٌ جالسٌ**

**طارقٌ** مبتدا مذکر ہے۔ **جالس** خبر بھی مذکر ہے۔

......مؤنث کی مثال جیسے **سَلْمٰی جالسةٌ**

**سلمیٰ** مبتدا مؤنث ہے۔ **جالسة** خبر بھی مؤنث ہے۔

## تمرینات برائے مبتدا وخبر

**تمرین نمبر......[ ۱ ]** مندرجہ ذیل جملوں میں مبتدا اور خبر بتائیں۔ دونوں مرفوع ہوں گے رفع کی علامت بتائیں۔

[ ۱ ] **التلميذُ ناجحٌ** میں **التلميذُ** :مبتداء مرفوع رفع کی علامت ضمہ ہے۔ **ناجحٌ** :خبر مرفوع ہے اور رفع کی علامت ضمہ ہے۔

[ ۲ ] **محمدٌ فلّاحٌ**.........................................

[۳] الفاكهةُ حُلوةٌ.............................................

[٤] القَلَمانِ جَمِيلانِ.........................................

[۵] الكتابانِ مفيدانِ.........................................

**تمرین نمبر......[۲]** مندرجہ ذیل اسماء کو مبتدا بنا کر مناسب خبر سے جملے بتائیں؟

[۱] المدرسُ.............................................

[۲] الطالبانِ .............................................

[۳] العُصفُور .............................................

[٤] الأساتِذَةُ.............................................

[۵] المؤمِنُ.............................................

**تمرین نمبر......[۳]** مندرجہ ذیل اسماء کو خبر بنا کر مناسب مبتدا لا کر جملے بنائیں؟

[۱] ..................................مدينةٌ

[۲] ..................................ثمينٌ

[۳] ..................................حاضرونَ

[٤] ..................................عالمانِ

[۵] ..................................مخلصونَ

## اقسامِ خبر

خبر کی تین قسمیں ہیں: [۱] مفرد [۲] جملہ [۳] شبہ جملہ

**خبر مفرد:** جو خبر اکیلا لفظ ہو جیسے **محمدٌ قائمٌ**. **محمد**: مبتدا **قائم** خبر مفرد ہے۔

**خبر جملہ:** جو خبر مرکب تام ہو۔ اس کی دو صورتیں ہیں: ا۔ خبر اسمیہ۔ ب۔ جملہ فعلیہ۔

**خبر جملہ اسمیہ کی مثال:** **محمدٌ اَبُوْهُ جَالِسٌ**

ترکیبِ نحوی: **محمد** مبتداء اول، **ابوه** مبتدا ثانی، **جالس** خبر، مبتدا اور خبر جملہ اسمیہ: مبتدا ''محمد'' کی خبر ہے۔

**خبر جملہ فعلیہ کی مثال:** رشیدٌ جَلَسَ اَبُوْهُ

رشید : مبتدا، جلس: فعل، ابوہ: فاعل اور فاعل جملہ فعلیہ رشیدٌ مبتدا کی خبر ہے۔

**قاعدہ:** جب بھی خبر جملہ ہوگی تو مبتدا اور خبر کے درمیان رابط کا ہونا ضروری ہے، رابط یا تو ضمیر ہوگی جیسے گذشتہ مثالوں میں ہٗ ضمیر مبتدا کی طرف لوٹ رہی تھی، اور یا اسم اشارہ ہوگا جیسے عَلِیٌّ هٰذا رجلٌ عالمٌ اس میں هذا اسم اشارہ مبتدا علی کی طرف ہے۔

**شبہ جملہ:** جب خبر مرکب تو ہو مگر کامل جملہ نہ ہو اس کی دو صورتیں ہیں:

[۱] جارمجرور [۲] ظرف

**جار مجرور کی مثال:** جیسے ”طارق فی المسجد“ طارق مبتدا في حرفِ جر المسجد مجرور، حرفِ جر و مجرور شبہ جملہ طارق مبتدا کی خبر ہوں گے۔

**ظرف کی مثال:** جیسے الکتاب فوق الصندوق۔

الکتاب مبتدا، فوق الصندوق ظرف ”شبہ جملہ“ الکتاب مبتدا کی خبر ہے۔

**تمرین نمبر......[۱]** مندرجہ ذیل جملے اسمیہ ہیں۔ ان میں خبرِ مفرد، خبر جملہ اور خبر شبہ جملہ الگ الگ کریں؟

[۱] محمدٌ ابوهُ مدرسٌ.

[۲] عَلِیٌّ ابنه' دُکتور .

[۳] الاولادُ لاعبونَ .

[٤] القلمُ فی الشنطةِ.

[۵] الدواةُ فوق الطاولةِ.

**تمرین نمبر......[۲]** مندرجہ ذیل اسماء کو مبتدا بنا کر خبر جملہ اسمیہ یا جملہ فعلیہ لائیں؟

[۱] الطُلاَّبُ..............................

[۲] المدرس..............................

[۳] حمیدٌ..............................

[٤] الاستاذُ..............................

[۵] محمدٌ..............................

**تمرین نمبر......[۳]** مندرجہ ذیل اسماء کو مبتدا بنا کر خبر شبہ جملہ/ جار مجرور یا ظرف لائیں؟

[۱] الطائرُ........................................

[۲] حامدٌ........................................

[۳] الكتابُ........................................

[٤] خالدٌ........................................

[٥] القلمُ........................................

**تمرین نمبر......[٤]** مبتدا کو مناسب خبر کے ساتھ جوڑ کر جملہ مکمل کریں نوعیتِ خبر بتائیں؟

### حل شدہ مثال : خالد اخوہ طبیب

| مبتدا | خبر | نوعیتِ خبر |
|---|---|---|
| [۱] خالد | فوق الجدار | ---------- |
| [۲] المصلِّیُ | فی المدرسة | ---------- |
| [۳] التلمیذ | اخوہ طبیب | جملہ اسمیہ |
| [۴] الطائرُ | أكل الخبز | ---------- |
| [۵] الطالبُ | فی المسجد | ---------- |

## نواسخ

**تعارف:** نواسخ، ناسخ کی جمع ہے۔ ناسخ کسی حکم کو زائل کرنے والے کو کہتے ہیں۔ جملہ اسمیہ کے دونوں جز مبتدا اور خبر مرفوع ہوتے ہیں جس کا سبب کوئی خارجی عامل نہیں ہوتا۔

**عمل نسخ:** بعض عوامل جملہ اسمیہ پر داخل ہو کر مبتدا اور خبر کے پہلے اعراب کو زائل کر کے نئے اعراب دیتے ہیں۔ ان کو نواسخ جملہ اسمیہ کہتے ہیں۔

**اقسام:** نواسخ جملہ اسمیہ کی تین اقسام ہیں:

[۱] مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دینے والے یہ کَانَ اور اس کے اخوات ہیں۔

[۲] مبتدا کو نصب اور خبر کو رفع دینے والے۔ یہ اِنَّ اور اس کے اخوات ہیں۔

[۳] مبتدا اور خبر دونوں کو نصب دینے والے۔ یہ ظَنَّ اور اس کے اخوات ہیں۔

مرفوعات اور منصوبات کے باب میں ہم صرف پہلی دو قسموں کو مفصل بیان کریں گے۔

## مرفوع رقم: (۵) کَانَ اور اس کے اخوات

**تعارف:** یہ تیرہ افعال ہیں جو اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتے ہیں۔ اہل قواعد ان کو افعالِ ناقصہ کہتے ہیں: ان میں آٹھ بغیر مَا کے: کَانَ . صَارَ . اَصْبَحَ . اَمسیٰ. اَضْحیٰ. ظَلَّ . بَاتَ
پانچ ما کے ساتھ : مَازَال . مَا انْفَکَّ . مابَرِحَ . مَا فَتِئَ . مَادَامَ

**تسمیہ:** ان کی مذکورہ صورت میں یہ سب افعال ماضی ہیں۔ اگرچہ بعض فعل کی دیگر صورتوں میں بھی استعمال ہوتے ہیں۔ عام عربی فعل کا معنی تو اس کے فاعل مرفوع پر مکمل ہوجاتا ہے اس لئے ان کو تامہ" کہتے ہیں۔ مگر افعال ناقصہ ایسے افعال ہیں کہ ان کا معنی ان کے اسمِ مرفوع پر مکمل نہیں ہوتا جب تک کہ خبرِ منصوب ذکر نہ کی جائے۔

**فائدہ:** افعالِ ناقصہ میں سے ہر ایک مخصوص معنی کے لئے استعمال ہوتا ہے جس جملہ اسمیہ پر فعل ناقص داخل ہوتا ہے اس کے اعراب کی تبدیلی کے ساتھ ساتھ اس میں معنی کا بھی اضافہ ہوجاتا ہے۔

## افعالِ ناقصہ کے معانی

معانی کے اعتبار سے افعال ناقصہ کی تقسیم اس طرح ہوتی ہے۔

| | |
|---|---|
| ا۔ توقیتِ زمانہ | کے لئے......چھ |
| ب۔ استمرار | // // ......چار |
| ج۔ تحویل | // //......ایک |
| د ۔ نفی | // //......ایک |
| ر۔ بیانِ مدت یا توقیتِ حالت | // //......ایک |

# تفصیلِ معانی وامثلہ

## (ا) توقیتِ زمانی:

**توقیتِ زمانی:** سے مراد حکم کو مخصوص اوقات کے ساتھ مقید کر دینا ہے۔ حکم سے مراد اس کا خبر کے ساتھ متصف ہونا ہے۔

### افعال ناقصہ برائے توقیتِ زمان:

توقیتِ زمان کے لئے یہ چھ افعال ناقصہ ہیں:

[١] كَانَ [٢] أَصْبَحَ [٣] أَضْحىٰ

[٤] أمسىٰ [٥] ظَلَّ [٦] بَاتَ

**كَانَ :** زمانۂ ماضی میں اسم کا خبر سے متصف ہونا بتاتا ہے۔ اب اتصاف منقطع ہو جیسے: كَانَ التلميذُ مجتهداً (طالب علم محنتی تھا) میں كان : فعل ناقص، التلميذ: اسم كان: مرفوع، مجتهداً: خبر كان: منصوب یا اتصاف منقطع نہ ہو جیسے: كانَ اللهُ غفوراً (اللہ تعالیٰ بخشنے والا ہے) میں كان: فعل ناقص، اللهُ: اسم كان مرفوع، غفوراً: خبر كان: منصوب۔

**أصبح :** زمانہ ماضی میں صبح کے وقت اسم کا خبر کے ساتھ متصف ہونا بتاتا ہے۔ جیسے أَصبحَ الجوُّ بارداً (فضا صبح کو ٹھنڈی ہوئی) میں أصبح: فعل ناقص، الجو: اسمِ أصبح: مرفوع، بارداً: خبر اصبح: منصوب۔

**أمسىٰ :** زمانہ ماضی میں شام کے وقت اسم کا خبر کے ساتھ متصف ہونا بتاتا ہے جیسے: أمسَى الجوُّ حاراً (فضا شام کو گرم ہوئی) میں أمسىٰ: فعل ناقص، الجوُّ اسم أمسىٰ: مرفوع، حاراً: خبر امسىٰ: منصوب۔

**أضحىٰ:** زمانہ ماضی میں چاشت کے وقت اسم کا خبر سے اتصاف بتاتا ہے جیسے: أضحى الطالب نشيطاً (طالب علم چاشت کے وقت مستعد رہا) میں أضحىٰ: فعل ناقص، الطالبُ: اسم، اضحىٰ: مرفوع، نشيطاً خبر، أضحىٰ منصوب۔

**ظلّ:** زمانہ ماضی میں مکمل دن اسم کا خبر سے اتصاف بتاتا ہے۔ جیسے ظَلَّ وجهُه، مُحْمَرّاً، (اس کا چہرہ پورے دن سرخ رہا) میں ظَلَّ: فعل ناقص، وجھُہٗ اسم ظلَّ: مرفوع، محمراً خبر ظل: منصوب۔

**بات:** زمانہ ماضی میں تمام رات اسم کا خبر کے ساتھ متصف ہونا بتاتا ہے جیسے: باتَ خالدٌ مسروراً (خالد نے تمام رات خوشی سے گزاری) میں باتَ: فعل ماضی ناقص، خالدٌ: اسم، باتَ: مرفوع مسروراً: خبر، بات: منصوب۔

## (ب) استمرار

**تعارفِ افعال برائے استمرار:** استمرار سے مراد حکم کا تسلسل ہے کہ اسم جب سے خبر سے متصف ہوا انقطاع نہ ہو۔ اس معنی کے لئے چار افعالِ ناقصہ ہیں۔

[۱] مازالَ [۲] ما بَرِحَ [۳] ما أنفکَ [٤] ما فَتِئَ

مذکورہ چاروں افعال ماضی ہیں اور ہر ایک کے ساتھ ''ما'' نافیہ کا آنا ضروری ہے کیونکہ ہر لفظ کا معنی نفی والا ہے۔ جب اس پر حرفِ نفی داخل ہوگا تو اثبات ہوجائے گا جیسے زَالَ وہ زائل ہوا مَا زالَ وہ ثابت رہا، یہی استمرار رہا۔

## تفصیل معانی وامثلہ

**مازال:** برائے استمرار یہ بتاتا ہے کہ اسم اپنی خبر کے ساتھ زمانہ ماضی میں مسلسل متصف رہا ہے، جیسے مَازَال الإسلامُ ظاهراً (اسلام ہمیشہ غالب رہا) میں ما: حرفِ نفی، زال: فعل ماضی ناقص، اَلاِسلامُ: اسم، مازال: مرفوع، ظاهراً: خبر مازال: منصوب۔

**ما برحَ:** برائے استمرار یہ بھی سابق کی طرح ہی ہے جیسے ما برح ابراهیمُ واقفاً (ابراہیم کھڑا رہا)، ما برح: فعل ناقص، ابراهیمُ اسم مرفوع، واقفاً: خبر منصوب۔

**ما أنفکَّ:** برائے استمرار سابق کی طرح ہے۔ جیسے ما أنفکَّ الکریمُ محترَماً (سخی آدمی ہمیشہ محترم رہا) ما أنفکّ فعل ناقص الکریم اسم ما أنفکَّ مرفوع، محترماً: خبر منصوب۔

**ما فَتِئَ:** برائے استمرار کا معنی بھی سابق کی طرح ہے ما فتِئ العالم محبوباً (عالم ہمیشہ محبوب رہا)۔ مافتئ: فعل ناقص، العالم: اس کا اسم مرفوع، محبوباً: اس کی خبر منصوب۔

## (ج) تحویل

تحویل ایک حالت یا صفت سے دوسری حالت یا صفت میں تبدیلی کو کہتے ہیں۔ تحویل کے لئے صرف ایک فعل ناقص ''صَارَ'' ہے۔

**استعمالِ صارَ:** صار: برائے تحویل یہ بتاتا ہے کہ اسم اپنی پہلی حالت وصفت سے دوسری حالت و صفت میں تبدیل ہوگیا ہے جس کا بیان اس کی خبر ہے۔ جیسے صارَ الشّابُ شیخاً (جوان بوڑھا ہوگیا) میں صَارَ: فعل ناقص، الشّابُ اسم صار: مرفوع، شیخاً خبر صار منصوب۔

اس مثال میں صَارَ نے بتایا ہے کہ جوان/ اپنی جوانی کی حالت سے بڑھاپے کی حالت میں تبدیل ہوگیا۔

## (د) نفی

نفی سے مراد سلبِ حکم یعنی حکم کا نہ ہونا ہے۔ نفی کے لئے ایک فعلِ ناقص ''لَيُسَ'' ہے۔

**استعمالِ لَيُسَ:** لَيُسَ بتاتا ہے کہ اسم اپنی خبر کے ساتھ متصف نہیں ہے جیسے لیسَ الرجلُ عالماً (آدمی عالم نہیں ہے) میں لیسَ: فعل ناقص، الرجلُ: اسم لیسَ: مرفوع عالماً: خبر لیس منصوب۔

اس مثال میں لیس نے رجُل سے عالم ہونے کی نفی بتائی ہے۔

## (ھ) بیان مدت یا توقیتِ حالت

**مدت:** کسی حکم کی مدتِ وقوع کا تعین کرنا بیان مدت ہے اور

**توقیت:** حکم کو مخصوص حالت کے ساتھ مقید کرنا توقیتِ حالت ہے۔

ہر دونوں تعبیر سے مقصود ایک ہی ہوتا ہے کہ یہ بتایا جائے کہ ''عمل کس وقت تک جاری رہے گا''۔ یا مبتدا کا اپنی خبر سے کب تک اتصاف ہوگا۔ اس مقصد کے لئے ایک ہی فعل ناقص ''مَادَامَ'' ہے۔

**ضروری وضاحت:** دَامَ تو فعل ناقص ماضی ہے جس کا معنی ہے، ''ہمیشہ رہا'' اور ما مصدریہ ظرفیہ ہے اب مادام کا معنی ہے ''جب تک رہے'' ما کو مصدریہ اس لئے کہتے ہیں کہ یہ دَام فعل کو دَوَام یعنی مصدر کے معنی میں بنا دیتا ہے، ما کو ظرفیہ اس لئے کہتے ہیں کہ یہ اپنے اسم اور خبر دونوں کے ساتھ مل کر جملہ سابقہ کا ظرفِ زمان ہوتا ہے، جیسے مثال سے واضح ہوگا۔

**استعمالِ مَادَامَ:** مَادَامَ یہ بتاتا ہے کہ جملہ سابقہ کا حکم کب تک رہے گا۔ جیسے کہیں اجتَہِدُ ما دُمتَ طالِباً (جب تک تو طالب علم ہے محنت کر)۔ اس میں مخاطب کے اجتہاد کی مدت بیان کی گئی ہے یو یوں کہیں کہ مخاطب کے اجتہاد کے حکم کو طالب علمی کی حالت کے ساتھ مقید کر دیا ہے۔

اس جملے کی ترکیب یوں ہوگی:

اجتہِد: فعل امر مخاطب، انت: ضمیر مستتر فاعل، ما: مصدریہ ظرفیہ دَامَ: ناقص فعل، ت: ضمیر اسم مادام طالباً: خبر مادام

اس جملے کا معنی ہوگا۔ اِجتَہِدُ مُدَّةَ دَوَامِکَ طالباً.

## تمرینات

**تمرین نمبر......[۱]** مندرجہ ذیل جملوں میں مناسب فعل ناقص داخل کریں اور جملوں کو اعراب لگائیں؟

[۱] ........................القمر طالع .
[۲] ........................المال کثیر .
[۳] ........................الجندی نشیط.
[٤] ........................البرد شدید.
[٥] ........................الولد صالح

**تمرین نمبر......[۲]** مندرجہ ذیل جملوں کی ترکیب نحوی کریں۔ فعل ناقص اور اس کا اسم وخبر بتائیں؟

[۱] كان اللهُ غفوراً.
[۲] أمسیٰ الجوُّ حارّاً.
[۳] أصبح البردُ شدیداً.
[٤] ظلّ خالدٌ صائماً.
[٥] صار السِّعرُ رخیصاً.
[٦] بات عَلِیٌّ ساهراً.

[۷] مازال زیدٌ واقفاً.

[۸] ما أنفکَّ خالدٌ جالساً.

[۹] مافتِیَٔ بکرٌ محسناً.

[۱۰] ما برح محمدٌ صالحاً.

[۱۱] لیس حامدٌ عالماً.

[۱۲] لا اذهب ما دامَ طارقٌ موجوداً.

[۱۳] أضحَی العاملُ مجتھداً.

سوال: مندرجہ ذیل جملوں کا اردو ترجمہ افعال ناقصہ کے مذکورہ معانی کا اعتبار کرتے ہوئے کیجیے؟

## تمرین نمبر......[۳] : خالی جگہ پر کریں؟

[۱] أصبحتُ..................عاصمةَ باکستان .

[۲] مازال المسلمونَ .............................

[۳] صار.........................................

[۴] أصبحتِ الطالبةُ ...............................

[۵] بات الولدُ ...................................

## تمرین نمبر......[٤] : مندرجہ ذیل جملوں سے افعالِ ناقصہ دور کر کے جملہ اسمیہ کو دوبارہ لکھیں؟

| افعالِ ناقصہ کے ساتھ جملے | افعالِ ناقصہ کے بغیر اسمیہ جملے |
|---|---|
| [۱] کان المدرسونَ حاضرینَ | المدرسون حاضرون |
| [۲] اَصبح الحارسان واقفَیْنِ علی الباب | الحارسان .......... |
| [۳] صارت الریاحُ شدیدةً | الریاح .............. |
| [٤] اضحَی الطالبانِ نشیطَینِ | ...................... |
| [۵] لیس الطلابُ غائبِینَ | ...................... |

## عمل کے اعتبار سے افعالِ ناقصہ کی اقسام

مذکورہ تیرہ افعالِ ناقصہ عمل کے اعتبار سے مندرجہ ذیل تین اقسام میں تقسیم کیے جاسکتے ہیں:

[۱] شروع میں حرفِ نفی/ استفہام/ نہی میں سے کسی ایک کا ہونا ضروری ہے۔ یہ چار افعال ہیں۔

**زال ، انفکَّ ، فَتِئَ ، بَرِ حَ**

حرفِ نفی کے ساتھ

**مازال ، ما أنفکَّ ، مافتئ ، ما برح** ہوں گے۔

[۲] شروع میں **ما** مصدریہ ظرفیہ ہونا ضروری ہے۔ یہ صرف ایک فعل ناقص **دام** ہے۔

**ما** لگنے سے **مادام** ہوگا۔

[۳] غیر مشروط عمل کرتے ہیں۔ یہ آٹھ ہیں:

**[۱] کان [۲] صار [۳] أصبح [٤] أضحیٰ**

**[٥] أمسیٰ [٦] ظلّ [٧] باتَ [٨] لیسَ**

## تصرف کے اعتبار سے افعالِ ناقصہ کی اقسام

ایک لفظ اصل کو مختلف مثالوں ماضی ، مضارع ، امر ، نہی ، اسم ، فاعل ، مفعول وغیرہ کے لئے گردانا تصرف یا تصریف کہلاتا ہے۔ اس لحاظ سے افعالِ ناقصہ کی تین اقسام ہیں۔

[۱] کامل تصرف والے افعال ناقصہ: جو عام فعل کی طرح مکمل طور پر گردانے جاسکیں کہ ان سے ماضی ، مضارع ، امر وغیرہ تمام تصاریف ہوسکیں اور مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دینے کا عمل بھی ہر صیغہ کرتا ہو، ایسے مندرجہ ذیل سات افعال ہیں۔

**[۱] کان　　[۲] صار　　[۳] أصبح**
**[٤] أضحیٰ　　[٥] أمسیٰ　　[٦] ظلّ**
**[٧] بات**

[۲] ناقص تصرف والے افعالِ ناقصہ: جو ماضی اور مضارع کی حد تک گردانے جاسکتے ہوں اور ان کی فعل ماضی اور مضارع کی مختلف مثالیں رفع اور نصب کا عمل کرتی ہوں۔ یہ چار افعال ہیں:

**[۱] زال　　[۲] أنفک　　[۳] فَتِئَ　　[٤] بَرِحَ**

صرف ماضی کی صورت میں ان کی مختلف مثالیں رفع اور نصب کا عمل کرتی ہیں۔

# تمرین

مندرجہ ذیل کان اوراس کے اخوات کی غیر ماضی میں استعمال کی امثلہ دی جاتی ہیں۔ حل شدہ پہلی مثال کی طرح بقیہ مثالیں حل کریں؟

[١] **يكونُ الجوُّ معتدلاً.**

**يكون:** فعل مضارع ناقص، **الجو** اسمِ مرفوع، **معتدلا** خبر منصوب۔

[٢] تصبحُ الشمسُ طالعةً.........................................

[٣] كنْ مستعِدّاً.........................................

[٤] تظلّ السماءُ صافيةً.........................................

[٥] لا يزال الإسلامُ غالباً.........................................

[٦] يصير الهلالُ بدراً.........................................

[٧] ما يزال الناسُ فى المسجد.........................................

[٨] تكون المدارسُ مغلقةً يوم الجمعة.........................................

[٩] كن ناصراً للحقِ.........................................

[١٠] كونوا جاهذين للسفرِ.........................................

[١١] كوني صالحةً.........................................

[١٢] يصبحُ السائق نشيطاً.........................................

[١٣] لا يزالُ المطرُ نازلاً.........................................

[١٤] يظل الجنود منتصرِينَ.........................................

[١٥] تَصِيرُ المدرسةُ عامرةً.........................................

# جدول افعالِ ناقصہ

| فعل ناقص | معنی | استعمال |
|---|---|---|
| [۱] كَانَ | زمانہ ماضی میں مبتدا کا خبر سے اتصاف | كان الجوّ بارداً |
| [۲] أَصُبَحَ | 〃 〃 〃 〃 صبح کے وقت〃 〃 | اصبح البردُ شديداً |
| [۳] أَمُسىٰ | 〃 〃 〃 〃 شام 〃 〃 〃 〃 | امسىَ الطالب مسروراً |
| [۴] أضحىٰ | 〃 〃 〃 〃 چاشت〃 〃 〃 〃 | اضحَى الهواءُ شديداً |
| [۵] ظلّ. | 〃 〃 〃 〃 پورادن 〃 〃 〃 〃 | ظلَّ الطيارُ نشيطاً |
| [٦] باتَ | 〃 〃 〃 〃 پوری رات〃 〃 〃 〃 | بات المريض كئيباً |
| [۷] مازالَ | 〃 〃 〃 〃استمرار سے 〃 〃 〃 | مازال السعِرُ مرتفعاً |
| [۸] ما برحَ | 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 | ما برحَ سعيد جالساً |
| [۹] مافتىَٔ | 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 | ما فتىَٔ عليٌّ واقفاً |
| [۱۰] ما أنفکَّ | 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 | ما انفکَّ السخىُّ محترماً |
| [۱۱] مادامَ | بیان مدت/توقیتِ حکم | عليٌّ واقفٌ مادامَ خالدٌجالساً |
| [۱۲] صارَ | تحویل | صارالمدرسُ مُديراً |
| [۱۳] ليسَ | نفی | لَيُسَ الولدُ ذكِيّاً |

# حروف مشبہ بلیس کا اسم

**تعارف وتسمیہ:** ما ۔ لا ۔ لات اور اِنْ یہ چار حروف ہیں جو اپنے عمل اور معنی میں لیس کی طرح ہیں۔ یہ مبتدا اور خبر پر داخل ہوتے ہیں اول کو رفع دیتے ہیں جسے ان کا اسم کہتے ہیں۔ ثانی کو نصب دیتے ہیں اسے ان کی خبر کہا جاتا ہے۔

**شروط عمل:** لیس کی طرح عمل کرنے کے لئے ہر حرف کے لئے کچھ شرائط ہیں۔ اگر کسی شرط کا فقدان ہوگا تو اس کا عمل باطل ہو جائے گا۔

**شروط ما:** ما کے لیس جیسا عمل کرنے کے لئے مندرجہ ذیل چار شرطیں ہیں۔

[١] اس کی خبر اسم سے پہلے نہ ہو۔
[٢] // // // کا معمول اسم سے پہلے نہ ہو۔
[٣] // // // پر الاّ داخل نہ ہو۔
[٤] // کے بعد اِنْ زائد نہ ہو۔

**ما کی مثال:** جیسے کہیں ما محمدٌ بخیلاً: ما حرف نفی، محمد اسم مرفوع، بخیلًا اسم مَا منصوب۔

**شروط لا:** اکثر عرب کے ہاں یہ مہمل ہے، لیسَ جیسا عمل نہیں کرتا مگر اہل حجاز کی لغت میں جو قرآن مجید کی زبان ہے میں یہ لیس جیسا عمل کرتا ہے اور اس کے عمل کے لئے مذکورہ شروط برائے عمل ما کے علاوہ یہ بھی شرط ہے کہ اس کا اسم اور خبر (یعنی دونوں معمول) نکرہ ہوں، معرفہ ہونا شاذ ہے۔

**لا کی مثال:** جیسے کہیں لا عدوٌّ مخلصاً: لا حرفِ نفی، عدو اسم لا مرفوع، مخلصاً خبر لا منصوب۔

**شروط لات:** لیس جیسا عمل کرنے کے لئے مذکورہ شروط کے علاوہ لات میں مزید دو شرطیں ہوتی ہیں:

[١] اس کا اسم اور خبر دونوں اسم زماں ہوتے ہیں جیسے حین. ساعة. اوان وغیرہ۔
[٢] اسم اور خبر سے ایک محذوف ہوتا ہے جو کہ عموماً اس کا اسم ہی ہوتا ہے۔

**مثال:** لاتَ ساعةَ نَدَامةٍ جس کا معنی لیست الساعة ساعة ندامةٍ اور لاتَ حینَ مناصٍ۔ جس کا معنی ہے لیس الحینُ حینَ مناصٍ۔

**عمل اِنْ اورشروطِ عمل:** لیس جیسا عمل کرنے میں "اِنْ" اکثر تو مہمل ہی رہتا ہے۔ بہت ہی کم لیس جیسا عمل کرتا ہے، اور "ما" نافیہ کے معنی میں ہوتا ہے۔

پھر وہی چار شروط جو "ما" کے عمل کے لئے ہیں، اس کے لئے بھی ضروری ہیں۔

**مثال:**

جیسے کہیں اِنْ احدٌ خیرا من احدٍ الاّ بالعلم .

## نونِ تاکید

## برائے فعل مستقبل

**تعارف:** ہر فعل جس میں زمانہ مستقبل پایا جاتا ہے (مضارع امر نہی) اس کے معنی میں تاکید پیدا کرنے کے لئے فعل کے آخر میں نون تاکید لگایا جاتا ہے، تو فعل مؤکد اور مستقبل کے لئے خاص ہو جاتا ہے، اس کے الفاظ میں بھی کچھ تغیر واقع ہو جاتا ہے۔

**نونِ تاکید:** نون تاکید کی دو قسمیں ہیں۔

[۱] ثقیلہ [۲] خفیفہ

**ثقیلہ:** یہ مشدد نون ہے جو دو۔ نون کا مجموعہ ہے۔ پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہوتا ہے۔ اس نون سے پہلے اگر الف ہو تو مکسور ہوگا ورنہ مفتوح۔ نون ثقیلہ فعل کی تمام مثالوں میں لاحق ہوگا۔

**خفیفہ:** یہ ساکن نون ہے۔ فعل کی ان مثالوں میں لاحق نہ ہوگا۔ جن کے آخر میں حالتِ ثقیلہ میں الف آتا ہے۔

**نون خفیفہ سے خالی مثالیں:** فعل مستقبل میں الف والی کل چھ مثالیں ہیں۔

چار برائے تثنیہ جن کے آخر میں الف ضمیر ہوتا ہے۔

دو برائے جمع مؤنث جن کے آخر میں الف فاصل ہوتا ہے۔

ان مثالوں میں نون خفیفہ کے لاحق نہ ہونے کا سبب یہ ہے کہ الف بھی ساکن ہوتا ہے اور نون خفیفہ بھی ساکن۔ اگر الحاق کریں تو اجتماع ساکنین لازم آئے گا جو امر محال ہے۔

# کیفیتِ التحاق نون ثقیلہ

## مضارع

**طریق کار:** فعل مضارع کی تمام مثالوں میں نون ثقیلہ کا التحاق ہوتا ہے اس کے لئے مضارع کو تین اقسام میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

[۱] فعل واحد [۲] افعالِ خمسہ [۳] فعل جماعۃ النساء

**فعل واحد:** کی پانچ مثالوں کے شروع میں لام تاکید مفتوح اور آخر میں نون ثقیلہ (مشدد نون) مفتوح لگا دیں۔ فعل مضارع میں لفظی و معنوی دونوں تبدیلیاں واقع ہوں گی۔

**لفظی و معنوی تبدیلی:** فعل مضارع مبنی علی الفتح ہو جائے گا یعنی آخری حرف پر فتحہ آ جاتا ہے۔ مضارع مستقبل کے لئے خاص ہو جائے گا اور معنی میں ضرور بضرور کا اضافہ۔ جیسا کہ آئندہ جدول فعل واحد برائے نون ثقیلہ سے ظاہر ہے۔

### جدول فعل واحد غیر مؤکد و مؤکد بلام تاکید و نون ثقیلہ معروف

| احوال | مضارع مؤکد | مؤکد بلام تاکید ونون ثقیلہ | اردو ترجمہ |
|---|---|---|---|
| مفرد مذکر غائب | یَکْتُبُ | لَیَکْتُبَنَّ | وہ ضرور بضرور لکھے گا |
| // مؤنث // | تَکْتُبُ | لَتَکْتُبَنَّ | // // // // گی |
| // مذکر مخاطب | // | // | تو // // // // گا |
| // متکلم | اَکْتُبُ | لَأَکْتُبَنَّ | میں // // لکھوں گا |
| تثنیہ و جمع متکلم | نَکْتُبُ | لَنَکْتُبَنَّ | ہم // // لکھیں گے |

**تمرین......[۱]** یَنْصُرُ لینصرَنَّ ..............................

یَسْمَعُ ....................  ..............................

یَقْرَأ....................  ..............................

**تمرین......[۲]** مندرجہ ذیل جملوں میں سے مضارع مؤکد (فع واحد) تلاش کریں پہلے جملے کی طرح ہر جملہ کی ترکیب نحوی اور اردو ترجمہ کیجیے۔

[۱] **لِیَنْصُرَنَّ خالد اخاہ** ترکیب: **لینصر** فعل مضارع مؤکد بلام تاکید ونون ثقیلہ **خالدٌ** فاعل، **اخاہ** مفعول بہ منصوب۔

ترجمہ: خالد اپنے بھائی کی ضرور بضرور مدد کرے گا

[۲] لَتکُونَنّ أَمیناً فی البیع ترکیب:---------------------

ترجمہ:---------------------

[۳] لَأَسْجُدَنَّ اللّٰہ ترکیب:---------------------

ترجمہ:---------------------

[٤] لَنشْکُرَنَّ ربّنا ترکیب:---------------------

ترجمہ:---------------------

[۵] لَنرْفَعَنَّ شانَ الوطنِ ترکیب:---------------------

ترجمہ:---------------------

[٦] لَأ غْلِبَنّ انا ورُسُلِی ترکیب:---------------------

ترجمہ:---------------------

[۷] لَتَسْمعَنّ زینبُ اِلی نصیحةِ الوالدِ ترکیب:---------------------

ترجمہ:---------------------

**تمرین......[۳]** مندرجہ ذیل جملوں میں غیر مؤکد مضارع (فعل واحد) کو مؤکد بلام تاکید و نون ثقیلہ بنائیں۔

[۱] اَصُومُ غداً لأصومَنَّ غداً

[۲] تَقْرأ فاطمة القرآن ......................

[۳] یَذْهَبُ إلی المدرسةِ ......................

[٤] أُكْرِمُ العلماء. ......................

[٥] يُعَاقِبُ الحاكمُ المُجرمَ ......................

**تمرین......[٤]** مندرجہ ذیل مضارع مؤکد کو غیر مؤکد بنائیں۔

| مؤکد | غیر مؤکد |
|---|---|
| لَيَنْصُرَنَّ اللهُ من ينصرُهُ | ينصر الله من ينصره |
| لَيَصُومَنَّ الوالدُ غداً | .................... |
| لَأُنْفِقَنّ مالى فى سبيل الله | .................... |
| لَأَضْرِبَنَّ المجرم حتى يتوب | .................... |
| لَنَقْرَأَنَّ القرآن | .................... |
| لَتَكْتُبَنَّ فاطمة درسها | .................... |

## تاکیدِ افعالِ خمسہ

**طریق کار:** افعالِ خمسہ کی تمام مثالوں سے نونِ اعراب حذف ہوجاتا ہے۔

**الف ضمیر برائے تثنیہ:** کی چاروں مثالوں میں نون مشدد مکسور ہوتا ہے۔

**واؤ ضمیر برائے جمع مذکر:** کی دونوں مثالوں میں نون مشدد مفتوح ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ مندرجہ ذیل میں سے پہلی جگہ تو صرف واؤ ضمیر حذف ہوتی ہے۔ اور دوسری جگہ واؤ مع لام کلمہ محذوف ہو جاتے ہیں۔

[١] **حذفِ واؤ:** فعل صحیح الاخیر ہو تو واو ضمیر حذف ہوتا ہے کیونکہ واو ساکن اور نون مشدد کا پہلا نون ساکن، دو ساکن جمع ہو جاتے ہیں، واؤ کے حذف کے بعد ماقبل کا ضمہ جمع کی علامت ہے جیسے تَنْصُرُونَ سے لَتَنْصُرُنَّ، نون اعراب اور واؤ ضمیر دونوں حذف ہو گئے۔

[٢] **حذفِ واو مع لام فعل:** فعل معتل الاخیر ہو اور عین کلمہ مضموم یا مکسور ہو تو واو ضمیر کے ساتھ لام فعل بھی محذوف ہو جاتا ہے۔ ناقص مضموم العین جیسے تَغْزُوْنَ سے لَتَغْزُنَّ واؤ ضمیر اور واؤ لام فعل دونوں محذوف ہیں۔

ناقص مکسور العین جیسے تَقْضِیُوْن اصل سے لَتَقْضُنَّ واؤ ضمیر اور ''یا'' لام فعل دونوں محذوف ہیں۔

**یا ضمیر مؤنث مخاطب:** کی ایک مثال میں نون مشدد مفتوح ہوتا ہے اس کے علاوہ مندرجہ ذیل میں سے پہلی اور دوسری جگہ تو ''یا'' ضمیر حذف ہو جاتی ہے تیسری جگہ ''ی'' مکسور ہو کر باقی رہتی ہے۔

**[۱] حذفِ یا:** فعل صحیح الآخر ہو تو ''ی'' ضمیر حذف ہو جاتی ہے کیونکہ ما قبل مکسور ہوتا ہے اور نون ساکن کے ساتھ پھر اجتماع ساکنین ہو جاتا ہے، جیسے تَنْصُرِیْنَ سے لَتَنْصُرِنّ یائے ضمیر اور نون رفع دونوں محذوف ہیں۔

**[۲] حذفِ یا:** فعل ناقص ہو اور عین فعل مفتوح نہ ہو تب بھی ''یا'' حذف ہو جاتی ہے۔ جیسے تَغْزِیْنَ سے لَتَغْزِنَّ۔

**[۳] بقاء یا:** فعل ناقص ہو اور عینِ فعل مفتوح ہو تو ''ی'' باقی رہے گی اور حرکت اس کی کسرہ ہو گی جیسے تَسْعَیْنَ سے لَتَسْعَیِنَّ آئندہ جدول برائے افعالِ خمسہ غیر مؤکد و مؤکد سے یہ سب امور واضح ہو رہے ہیں۔ صحیح الآخر کی مثالیں موجود ہیں معتل کی خود لکھیں۔

## جدول افعالِ خمسہ غیر مؤکد و مؤکد بلام تاکید ونون ثقیلہ

| احوال | مضارع غیر مؤکد | مؤکد بلام تاکید ونون ثقیلہ | | اردو ترجمہ |
|---|---|---|---|---|
| تثنیہ مذکر غائب | یَکْتُبَانِ | لَیَکْتُبَانِّ | اپنی حالت پر | وہ دو ضرور بضرور لکھیں گے |
| // مؤنث // | تَکْتُبَانِ | لَتَکْتُبَانِّ | اپنی حالت پر | // // // // // گی |
| // مذکر مخاطب | // | // | // | تم دو لکھو گے |
| // مؤنث // | // | // | // | // // // // // // گی |
| جمع مذکر غائب | یَکْتُبُوْنَ | لَیَکْتُبُنَّ | واؤ ضمیر محذوف ہے | وہ سب ضرور بضرور لکھیں گے |
| // //مخاطب | تَکْتُبُوْنَ | لَتَکْتُبُنَّ | // | تم // // // لکھو گے |
| مفرد مؤنث مخاطبہ | تَکْتُبِیْنَ | لَتَکْتُبِنَّ | یا ضمیر محذوف ہے | تو ضرور بضرور لکھے گی |

اب تمرینات افعالِ خمسہ غیر مؤکد و مؤکد دی جاتی ہیں۔

**تمرین ......[ ۱ ]** مضارع مؤکد بلام تاکید ونونِ ثقیلہ بتائیں ۔ ترکیب نحوی و اردو ترجمہ کریں۔

**[۱] لَتَدْخُلُنّ اَلمسجد الحرامَ ترکیب: لتدخلن مضارع مؤکد واؤ ضمیر فاعل المسجد مفعول فیہ منصوب الحرام نعت منصوب۔**

ترجمہ: تم ضرور بضرور مسجد حرام میں داخل ہوگے۔

**[۲] لَتَنْصُرَانِّ الإسلام** ترکیب:---------------------

ترجمہ:---------------------

**[۳] لَيَغْزُنَّ فی سبیل اللہ** ترکیب:---------------------

ترجمہ:---------------------

**[٤] لَتَسْمَعُنَّ سورةَ الفاتحة** ترکیب:---------------------

ترجمہ:---------------------

**[۵] لَتَحْكُمَانِّ بالعدلِ** ترکیب:---------------------

ترجمہ:---------------------

**تمرین ......[ ۲ ]** مندرجہ ذیل افعال خمسہ کو مؤکد بنائیں۔

| غیر مؤکد جملے | مؤکد جملے |
|---|---|
| **[۱] يُجَاهِدُونَ فی سبيلِ اللہ** | **لَيُجاهِدُنَّ فی سبيل اللہ** |
| **[۲] هما يقولانِ الحقَّ** | ............................. |
| **[۳] أنتم تحكمونَ بالقسطِ** | ............................. |
| **[٤] أنت تحفظينَ الدرسَ** | ............................. |
| **[۵] هما تصليانِ فی اليوم خمس مرَّاتٍ** | ......... |

# تاکید جماعۃ النساء

**طریق کار:** جمع مؤنث کی دونوں مثالوں کے شروع میں لام مفتوح لگائیں دونوں کے آخر میں نون ضمیر ہوتا ہے جو کسی صورت میں حذف نہیں ہوسکتا۔ نون ثقیلہ۔ تاکید سے تین نون جمع ہو جاتے ہیں، ایک نون ضمیر، جمع مؤنث اور دو، نون۔ برائے تاکید، لہٰذا نون ضمیر کے بعد الف فاصل کا اضافہ کردیا جاتا ہے باقی نون ثقیلہ ان دونوں میں مکسور ہوتا ہے جیسا کہ جدول سے واضح ہے۔

## جدول جماعۃ النساء غیر مؤکد و مؤکد بلام تاکید و نون ثقیلہ

| احوال | مضارع غیر مؤکد | مؤکد بلام تاکید ونون ثقیلہ | اردو ترجمہ |
|---|---|---|---|
| جمع مؤنث غائب | یَکْتُبْنَ | لَیَکْتُبْنَانِّ | ضرور بضرور لکھیں گی وہ سب |
| // // مخاطب | تَکْتُبْنَ | لَتَکْتُبْنَانِّ | // // لکھو گی تم سب |

**تمرین:** مندرجہ زیل جملوں میں مضارع مؤکد (فعل جماعۃ النساء) بتائیں ترکیب نحوی اور اردو ترجمہ کریں۔

[۱] لَیَشْکُرنَانِّ اللہَ.

[۲] لتسمعنانِّ النصیحة.

[۳] لتذهَبْنَانِّ اِلی المدرسةِ.

[٤] لیعبدنَانِّ اللہَ.

# کیفیت التحاق نون خفیفہ در فعل مضارع

## فعل واحد

**طریق کار:** فعل واحد کی پانچ مثالوں میں شروع میں لامِ تاکید مفتوح اور آخر میں نونِ تاکید ساکن لگا دیں۔ فعل ان مثالوں میں مبنی علی الفتحہ ہو جائے گا یعنی آخری حرف پر فتحہ ہو گا۔

**تبدیلی:** معنی میں تاکید اور مضارع مستقبل کے ساتھ خاص ہو جائے گا۔

جیسا کہ آئندہ جدولِ فعل واحد سے ظاہر ہے۔

### جدول فعل واحد غیر مؤکد و مؤکد بلام تاکید و نون خفیفہ

| احوال | مضارع غیر مؤکد | مؤکد بلام تاکید ونون خفیفہ | ترجمہ |
|---|---|---|---|
| مفرد مذکر غائب | یَکُتُبُ | لَیَکُتُبَنْ | ضرور بضرور لکھے گا وہ ایک مرد |
| // مؤنث // | تَکُتُبُ | لَتَکُتُبَنْ | // // // گی // // عورت |
| // مذکر مخاطب | // | // | // // // گا تو // مرد |
| مفرد متکلم | اَکُتُبُ | لَأَکُتُبَنْ | // // لکھوں // میں // // |
| تثنیہ وجمع متکلم | نَکُتُبُ | لَنَکُتُبَنْ | // // لکھیں گے ہم دو یا سب |

## تاکیدِ افعال خمسہ

**طریق کار:** افعالِ خمسہ سے نون اعرابی حذف ہو جائے گا۔ شروع میں لام تاکید مفتوح اور آخر میں نون تاکید ساکن لگا دیں۔ الف والی چاروں مثالوں میں نون خفیفہ لاحق نہ ہو گا۔ جمع مذکر کی واؤ والی دو مثالوں سے واؤ ضمیر حذف کر دیں۔ اور واو سے پہلا ضمہ اس کے قائم مقام ہو جائے گا۔ یا مخاطبہ والی ایک مثال سے یا ضمیر حذف کر دیں اور کسرہ اس کے قائم مقام ہو جائے گا۔ معنی میں تاکید اور مضارع مستقبل کے ساتھ خاص ہو جائے گا جیسا کہ آئندہ جدول سے یہ سب امور واضح ہو رہے ہیں۔

## جدول افعالِ خمسہ غیر مؤکد و مؤکد بلام تاکید و نون خفیفہ

| احوال | مضارع غیر مؤکد | مؤکد بلام تاکید و نون خفیفہ | ترجمہ | ملاحظات |
|---|---|---|---|---|
| تثنیہ مذکر غائب | یَکْتُبَان | x | | نون خفیفہ |
| // مؤنث // | تَکْتُبَانِ | x | | لاحق |
| // مذکر مخاطب | // | x | | نہیں |
| // مؤنث // | // | | | ہوسکتا |
| جمع مذکر غائب | یَکْتُبُونَ | لَیَکْتُبُنْ | ضرور لکھیں گے وہ سب مرد | واؤ ضمیر محذوف ہے |
| // // مخاطب | تَکْتُبُونَ | لَتَکْتُبُنْ | // لکھو گے تم // // // | // // // |
| مفرد مؤنث مخاطب | تَکْتُبِینَ | لَتَکْتُبِنْ | // لکھے گی تو ایک عورت | // // // |

## ملاحظات

[۱] کیفیت التحاق نون تاکید میں فعل مجہول بھی معلوم کی طرح ہوگا۔

[۲] جمع مذکر غائب و جمع مذکر مخاطب میں واو ضمیر سے پہلے ضمہ نہ ہو تو نون تاکید لاحق ہونے سے واؤ حذف نہ ہوگی جیس تُبْلَوُونَ بروزن تُفْعَلُونَ مضارع مجہول۔ جب پہلی واو الف سے بدل کر اجتماع ساکنین سے گرگئی تو تُبْلَوْن رہ گیا۔ اب نون تاکید لگانے سے اگر واو ضمیر بھی حذف کردیں تو واو سے پہلا حرف ''لام'' مفتوح رہ جاتا ہے لہٰذا واو باقی رہے گی اور تاکید کے بعد ثقیلہ لَتُبْلَوُنَّ اور خفیفہ لَتُبْلَوُنْ ہوگا کیونکہ واو کا قائم مقام ضمہ موجود نہیں ہے۔

[۳] مفرد مؤنث مخاطب میں یا سے پہلے اگر کسرہ نہ ہو تو نون تاکید لاحق ہونے سے ''ی'' مخاطبہ حذف نہ ہوگی جیسے تفعَلِیْن کے وزن پر مؤنث مخاطب ترأَیینَ ہے ہمزہ کا فتحہ را کو نقل کرنے اور ہمزہ حذف کرنے سے تَرَیِینَ رہ جائے گا۔ پھر ''ی'' کو الف سے بدل کر[1] حذف کردیا تو تَرَیْنَ ہوا نون اعراب کو نون ثقیلہ کے التحاق کی وجہ سے حذف[2] کردیا تو تَرَیِنَّ ہوا۔ دو ساکن یاء ضمیر اور پہلا نون جمع ہوئے یاء ضمیر کو کسرہ دیا تو تَرَیِنّ ہوا۔ اب نون تاکید ثقیلہ لاحق ہونے یاء تَرِینْ اور خفیفہ کے لاحق ہونے سے ہوگا۔ یائے ضمیر حذف نہ ہوگی کیونکہ یا کا قائم مقام کسرہ موجود نہیں ہے۔

---

[1] یہ حذف اجتماعِ ساکنین کی وجہ سے ہوا۔

[2] یہ حذف کئی امثال (یعنی ہم جنس حروف) کے جمع ہونے کی وجہ سے ہوا۔

# گردان فعل مضارع غیرِ مؤکد و مؤکد بلامِ تاکید ونون ثقیلہ وخفیفہ

| احوال | | | مضارع غیر مؤکد | مؤکد بلام تاکید ونون تاکید | | ملاحظات در | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نوع | جنس | عدد | | ثقیلہ | خفیفہ | ثقیلہ | خفیفہ |
| غائب | مذکر | مفرد | يَكْتُبُ | لَيَكْتُبَنَّ | لَيَكْتُبَنْ | مبنی برفتحہ | مبنی برفتحہ |
| // | // | تثنیہ | يَكْتُبَانِ | لَيَكْتُبَانِّ | | حذفِ نون اعراب | لاحق نہیں |
| // | // | جمع | يَكْتُبُوْنَ | لَيَكْتُبُنَّ | لَيَكْتُبُنْ | // | حذفِ نون |
| // | مؤنث | مفرد | تَكْتُبَ | لَتَكْتُبَنَّ | لَتَكْتُبَنْ | مبنی برفتحہ | مبنی برفتحہ |
| // | // | تثنیہ | تَكْتُبَانِ | لَتَكْتُبَانِّ | | حذفِ نون | لاحق نہیں |
| // | // | جمع | يَكْتُبْنَ | لَيَكْتُبْنَانِّ | | الف فاصل | // |
| مخاطب | مذکر | مفرد | تَكْتُبُ | لَتَكْتُبَنَّ | لَتَكْتُبَنْ | مبنی برفتحہ | مبنی برفتحہ |
| // | // | تثنیہ | تَكْتُبَانَ | لَتَكْتُبَانِّ | | حذفِ نون اعراب | لاحق نہیں |
| // | // | جمع | تَكْتُبُوْنَ | لَتَكْتُبُنَّ | لَتَكْتُبُنْ | // | حذفِ نون |
| // | مؤنث | مفرد | تَكْتُبِين | لَتَكْتُبِنَّ | لَتَكْتُبِنْ | // | // |
| // | // | تثنیہ | تَكْتُبَانِ | لَتَكْتُبَانِّ | | // | لاحق نہیں |
| // | // | جمع | تَكْتُبْنَ | لَتَكْتُبْنَانِّ | | الف فاصل | // |
| متکلم | مشترک | مفرد | اَكْتُبُ | لَأَكْتُبَنَّ | لَأَكْتُبَنْ | مبنی برفتحہ | مبنی برفتحہ |
| // | // | تثنیہ وجمع | نَكْتُبُ | لَنَكْتُبَنَّ | لَنَكْتُبَنْ | // | // |

# نون ثقیلہ وخفیفہ در فعل اَمرُ

**تعارف:** فعل مضارع کی طرح فعل امر کے آخر میں بھی نونِ تاکید لاحق ہوتا ہے۔ فعل کے معنی میں تاکید پیدا ہوجائے گی۔ ضمیر ظاہر سے خالی مبنی علی الفتح / اور ضمیر ''واؤ'' یا ''ی'' ہوتو حذف ہوجائے گی۔

## کیفیتِ التحاقِ نونِ ثقیلہ درامرِ مخاطب

**طریقِ کار:** امرِ مخاطب کی کل چھ مثالیں ہیں:

تین مذکر مفرد تثنیہ جمع
تین مؤنث مفرد تثنیہ جمع

التحاق نون کا طریقِ کار یوں ہوگا۔

مفرد مذکر ضمیر ظاہر سے خالی ہے آخر میں نون مشدد مفتوح لگادیں، فعل مبنی علی الفتح ہوگا جیسے اُکْتُبْ سے اُکْتُبَنّ۔

تثنیہ کی دونوں مثالوں کے آخر میں الف ضمیر ظاہر ہے، نون مشدد مکسور ہوگا جیسے اُکْتُبَا سے اُکْتُبَانِّ۔

جمع مذکر کے آخر میں واو ضمیر حذف ہوگی کہ ماقبل کا ضمہ قائم مقام ہوگا نون ثقیلہ مفتوح جیسے اُکْتُبُوْا سے اُکْتُبُنَّ۔

قائم مقام ہوگا نون ثقیلہ مفتوح جیسے اُکْتُبِی سے اُکْتُبِنَّ جمع مؤنث کے آخر سے نون ضمیر حذف نہ ہوگا۔

نون ثقیلہ لاحق ہوتو تین نون ہوگئے ایک ضمیر دو تاکید۔ لہٰذا مضارع کی طرح نون ضمیر کے بعد الف فاصل لگادیں جیسے اُکْتُبْ سے اُکْتُبْنَانِّ۔

**ملاحظہ:** فعل امر مؤکد با نون ثقیلہ مندرجہ ذیل امور میں فعل مضارع کی طرح ہے۔

[۱] مبنی علی الفتح...... جہاں پر ضمیر ظاہر نہ ہو۔
[۲] حذفِ ضمیر...... واؤ جمع۔ یا مخاطبہ۔
[۳] الف فاصل...... نون جمع مؤنث اور نون تاکید کے درمیان۔

## جدول برائے امرِ مخاطب غیرِ مؤکد و مؤکد بانون ثقیلہ

| احوال | | غیر مؤکد | مؤکد بلام تاکید ونون ثقیلہ | ترجمہ | ملاحظات |
|---|---|---|---|---|---|
| جنس | عدد | | | | |
| مذکر | مفرد | اُکْتُبْ | اُکْتُبَنَّ | تو ایک مرد ضرور لکھ | مبنی علی الفتح |
| // | تثنیہ | اُکْتُبَا | اُکْتُبَانِّ | تم دو // // // لکھو | اپنی حالت پر |
| // | جمع | اُکْتُبُوْا | اُکْتُبُنَّ | // سب // // // | واو جمع محذوف |
| مؤنث | مفرد | اُکْتُبِی | اُکْتُبِنَّ | تو ایک عورت ضرور لکھ | یا مخاطب محذوف |
| // | تثنیہ | اُکْتُبَا | اُکْتُبَانِّ | تم // // // لکھو | اپنی حالت پر |
| // | جمع | اُکْتُبْنَ | اُکْتُبْنَانِّ | // سب عورتیں // | الف فاصل کا اضافہ |

## کیفیتِ التحاق نون خفیفہ

امر مخاطب کی مذکورہ چھ مثالوں میں نون خفیفہ صرف تین کے ساتھ لاحق ہوگا۔ جن تین کے ساتھ لاحق نہ ہوگا۔ وہ یہ ہیں۔

[۱] تثنیہ مذکر......اس کے آخر میں الف ساکن ہے۔

[۲] // مؤنث......// // // // // // // // // //

[۳] جمع // ......// // // // // نون مفتوح //

بقیہ تین......مفرد مذکر، جمع مذکر، مفرد مؤنث کے التحاق کا طریقہ کار یوں ہوگا۔

**طریق کار** [۱] مفرد مذکر ضمیر ظاہر سے خالی ہے آخر میں نون ساکن لگا دیں۔ فعل مبنی علی الفتح ہوگا۔ جیسے اُکْتُبْ سے اُکْتُبَنْ۔

[۲] جمع مذکر کے آخر میں ضمیر ظاہر واوَ ہے حذف ہوگی ماقبل کا ضمہ اس کے قائم مقام ہے جیسے اُکْتُبُوْا سے اُکْتُبُنْ۔

[۳] مفرد مؤنث مخاطب میں ضمیر ظاہر ''یا'' ہے حذف ہوگی ماقبل کا کسرہ اس کے قائم مقام ہوگا جیسے اُکْتُبِی سے اُکْتُبِنْ۔

## جدول امر مخاطب غیر مؤکد و مؤکد بانون خفیفہ

| احوال | | غیر مؤکد | مؤکد | ملاحظات |
|---|---|---|---|---|
| جنس | عدد | | | |
| مذکر | مفرد | اُكْتُبْ | اُكْتُبَنْ | مبنی علی الفتح |
| // | تثنیہ | اُكْتُبَا | نون لاحق نہ ہوگا | آخر میں الف ضمیر ہے |
| // | جمع | اُكْتُبُوْا | اُكْتُبُنْ | واو جمع محذوف ہے |
| مؤنث | مفرد | اُكْتُبِی | اُكْتُبِنْ | یا مخاطبہ محذوف ہے |
| // | تثنیہ | اُكْتُبَا | نون لاحق نہ ہوگا | آخر میں الف ضمیر ہے |
| // | جمع | اُكْتُبْنَ | // // // // | // // نون جمع میں ضمیر ہے |

**تمرین:** مندرجہ ذیل جملوں میں امر مخاطب کو مؤکد بانون ثقیلہ وخفیفہ بنائیں۔

| غیر مؤکد | مؤکد بانون خفیفہ |
|---|---|
| اُسْتَمِعْ نصيحةَ الأستاذ | اسمعن نصيحةَ الأستاذِ |
| اِقْرَأ القرآنَ كلَّ صباحٍ | ...................... |
| اِحْفَظِ الدرسَ | ...................... |
| اِذْهَبُوْا الى المدرسةِ | ...................... |
| اُدْخُلُوْا فِي السلم كافّةً | ...................... |
| **مذکورہ امثلہ کو ہی نوٹ کر لیں** | **مؤکد بانون ثقیلہ** |
| ١ | ...................... |
| ٢ | ...................... |
| ٣ | ...................... |
| ٤ | ...................... |
| ٥ | ...................... |

# لازم۔ متعدی

**لازم:** لغت میں لازم چمٹنے والے کو کہتے ہیں۔ قواعد کی رو سے لازم وہ فعل ہے جس کا معنی فاعل پر مکمل ہو جائے اور مفعول کی ضرورت نہ ہو۔ جیسے جَلَسَ مُحَمّدٌ (محمد بیٹھ گیا) اس میں جَلَسَ فعل لازم ہے۔ فعل لازم کو قاصر بھی کہتے ہیں کہ مفعول تک پہنچنے سے قاصر ہوتا ہے۔

**متعدی:** لغت میں زیادتی کرنے والے کو کہا جاتا ہے۔ قواعد کی رو سے متعدی وہ فعل ہے کہ فاعل کے بعد مفعول کے بغیر اس کا معنی مکمل نہ ہو۔ جیسے اَکْرَمَ مُحَمّدٌ علیّاً: (محمد نے علی کا اکرام کیا) اس میں اَکرَمَ فعل متعدی ہے۔ متعدی کو مجاوز بھی کہتے ہیں کہ فاعل سے تجاوز کر کے مفعول تک پہنچ جاتا ہے۔

**لازم کو متعدی بنانے کے طریقے:** مندرجہ ذیل طریقوں سے فعل لازم کو متعدی بنایا جاتا ہے۔

**پہلا طریقہ:** مجرد میں حرف زیادہ کر کے مزید بنالیں۔ اس کی دو صورتیں ہیں۔

ا۔ ثلاثی مجرد کے شروع میں ہمزہ زیادہ کر کے اس کو ثلاثی مزید باب افعال میں لے جائیں۔ جیسے کَرُمَ سے أکْرَمَ پہلا لازم اور دوسرا متعدی ہے۔

ب۔ مجرد میں عین کلمہ کو مکرر کر کے باب تفعیل میں لے جائیں جیسے فَرِحَ سے فَرَّحَ پہلا لازم اور دوسرا متعدی ہے۔ یہ دو صوتیں تو ثلاثی مجرد کے لئے ہیں۔

**دوسرا طریقہ:** مفعول بہ پر حرفِ جر ''ب'' لگا دیں۔ جیسے ذَهَبَ لازم ہے اور جب ذَهَبَ بِهٖ (وہ اس کو لے گیا) یا ذَهَبَ بِزَیدٍ (وہ زید کو لے گیا) کہیں تو ذَهَبَ متعدی بن گیا۔ یہ طریقہ مجرد اور مزید دونوں کے لئے ہے۔

مندرجہ ذیل جملوں میں لازم افعال استعمال ہوئے ہیں ان کو متعدی بنائیں اور مناسب اضافہ کریں پہلی مثال حل شدہ ہے۔

| لازم حالت | متعدی حالت |
|---|---|
| [۱] جَلَسَ التِلمیذُ | اَجلَسَ الاستاذُ التلمیذَ |
| [۲] دَخَلَ الوَلَدُ | ...................... |
| [۳] فَرِحَ عَلِیٌّ | ...................... |
| [٤] یَکْرُمُ الوالدُ | ...................... |
| [۵] عَظُمَ سَعِیْدٌ | ...................... |

## تمرینات لازم ومتعدی

**تمرین......[ ۱ ]** مندرجہ ذیل جملوں میں سے فعل، فاعل اور مفعول الگ الگ کریں نیز فعل لازم اور متعدی بتائیں۔

[۱] قَعَدَ محمدٌ.

[۲] فتحَ خالدٌ البابَ.

[۳] یَعْبُدُ المسلم الرَبَّ.

[٤] دخلَ الاستاذُ الفَصْلَ.

[۵] فَرِحَ الوَلَدُ.

[٦] صَامَ الوَلَدُ.

[۷] یبقَی العِلْمَ.

[۸] یفنَی المالُ.

[۹] یُکرِمُ المؤمنُ الضیفَ.

**تمرین......[٢]** مندرجہ ذیل جملوں میں فعل متعدی کا استعمال ہوا ہے خالی جگہ کو مفعول سے پر کریں اور اردو ترجمہ کریں۔ نمونہ کے طور پر پہلے جملے کو پیش نظر رکھیں۔

[١] **يُكْرِمُ الوَلَدُ الوالِدَ.....................** بیٹا والد کا احترام کرتا ہے۔
[٢] **يتعلَّم خالدٌ.........................**
[٣] **يعلِّم المدرسُ.........................**
[٤] **يَحترِم الصغيرُ.........................**
[٥] **نال الطالبُ.........................**
حل شدہ مثال: **یکرم** فعل متعدی، **الولد** فاعل، **الوَالد** مفعول ہے۔

**تمرین......[٣]** مندرجہ ذیل جملوں میں فعل لازم استعمال ہوا ہے۔ خالی جگہ کو مناسب فاعل سے پر کریں اور اردو ترجمہ کریں۔

[١] **قَعَدَ.....................**
[٢] **خرجَ .....................**
[٣] **قامَ .....................**
[٤] **كرُم.....................**
[٥] **أفلحَ.....................**
[٦] **يصدقُ.....................**

**تمرین......[٤]** گذشتہ کی مدد سے مندرجہ ذیل کا عربی ترجمہ کریں۔

[١] فاطمہ بیٹھی
[٢] والد صاحب خوش ہوئے۔
[٣] میں نکلا۔
[٤] محمد سچ بولتا ہے۔
[٥] علم باقی رہتا ہے۔
[٦] مومن سچ بولتا ہے۔
[٧] طالب علم قرآن پڑھتا ہے۔

**تمرین......[۵]** خالی جگہ میں مناسب فعل لگا کر جملہ مکمل کریں۔

[۱] ............... الاستاذُ الدرس.

[۲] ............... الوالدَ.

[۳] ............... الامُّ الطعامَ.

[٤] ............... البنتُ القرآنَ.

[۵] ............... محمدٌ درسَه'.

☆☆☆☆☆

☆☆☆

## مفعول

وہ منصوب اسم ہے جو وقوع فعل کے لحاظ سے فعل کا معمول ہو فعل اس پر واقع ہو یا فعل کا ظرفِ مکان/ زمان/سبب یا علت ہو۔

**انواع مفعول:** جہتِ وقوعِ فعل کے اعتبار سے مفعول کی مندرجہ ذیل پانچ انواع ہیں جنہیں مفاعیلِ خمسہ کہتے ہیں۔

[۱] مفعول بہ۔ جس پر فعل واقع ہو۔

[۲] مفعول فیہ۔ جس میں فعل واقع ہو۔

[۳] مفعول لہ۔ جس کے لئے یا جس کی وجہ سے فعل واقع ہو۔

[۴] مفعول معہ۔ جس کی معیت میں فعل واقع ہو۔

[۵] مفعول مطلق۔ جو ان سب قیود سے خالی ہو۔

ہر ایک کا تعارف، استعمال اور تمارین بیان کی جاتی ہیں۔

# مفعول بہ

**تعارف:** وہ اسم منصوب جس پر فاعل کا فعل واقع ہو جیسے ”قَرَأَ مُحَمَّدٌ القُرآنَ“

قَرَأَ : فعل ماضی مُحَمَّدٌ : فاعل مرفوع اَلْقُرْاٰنَ : مفعول بہ منصوب

**جواز تقدیم مفعول بہ:** عموماً جملہ فعلیہ میں فعل پھر فاعل اور مفعول ذکر کیا جاتا ہے مگر مفعول بہ کو فاعل پر مقدم کرنا بھی درست ہے جیسے ”قَرَأَ الْقُرآنَ مُحَمَّدٌ“ ”قَرَأَ“ فعل ماضی ”الْقُرآن“ مفعول بہ منصوب ”مُحَمَّدٌ“ فاعل مرفوع فاعل اور مفعول بہ دونوں میں ظاہری علامتِ اعراب سے بھی تمیز ہو جاتی ہے۔

**تاخیرِ مفعول بہ:** مفعول بہ کو فاعل سے مؤخر کرنا اس وقت ضروری ہوتا ہے جب دونوں میں الف مقصورہ ہو۔ جیسے ”عَلَّمَ مُوسیٰ عِیسیٰ“۔

”عَلَّمَ“ فعل ماضی ”مُوسیٰ“ فاعل مرفوع رفع کی علامت ضمہ ظاہرہ نہیں مقدرہ ہے اور ”عِیسیٰ“ مفعول بہ منصوب۔ نصب کی علامت فتحۂ ظاہرہ نہیں مقدرہ ہے۔ ایسی صورت میں چونکہ علامت اعراب سے فاعل اور مفعول بہ میں تمیز نہیں ہوسکتی اس لئے ترتیب میں پہلے فاعل اور پھر مفعول بہ ہوگا۔

**تمرین نمبر……[۱]** مندرجہ ذیل جملوں میں فعل، فاعل اور مفعول بہ بتائیں۔ پہلی مثال حل شدہ ہے۔

[۱] شَرَحَ الْمُدَرِّسُ الدَّرْسَ ”شرح“ فعل ماضی ”المدرس“ فاعل ”الدرس“ مفعول بہ

[۲] ما فَهِمْتُ الشرحَ……………………

[۳] اِیَّاکَ نَعْبُدُ……………………

[٤] یَحْفَظُ التِّلْمِیْذُ القُرآنَ……………………

[۵] کَتَبَتْ فَاطِمَةُ الرِّسَالَةَ……………………

**تمرین نمبر……[۲]** مندرجہ ذیل میں ایک اسم کو فاعل دوسرے کو مفعول بہ بنائیں۔

خَالِد. الْكِتَاب. عَلِیّ. الشَّجَرَة. حَسَن. الْبَاب. خَلِیْل. الْمَاء. الْاُسْتَاذ. المسألة.

**تمرین نمبر......[۳]** مندرجہ ذیل افعال کے لئے مناسب فاعل اور مفعول بہ ذکر کریں۔

رَکِبَ . فَتَحَ . صَعِدَ . شَرَحَ . شَرِبَ .

**تمرین نمبر......[٤]** نوعیت مفعول بہ کے جملے اور مثالیں پڑھ کر اسی طرح کا ایک ایک جملہ بنائیں۔

| نوعیتِ مفعول | جملے | ترکیبِ نحوی |
|---|---|---|
| اسمِ ظاہر | فَتَحَ الْوَلَدُ البَابَ | فَتَحَ: فعل الْوَلَدُ: فاعل مرفوع<br>الْبَابَ: مفعول بہ منصوب |
| ضمیر متصل | هدَاکَ اللّٰہُ | هَدٰی: فعل ماضی "ک: ضمیر متصل مفعول بہ<br>اللّٰہُ: فاعل مرفوع (مرفوع بہ فاعل پر مقدم ہے) |
| ضمیر منفصل | إِيّاکَ نَسْتَعِيْنُ | إِيَّاکَ: ضمیر منفصل مفعول بہ مقدم، نستعین: فَعل مضارع، نَحْنُ: ضمیر مستتر فاعل۔<br>مفعول بہ فاعل اور فعل دونوں پر مقدم ہے۔ |

☆☆☆☆☆

## مفعول فیہ

**تعارف:** وہ منصوب اسم جو فعل کے زمانہ یا مکانِ وقوع کو بتائے (اس میں لفظِ "فــــی" مقدر ہوتا ہے کہ فعل فلاں وقت یا جگہ میں واقع ہوا) اس لئے مفعول فیہ کو ظرف بھی کہتے ہیں۔ اس کی دو صورتیں ہیں۔ [۱] ظرفِ زمان [۲] ظرفِ مکان۔

**ظرفِ زمان:** فعل کا زمانۂ وقوع بتاتا ہے جیسے "صُمْتُ يَوْمَ الجُمعَةِ" میں "صُمْتُ" فعل وفاعل "يَوْمَ الجُمعَةِ" مفعول فیہ ظرفِ زمان ہے، وہ زمانۂ صوم بتا رہا ہے کہ روزہ جمعہ کے دن رکھا۔

**ظرفِ مکان:** فعل کا مکانِ وقوع بتاتا ہے جیسے جَلَسْتُ اَمَامَ الأُسْتَاذِ" جَلَسْتُ" فعل و فاعل "اَمَامَ الْأُسْتَاذِ" مفعول فیہ ظرفِ مکان ہے کہ مکانِ جلوس بتا رہا ہے۔

ظرفِ زمان ہو یا ظرفِ مکان ہر ایک کی دو قسمیں ہیں۔

[۱] **معین:** جو محدود وقت یا معین مکان کے لئے ہو۔

[۲] **مبہم:** جو غیر محدود وقت یا غیر معین مکان کے لئے ہو۔

ظرفِ زمان معین : يَوْمٌ ،لَيْلَةٌ ، سَاعَةٌ ، دَقِيْقَةٌ، عَامٌ وغیرہ۔

// // مبہم : وَقْتٌ ، اَبَدٌ ، حِيْنٌ ، اَمَدٌ ، لَحْظَةٌ ، زَمَانٌ وغیرہ۔

ظرفِ مکان معین : اَلْمَسْجِدُ ، اَلْمَدْرَسَةُ ، اَلْمَنْزِلُ وغیرہ۔

// // مبہم: اَمَامَ ، خَلْفَ ، وَرَاءَ ، يَمِيْنٌ ، شِمَالٌ ، فَوْقَ ، تَحْتُ ، عِنْدَ وغیرہ۔

## نصب ظروف زمان و مکان

**استعمال ظروفِ زمان:** ظروفِ زمان معین ہوں یا مبہم سب کے سب مفعول فیہ ہونے کی وجہ سے منصوب ہوتے ہیں۔ ان میں فی ظاہر نہیں مقدر سمجھا جاتا ہے۔ جیسے اِعْتَكَفْتُ اللَّيْلَةَ . صُمْتُ الْيَوْمَ. وَقَفْتُ لَحْظَةً وغیرہ میں ظروف معین و مبہم سب منصوب ہیں۔

**استعمال ظروفِ مکان:** ظروفِ مکان میں سے مبہم مفعول فیہ ہونے کی وجہ سے منصوب استعمال ہوتے ہیں۔ ان میں ”فِي“ ظاہر نہیں مقدر سمجھا جاتا ہے۔

جیسے سِرْتُ قُدَّامَ الْأَمِيْرِ . وَقَفْتُ تَحْتَ الشَّجَرَةِ . جَلَسْتُ فَوْقَ الْكُرْسِيِّ۔ میں ظروفِ مکان مبہم مفعول فیہ ہونے کی وجہ سے منصوب ہیں۔

**استعمال ظروفِ مکان معین یا مختص:** ظروفِ مکان معین سے پہلے فِیْ ظاہر آ جاتا ہے اس لئے بطور مفعول فیہ منصوب نہیں بلکہ حرفِ جر کی وجہ سے مجرور استعمال ہوتے ہیں جیسے صَلَّيْتُ فِي الْمَسْجِد. اَدْرُسُ فِي الْمَدْرَسَةِ . اَنَامُ فِي الْبَيْتِ وغیرہ۔

**تمرین نمبر......[۱]** مندرجہ ذیل جملوں کی ترکیبِ نحوی کیجئے۔ ظروف منصوب بتائیں (ظرف کی نوعیت واضح کریں) حل شدہ مثالیں پیشِ نظر رہیں۔

[۱] مَشَيْتُ خَلْفَ الْأُسْتَاذِ . ”مَشَيْتُ“ فعل وفاعل ”خَلْفَ“ ظرف مکان مبہم مفعول فیہ منصوب/ جو مضاف ہے۔ ”الْأُسْتَاذِ“ مضاف الیہ ہے۔

[۲] رَجَعْتُ الْيَوْمَ . ”رَجَعْتُ“ فعل وفاعل ”اَلْيَوْمَ“ ظرفِ زمان مفعول فیہ۔

## منصوب(ظرف زمان معین)

[٣] وَقَفَ الطَّالِبُ قُدَّامَ الْمُدَرِّس ........................

[٤] أسَافِرُ يَوْمَ الخَمِيْسِ ........................

[٥] أَذْهَبُ صَبَاحاً........................

[٦] أَرْجِعُ مَسَاءً........................

[٧] وَقَفَ القِطُّ تَحْتَ المائِدَةِ........................

**تمرین نمبر......[٢]** مندرجہ ذیل ظروفِ زمان کو جملوں میں استعمال کریں (بطور مفعول فیہ منصوب) دَقِيْقَةً . عَشَاءً . بُكْرَةً . عصراً . سَاعَةً

**تمرین نمبر......[٣]** مندرجہ ذیل ظروف مکان کو جملوں میں استعمال کریں (بطور مفعول فیہ منصوب) اَمَامَ . خَلْفَ . شِمَالَ . تَحْتَ . فَوْقَ.

☆☆☆☆☆

## مفعول لہٗ

**تعارف:** وہ اسم منصوب ہے جو کسی فعل کے سبب وقوع کو بیان کرے یہ بتائے کہ فلاں عمل کیوں واقع ہوا۔

**مثال:** قُمْتُ اِكْرَاماً لِمُحَمَّدٍ (میں محمد کے احترام کے لئے کھڑا ہوا) اس میں قیام کا سبب اکرامِ محمد ہے اس لئے اِکْرَاماً مفعول لہ منصوب ہے۔

**تمرین نمبر......[١]** مندرجہ ذیل میں سے مفعول لہ منصوب بتائیں۔

[١] هَرَبْتُ خَوْفاً . "هربتُ" فعل وفاعل "خَوْفاً" ،مفعول بہ منصوب

[٢] جِئتُ رَغْبَةً فِى الْعِلْمِ........................

[٣] قُمتُ تَكْرِيْماً لِلضَيْفِ........................

[٤] سَجَدتُ شُكْراً لِلّٰهِ........................

**تمرین نمبر......[٢]** مندرجہ ذیل مفعول لہ منصوب کے لئے مناسب فعل وفاعل ذکر کریں۔

[١] ........................شُكْراً لِلّٰهِ

[٢]........................تَعْظِيْماً لَلشَّيْخِ

[۳] ........................تأدِیباً لِلطَّالِبِ

[٤]......................خَوُفاً مِنَ النّارِ

[۵]........................طَمُعاً فِي الُجَنَّةِ

☆☆☆☆☆

# مفعول معہ

**تعارف:** وہ اسم ہے جو واو معیت کے بعد ہو اور اس ذات کو بتائے جس کی معیت میں کام واقع ہو۔ جیسے سِـرُتُ وَالشَّـارِعَ (میں سڑک کے ساتھ ساتھ چلا) اس میں ”سِـرُتُ“ فعل وفاعل ”وَ“ بمعنی ”مَعَ“ ”الشَارِعَ“ مفعول معہ منصوب ہے۔

**شروط مفعول معہ:** واو کے بعد اسم کے منصوب ہونے کے لئے ضروری ہے کہ

[۱] واو بمعنی مع ہو جو یہ بتائے کہ فاعل صدورِ فعل کے وقت کس کی مصاحبت میں تھا۔ عام واو کی طرح مشارکت کے لئے نہ ہو۔

[۲] واو سے پہلے کلام تام ہو کہ اگر واو اور اس کے بعد والا اسم نہ بھی ہو تب بھی جملہ پورا ہو جائے جیسے پہلی مثال میں ”سِرُتُ“ فعل وفاعل مکمل کلام ہے۔

[۳] واو سے پہلے کلام میں فعل ہو یا ایسا اسم ہو جو فعل کے حروف پر مشتمل ہو۔

واو معیت سے پہلے فعل کی مثال جیسے ”سِـرُتُ وَالـطَّـرِيـقَ“ ”سِـرُتُ“ فعل و فـاعل ”وَ“ بـمـعـنـی ”مَـعَ“ ”الـطَّـرِيُقَ“ مفعول معہ منصوب۔ واو معیت سے پہلے اسم کی مثال جیسے ”اَنَـا سَـائِـرٌ وَالشَّارِعَ“ ”اَنَا“ مبتدا ”سَائِرٌ“ خبر ”وَ“ بمعنی ”مَعَ“ ”الشَّارِعَ“ مفعول معہ منصوب۔

**تمرین:** مندرجہ ذیل جملوں کی ترکیبِ نحوی کریں اور مفعول معہ واضح کریں۔

[۱] مَشَـى الـطَّـالِـبُ وَالُبَحُرَ: ”مَشىٰ“ فعل ماضی ”الـطَّـالِبُ“ فاعل ”وَ“ بمعنی مَعَ ”الُبَحُرَ“ مفعول معہ منصوب۔

[۲] جِئُتُ وَسَلِيماً..........................

[۳] سَارَ الأميرُ وَالُجَيُشَ.........................

[٤] اَجُمِعُوا اَمرَكم وَشُرَكَاءَ كُمُ..........................

[۵] اَسِيرُ وَالشَّارِعَ الُجَدِيدَ..........................

[٦] انَا مَاشٍ وَالطَّرِيْقَ.............................

[٧] عَادَ الطَّالِبُ وَالظُّهُرَ.............................

[٨] اَلْأُسْتَاذُ ذَاهِبٌ وَالطَّالِبَ.............................

☆☆☆☆☆

# مفعول مطلق

**تعارف:** یہ وہ اسم منصوب ہے جو اپنے اسی فعل کا مصدر ہے جو اس کو نصب دے رہا ہے۔ چاہے اپنے فعل کے ہی لفظ سے ہو جیسے ”جَلَسْتُ جُلُوْساً“ ”جلس“ فعل ماضی ”تُ“، ضمیر فاعل ”جُلُوْساً“ مفعول مطلق یا اپنے فعل کے ہم معنی دوسرے لفظ سے ہو جیسے ”وَقَفْتُ قِيَاماً“ ”وَقَفَ“ فعل ماضی ”تُ“ ضمیر فاعل ” قِيَاماً“، مفعول مطلق۔ پہلی مثال میں ”جُلُوساً“ مفعول مطلق ہے جو اپنے فعل ناصب ”جَلَسَ“ کا ہم لفظ ہے۔

دوسری مثال میں ”قِيَاماً“ مفعول مطلق ہے جو اپنے فعل ناصب ”وَقَفَ“ کے ہم معنی لفظ ”قَامَ“ سے ہے۔

**تسمیہ:** اس کو مفعول مطلق اس لئے کہتے ہیں کہ ظرفیت یا معیت وغیرہ کی قید سے خالی ہے۔

**اغراضِ مفعول مطلق:** تین اغراض کے لئے آتا ہے۔

[١] فعل کی تاکید کے لئے ہو جیسے ”حَفِظْتُ الدَّرْسَ حِفْظاً“ (میں نے اچھی طرح سبق یاد کر لیا) میں ”حِفْظاً“، مفعول مطلق کا مقصود ”حَفِظَ“ کی تاکید ہے۔

[٢] فعل کی نوعیت بتانے کے لئے آئے جیسے ”سِرْتُ سَيْراً سَرِيْعاً“ (میں تیز رفتاری سے چلا) مقصود نوعیت کا بیان کرنا ہے۔

[٣] فعل کی تعداد بتانے کے لئے آئے جیسے ”وَقَفْتُ وَقْفَتَيْنِ“ (میں دو وقفے ٹھہرا) مقصود عمل کی تعداد بیان کرنا ہے۔

**حذفِ فعل:** مفعول مطلق کا عامل فعل کہیں حذف بھی کر دیا جاتا ہے جیسے ”سُبْحَانَ اللهِ“ یا ”شُكْراً لِلهِ“ ان میں فعل محذوف ہے۔ پہلا جملہ یوں ہے۔ ”أُسَبِّحُ اللهَ تَسْبِيْحاً“
دوسرا جملہ یوں ہے: أَشْكُرُ اللهَ شُكْراً“.

**تمرین نمبر......[ ۱ ]** مندرجہ ذیل جملوں کی ترکیبِ نحوی کیجیے اور مفعولِ مطلق اور اس کی غرض بیان کریں۔ پہلی مثال حل شدہ ہے۔

[ ۱ ] نَامَ الْوَلَدُ نوماً . نام فعل ماضی الولد: فاعل مرفوع نوماً : مفعول مطلق برائے تاکید۔

[ ۲ ] زُرْتُکَ زِیَارَتَیْنِ.................................

[ ۳ ] جَلَسْتُ قُعُوْداً.................................

[ ٤ ] ضَرَبْتُ السَّارِقَ ضَرْبَتَیْنِ.................................

[ ۵ ] فَرِحْتُ فَرَحاً.................................

**تمرین نمبر......[ ۲ ]** مناسب مفعول مطلق سے خالی جگہ پر کریں اور غرض بتائیں۔

[ ۱ ] حَفِظَ التِّلْمِیْذُ الدَّرْسَ.................................

[ ۲ ] سَارَ الْجُنْدِیُّ.................................

[ ۳ ] شَرِبْتُ .................................

[ ٤ ] نَصَر اللّٰہُ الْمُجَاھِدِیْنَ .................................

[ ۵ ] فَتَحْنَا لَکَ.................................

**تمرین نمبر......[ ۳ ]** مندرجہ ذیل افعال کو جملوں میں استعمال کریں اور ہر ایک سے مصدر لا کر بطور مفعول مطلق برائے تاکید، نوعیت، عدد استعمال کریں۔

قَرَأَ . شَرِبَ . لَعِبَ . اِسْتَغْفَرَ .

**برائے تاکید:**---------------------------------

**برائے نوعیت:**---------------------------------

**برائے عدد:**---------------------------------

# إنَّ اور اس کے اخوات کی خبر

**تعارف:** یہ سب حروف ہیں، اہل قواعد ان کو حروفِ مشبّہ بالفعل کہتے ہیں، کیونکہ اپنے عمل، ترکیب اور معانی میں فعل سے مشابہت رکھتے ہیں۔

**مشابہتِ فعل:** فعل کی طرح رفع ونصب کا عمل کرتے ہیں۔ فعل کی طرح تین سے کم حروف پر مشتمل نہیں ہوتے ہیں۔ اپنے معانی مثلاً تاکید وتشبیہ وغیرہ میں بھی فعل سے مماثلت رکھتے ہیں۔

**تعداد:** حروفِ مشبہ بالفعل چھ ہیں:

إنَ . أَنَ . كَأَنَّ . لكِنَّ . لَيْتَ . لَعَلَّ

**عمل:** یہ جملہ اسمیہ پر داخل ہوتے ہیں اور مبتدا کو جواب ان کا اسم کہلاتا ہے۔ نصب اور خبر کو جواب ان کی خبر ہوگی رفع دیتے ہیں۔

## مفصل بیان وامثلہ

**إِنَّ:** مضمون جملہ کی تاکید کرتا ہے اور شک کو دور کرتا ہے۔ جیسے ''إِنَّ مُحَمَّداً حَاضِرٌ'' (بے شک محمد حاضر ہے)۔ إِنَّ'' حرف مشبہ بالفعل ''مُحَمّداً: اسم ''اِنَّ ''منصوب ''حاضر'' خبر ''اِنَّ'' مرفوع۔

**أَنَّ:** مضمون جملہ کی تاکید کرتا ہے اور شک کو دور کرتا ہے۔ جیسے عَلِمْتُ أَنَّ مُحَمَّداً حَاضِرٌ.

عَلِمْتُ: فعل وفاعل اَنَّ: حرفِ مشبہ بالفعل مُحَمَّداً: اسم أَنَّ: منصوب حَاضِرٌ: خبرِ اَنَّ: مرفوع

**حرکتِ ہمزہ:** کلام کے شروع اور قَالَ يَقُولُ کے بعد ہمزہ مکسور ہوتا ہے۔ کلام کے وسط اور عَلَم يَعْلَمُ کے بعد ہمزہ مفتوح ہوتا ہے۔

**كَأَنَّ:** تشبیہ اور تاکید مضمون کے لئے آتا ہے، جیسے كَأَنَّ خَالِداً اَسَدٌ (یقیناً خالد شیر کی مانند ہے) كَأَنَّ: حرف مشبہ بالفعل، خَالِداً: اسم كَأَنَّ: منصوب، اَسَدٌ: خبرِ كَأَنَّ: مرفوع۔

**لَكِنَّ:** کلامِ سابق سے پیدا شدہ وہم کو دور کرتا ہے۔ جسے استدراک کہتے ہیں۔ جیسے زيدٌ غَنِيٌّ (زید غنی ہے) اس سے وہم ہوسکتا ہے کہ وہ سخی ہے تو اس وہم کے استدراک کے لئے ساتھ ہی کہا جائے گا لكِنَّه، بَخِيلٌ (لیکن وہ بخیل ہے) تو یہ وہم زائل ہوگیا۔

لٰكِنَّ : حرف مشبہ بالفعل، ہٗ: ضمیر اسم لٰكِنَّ: محلاً منصوب، بَخِيْلٌ: خبر لٰكِنَّ: مرفوع۔

**لَيْتَ:** کسی محال کی خواہش کے لئے آتا ہے جسے تمنی کہا جاتا ہے جیسے **لَيْتَ الشَّبَابَ عَائِدٌ** (کاش کہ جوانی لوٹ آنے والی ہو)

لَيْتَ: حرفِ مشبہ بالفعل الشَّبَابَ: اسم لَيْتَ: منصوب، **عائدٌ** :خبرِ لَيْتَ:مرفوع

**لَعَلَّ:** کسی محبوب اور ممکن امر کی توقع کے لئے آتا ہے جسے ترجی کہا جاتا ہے جیسے **لَعَلَّ الْعَدُوَّ قَرِيْبٌ مِنَّا.**

لَعَلّ : حرف مشبہ بالفعل العدوَّ: اسم لَعَلَّ: منصوب **قَرِيبٌ**: خبر لَعَلَّ: مرفوع۔

**تمرین نمبر......[١]** مندرجہ ذیل جملوں کو اعراب لگا کر اسم اور خبر بتائیں۔

[١] ..............إِنَّ التِّلْمِيْذَ مُجْتَهِدٌ.

[٢] ..............كَانّ الْمُعَلِّمَ اَبٌ.

[٣]..............اِعْلَمْ أَنَّ الْحَيَاةَ تَعُبٌ.

[٤] ..........سَمِيْرٌ حَضَرَ لٰكِنَّ اَخَاهُ غَائِبٌ.

[٥]...........لَعَلَّ خَالِداً يَنْحَحُ فِي الْاِخْتِبَارِ.

[٦]...........لَيْتَ لَهٗ بَيْتاً جَمِيْلاً.

**تمرین نمبر......[٢]** خالی جگہ پر کریں اور جملوں کو اعراب لگائیں:

[١] ...............................الْكِتَاب مُفِيْدٌ

[٢]...............ليتَ القمرَ...............

[٣] ...............انَّ الصلوٰة...............

[٤] ...............كأنَّ القمر...............

[٥]...............انَّ محمداً...............

**تمرین نمبر..[٣]** مناسب حرفِ مشبہ بالفعل داخل کریں اور اعراب میں ضروری تبدیلی کریں.

[١] ..........إبراهيم كان اُمّة.

[٢]..........الحرّشديد.

[٣]..........الماء فضة.

[٤].........اَخاه حاضر وهو غائب .

[٥].........اعلم .......الدنيا لهو ولعب.

[٦].........الشمس حارة.

[٧].........البرد قارس.

[٨].........الصدق نافع .

**تمرین نمبر......[٤]** خالی جگہ مناسب ”اسم“ برائے حروفِ مشبہ بالفعل سے پر کریں۔

[١] اِنَّ ...............بارِدٌ.

[٢] عَلِيّ قليل المال لكنَّ............ كريم .

[٣] علمتُ أنَّ...........خيرُ زادٍ.

[٤] ليتَ.................عائدٌ.

[٥] لعلَّ..........طالع.

[٦] كأنَّ ................قَمَرٌ.

# حال

لغت میں انسان کی اچھی یا بری ہیئت جس میں وہ ہو اس کو حال کہتے ہیں۔ قواعد کی رو سے وہ اسم جو وقوعِ فعل کے وقت فاعل/ نائب فاعل یا مفعول کی ہیئت کو بیان کرے حال کہلاتا ہے۔

**ذوالحال:** جس کی ہیئت بیان کی جائے، وہ صاحب الحال یا ذوالحال کہلاتا ہے۔

**امثلہ: فاعل سے حال کی مثال:** ”جاءَ الْحاكِمُ رَاكِباً“ (حاکم سوار ہو کر آیا) ”جاءَ“ فعل ماضی ”اَلْحاكِمُ“ فاعل مرفوع ذوالحال. ”رَاكِباً“ حال منصوب، جس نے ”اَلْحاكِمُ“ فاعل کی حالت کو بیان کیا۔

**مفعول سے حال کی مثال:** ”رَأَيْتُ الأمِيرَ نائِماً“ (میں نے امیر کو سوتے ہوئے حالت میں دیکھا) ”رَأيْتُ“ فعل وفاعل ”اْلاَمِيْرَ“ مفعول منصوب ذوالحال۔ ”نائِماً“ حال منصوب اس نے اْلاَمِيْرَ مفعول کے دیکھے جانے کی حالت کو بیان کیا ہے۔

**شروط حال:** حال ہمیشہ اسم نکرہ ہوتا ہے۔ کلام تام کے بعد آتا ہے یعنی حال سے پہلے مکمل جملہ ہوتا ہے۔ حال اگر معرفہ واقع ہوا ہو تو وہ بھی نکرہ کا ہی ہم معنی ہوگا۔ جیسے ”جَاءَ الْوَزِیْرُ وَحدَہ“۔ میں ”جَاءَ“، فعل ”اَلْوَزِیْرُ“ فاعل ”وَحدَہ“ حال ہے جو ضمیر کی طرف مضاف ہونے کی وجہ سے معرفہ تو ہے مگر نکرہ کے ہم معنی ہے۔ گویا اصل کلام اس طرح ہے۔

”جَاءَ الْأَمِيْرُ مَنْفَرِداً“ (امیر اکیلے آیا)

**شروط ذوالحال:** ذوالحال ہمیشہ اسم معرفہ ہوتا ہے۔ اس کے نکرہ ہونے کی مندرجہ ذیل صورتیں ہیں:

[۱] نکرہ عامہ ہو جو حرف استفہام کے بعد آئے۔

جیسے ”هَلْ جَاءَ كَ اَحَدٌ رَاكِباً“ میں ”اَحَدٌ“ ذوالحال ہے، یا حرف نفی کے بعد ہو جیسے ”مَافِی الْمَدْرَسَةِ مِنْ تَلْمِيْذٍ نَشِيْطاً“ میں ” تِلْمِيْذٍ“ نکرہ عامہ ذوالحال ہے۔

[۲] نکرہ مخصوصہ ہو اور اس کی تخصیص صفت سے ہو یا اضافت سے صفت جیسے: ”جَاءَ نِی صَدِيْقٌ مَخْلِصٌ نَاصِحاً“ ”صدیق“ موصوف ذوالحال ہے اضافت جیسے: ”زَارَنِی طَالِبُ عِلْمٍ نَشِيطاً“ طالبُ مضاف ذوالحال ہے۔

[۳] نکرہ ذوالحال پر مقدم ہو۔

جیسے ”جَاءَ مُسْرِعاً رَسُوْلٌ“ میں ”رَسُوْلٌ“ مؤخر ذوالحال ہے اور ”مُسْرِعاً“ حال مقدم ہے۔

## تمرینات حال

**تمرین نمبر..** [۱] مندرجہ ذیل جملوں کی ترکیب نحوی کیجئے، نیز حال اور ذوالحال کو واضح کریں.

[۱] ”جَاءَ الأَمِيْرُ رَاكِباً“ ”جَاءَ“ فعل ماضی ”الأَمِيْرُ“ فاعل مرفوع ذوالحال ”رَاكِباً“ حال منصوب۔

[۲] رَجَعَ سَمِيرٌ مَاشِياً........................................

[۳] لَقِيتُ عندَالله مُقِيماً........................................

[٤] سَرَّنِی قُدُومُکَ سَالماً..........

[٥] زُرْتُ الأَسْتَاذَ نَائِماً..........

**تمرین نمبر......[۲]** مندرجہ ذیل جملوں کو مناسب حال سے پر کریں۔

[١] خُلِقَ الْاِنْسَانُ..........

[۲] دَعَوْتُ اللّٰہَ..........

[۳] جَاءَ الصَّدِیْقُ..........

[٤] أَکَلْنَا الْفَاکِهَةَ..........

[٥] رَجَعَ الْجَیْشُ..........

**تمرین نمبر......[۳]** مندرجہ ذیل اسماء کو جملوں میں حال منصوب استعمال کریں۔ (فاعل کی ہیئت بتائیں)۔ مَسْرُوراً . مُجْتَهِداً . صَافِیاً . سَرِیْعاً .

**تمرین نمبر......[٤]** مندرجہ ذیل اسماء کو جملوں میں حال منصوب استعمال کریں۔ (مفعول کی حالت بتائیں)۔ جَدِیْداً . ضَاحِکاً . حَزِیْناً . سَرِیْعاً . صَافِیاً .

**تمرین نمبر......[٥]** مندرجہ ذیل خالی جگہ مناسب ذوالحال سے پر کریں۔ جملوں کا اردو ترجمہ کریں۔

| عربی جملے | ذوالحال | جملہ میں مقام |
|---|---|---|
| [١] جَاءَ..........مُسْرِعاً | اَلطَّالِبُ | فاعل |
| [۲] جَاءَتْ........مَسْرِعَةً | اَلطَّالِبَةُ | ......... |
| [۳] سَافَرَ.........مَسْرُورِیْنَ | ....... | ......... |
| [٤] أَکَلْتُ........نَاضِجَةً | ........ | ......... |
| [٥] زُرْتُ..........رَاکِباً | ......... | ......... |

# تمیز

**تعارف:** لغت میں تفسیر وتشریح کرنا یا چھانٹنا تمیز کہلاتا ہے۔ قواعد کی رو سے تمییز وہ جامد اسم ہے جو اپنے سے پہلے واقع کسی ذات یا نسبت (حکم) کو واضح کرے۔ پہلے اسم کو ممیَّز اور تمیز کو ممیِّز کہتے ہیں۔ تمیز نکرہ ہوتی ہے۔

**اقسام تمیز:** ممیّز کے اعتبار سے تمیز کی دو قسمیں ہیں۔

[۱] تمیز مفرد یا ذات [۲] تمیز جملہ یا نسبت

**تمیز مفرد ومثال:** کسی مجمل ذات کی حقیقت واضح کرتی ہے۔ جیسے ”بِعۡتُ رِطۡلاً سُکّراً“ (میں نے ایک رطل شکر فروخت کی) ”بِعۡتُ“، فعل وفاعل ”رِطۡلاً“، ممیّز ”سُکَّراً“، تمیز منصوب ہے۔ اس نے ایک رطل کی حقیقت کو واضح کیا کہ وہ شکر تھی۔

**تمیز نسبت ومثال:** یہ جملہ میں موجود حکم کی جہت واضح کرتی ہے جیسے ”طَابَ سَعِیۡدٌ نَفۡساً“ (سعید نفس کے اعتبار سے اچھا ہے) ”طَابَ“ فعل، ”سَعِیۡدٌ“ فاعل ممیّز ”نَفۡساً“، تمیز منصوب ہے جس نے سعید کی اچھائی کی جہت اور اعتبار کو واضح کیا۔

## انواع تمیز مفرد وامثلہ

**تمیز مفرد:** مفرد اسم کے ابہام کو واضح کرتی ہے جس کی دو صورتیں ہیں۔

[۱] **تمیز مقدار:** مقدار سے مراد ہر وہ شئے ہے جس سے اشیاء کا اندازہ کیا جا سکے لہٰذا تمیز مقدار۔ وزن۔ ماپ۔ ناپ اور پیمائش کو شامل ہے۔

[۲] **تمیز عدد:** عدد سے مراد وہ شئے جس سے چیزوں کی گنتی کا پتہ چل سکے۔ لہٰذا تمیز عدد...... عدد صریح اور کنایہ ہر دو کو شامل ہے۔

**عدد صریح:** تو وہ عدد ہیں جن کی کمیت معلوم ومعین ہو جیسے واحد اثنان ثلاثہ وغیرہ۔

**عدد کنایہ:** ہر وہ عدد جس کی کمیت مجہول ہو معروف ومعین نہ ہو یا کسی مبہم عدد سے کنایہ ہوں۔

**اب ہر نوع کا مفصل بیان مع امثلہ ملاحظہ کیجئے:** تمیز مقدار کی مثالیں مندرجہ ذیل ہیں۔

[۱] **تمیز وزن:** جیسے کہیں عندی رطلٌ زیتاً (میرے پاس ایک رطل روغنِ زیتون ہے)، اس میں ''زیتاً'' تمیز نے وزن (رطل) کو بیان کیا ہے کہ وہ زیتون کا تیل ہے۔

[۲] **تمیز کیل:** جیسے کہیں اعطنی مُدّاً اُرُزّاً (مجھے ایک مد چاول دو) اس میں ارزاً تمیز نے مد جو ایک ناپ ہے کو واضح کیا ہے۔

[۳] **تمیز مساحت:** جیسے کہیں لی ھکتارٌ أرضاً (میرے پاس ایک ایکڑ زمین ہے)۔ اس میں ھکتار جو مقدار مساحت ہے اس کو ارضاً تمیز نے واضح کیا ہے۔

[٤] **تمیز مقیاس:** جیسے کہیں اشتریتُ ذراعاً حریراً (میں نے ایک گز ریشم خریدا)۔ اس میں ذراع مقیاس کو حریراً تمیز نے واضح کیا ہے۔

**تمیز عدد کی مثالیں مندرجہ ذیل ہیں۔**

[۱] **تمیز عدد صریح:** جیسے کہیں عندی عشرونَ قلماً (میرے پاس بیس قلم ہیں)۔ اس میں عشرون عدد کو قلماً تمیز نے بیان کیا ہے۔

[۲] **تمیز عدد کنایہ:** جیسے کہیں کم ورقةً کتبتُ (میں نے کتنے ہی ورق لکھ دیئے) اس میں کم عدد مبہم کو ورقة نے واضح کیا ہے۔

### آئندہ مثال حل شدہ ہے۔

اِشْتَرَیْتُ طَنّاً حَدِیْداً (میں نے ایک ٹن لوہا خریدا) ''اِشْتَرَیْتُ''، فعل و فاعل ''طَنّاً''، ممیّز (وزن) ''حَدِیْداً''، تمیز وزن منصوب ہے۔

**تمرین نمبر......[۱]** مندرجہ ذیل میں ممیّز تمیز کو واضح کریں۔

[۱] عِنْدِیْ عِشْرُوْنَ ذِرَاعاً حَرِیْراً.................

[۲] اِشْتَرِ کِیْلُو دَقِیْقاً.........................

[۳] لِیْ فَرْسَخٌ اَرْضاً.........................

[٤] اَعْطِنِیْ ذِرَاعاً خَزّاً.........................

[۵] عِنْدَہٗ عِشْرُوْنَ دِرْھَماً.......................

**تمرین نمبر......[۲]** مندرجہ ذیل جملوں میں خالی جگہ مناسب تمیز سے پر کریں اور نوع تمیز بتائیں۔

| جملے | تمیز | نوع تمیز |
|---|---|---|
| [۱] رَأَیُتُ اَحَد عَشَرَ .............. | کَوُکَباً | تمیز عدد |
| [۲] اَعُطِنِیُ مِتُراً.................. | ...... | ......... |
| [۳] بِعُ لِی کِیُلُوُ.................. | ...... | ......... |
| [٤] اِشُتَرٰی عَلِیٌّ طَنّاً................. | ...... | ......... |
| [٥] شَرِبُتُ کُوُباً................. | ...... | ......... |
| [٦] بِعُتُ کِیُساً................. | ...... | ......... |

## انواعِ تمیز نسبت وامثلہ

تمیز نسبت کی تین قسمیں ہیں۔

[۱] فاعل سے محول (تبدیل کی گئی) ہو۔ [۲] مفعول سے محول ہو۔ [۳] مبتدا سے محول ہو۔

[۱] فاعل سے محول کی مثال جیسے "طَابَ خَالِدٌ نفسًا" (خالد نفس کے اعتبار سے اچھا ہے) یہ اصل میں "طَابَ نَفُسُ خَالِدٍ" تھا۔ "طَابَ" فعل "نَفُسُ" مضاف "خَالِدٍ" مضاف الیہ۔ اب "نَفُسُ" فاعل مرفوع مضاف کو محذوف کر کے اس کی جگہ "خَالِدٌ" مضاف الیہ کو لے آئے اور اس کو مرفوع کر دیا۔ پھر مضاف محذوف "نَفُس" کو لے آئے اور اس کو تمیز منصوب بنا دیا تو "طَابَ خَالِدٌ نَفُساً" ہو گیا۔

[۲] مفعول سے محول ہو جیسے "رَفَعُتُ الوَزِیرَ شأُناً" (میں نے وزیر کو شان کے اعتبار سے بلند کیا)۔

یہ اصل میں "رَفَعُتُ شَاُنَ الُوزِیُرِ" تھا۔ "رَفُعُتُ" فعل و فاعل "شَانَ" مفعول جو مضاف تھا محذوف کر دیا۔ "الوَزِیُرِ" مضاف الیہ کو محذوف مفعول کی جگہ لا کر پھر "شأُناً" محذوف کو بطور تمیز ذکر کر دیا۔

[**۳**] مبتدا سے محول ہو جیسے ”**زَیْدٌ اَکْثَرُ مِنْکَ مَالاً**“ (زید مال کے اعتبار سے تم سے بڑھ کر ہے)۔

یہ اصل میں ”**مَالُ زَیْدٍ اَکْثَرُ مِنْ مَالِکَ**“ تھا۔ ”**مالُ**“ مبتدا مضاف کو حذف کر دیا۔ مضاف الیہ زید کو اس کی جگہ لے کر مرفوع بنا دیا پھر مضاف الیہ محذوف کو بطور تمیز ذکر کر دیا۔

**تمرین نمبر**......[ **۱** ] مندرجہ ذیل تمیز نسبت یا جملہ کی مثالیں ہیں ترکیبِ نحوی کیجئے۔

”**طَابَ سَعِیْدٌ نَفُساً**“ ”**طَابَ**“ **فعل** ”**سَعِیْدٌ**“ **ممیّز** ”**نَفُساً**“ **تمیز منصوب۔**

**رَفَعْتُ الرّئِیسَ شَأناً**.......................................

**مَحَمّدٌ اَکْرَمُ مِنْ خَالِدٍ أَدَباً**...............................

**عَلِیٌّ أَکْثَرُ مِنْ سَمِیْرٍ مَالاً**.................................

**تمرین نمبر**......[ **۲** ] مندرجہ ذیل اسماء کو بطور تمیز منصوب استعمال کریں۔

**شَعِیْراً . أَدَباً . خُلُقاً . قَمْحاً . حَرِیْراً.**

# لا نافیہ برائے جنس یا
# لا برائے نفی جنس

**تعارف:** کسی جنس کے تمام افراد سے حکم کی نفی کرنے کے لئے حرفِ نفی ”لَا“ استعمال ہوتا ہے جسے لا نافیہ برائے جنس کہتے ہیں۔

**عمل:** یہ اِن کی طرح اپنے اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے اس کا اسم نکرہ ہوتا ہے۔ خبر کبھی مفرد، کبھی جملہ اور کبھی شبہ جملہ ہوتی ہے۔

**شروطِ عمل:** ”لَا“ کے مذکورہ عمل کے لئے مندرجہ ذیل شروط ہیں۔

[۱] ”لَا“ کا اسم نکرہ ہو۔
[۲] ”لَا“ اور اسم کے درمیان فاصلہ نہ ہو۔
[۳] ”لَا“ مکرر نہ ہو۔ نہ ”لَا“ پر حرفِ جر داخل ہو۔
[٤] خبر نکرہ ہو۔

**مثال:** جیسے ”لَا طَالِبَ غَائِبٌ“

”لَا“ حرفِ نفی جنس ”طَالِبَ“ اسم ”لَا“ مبنی برفتحہ ”غَائِبٌ“ خبر ”لَا“ مرفوع۔

**اقسام واحکام اسم ”لَا“:** ”لَا“ نفی جنس کے اسم کی مندرجہ ذیل تین اقسام ہیں۔

[۱] مفرد...... یہ علامت نصب پر مبنی ہوتا ہے۔
[۲] مضاف...... یہ منصوب ہوتا ہے۔
[۳] شبیہ مضاف...... // // // //

# تفصیلی بیان وامثلہ

**مفرد اور اس سے مراد:** مفرد سے مراد یہ ہے کہ ”لَا“ کا اسم اکیلا لفظ ہے مضاف یا شبیہ مضاف نہیں ہے۔ اس لحاظ سے مفرد کا مفہوم (۱) مفرد، (۲) تثنیہ، (۳) اسم جمع مکسر، (٤) اسم جمع مذکر سالم، (۵) جمع مؤنث سالم۔ اسم کی ان پانچوں اقسام کو شامل ہے۔ آئندہ جدول اسم لَا مفرد کی تمام صورتوں اور علامات نصب کو واضح کر رہا ہے۔

## جدول اسم لَا نفی (مفرد)

| احوالِ مفرد | امثلہ | مبنی برفتحہ | علامتِ بناء | خبرمرفوع |
|---|---|---|---|---|
| اسم مفرد | لَا شِرِيُرَ ناجِعٌ | شِرّيُرَ | فتحہ | نَاجِحٌ |
| // جمع مؤنث سالم | لَا طَالِبَاتٍ مُجتَهِدَاتٌ | طَالِبَاتٍ | کسرہ | مَجُتَهِدَاتٌ |
| // // مذکرسالم | لا مهندسِين غائبون | مهندسين | یا | غائبون |
| // جمع مکسر | لا طلابَ غائبون | طلاب | فتحہ | غائبون |
| // تثنیہ | لا مجتهدَين راسبان | مجتهدين | یا | راسبان |

**مضاف برائے نکرہ:** اسم لَا کسی نکرہ کی طرف مضاف ہو اس صورت میں معرب منصوب ہوتا ہے۔ جیسے لَا عَامِلَ خَيُرٍ مَكُرُوهٌ.

“لَا” نفی جنس　　“عَامِلَ اسم لَا منصوب

“خيرٍ” مضاف الیہ　　“مَكُرُوهٌ” خبر لَا مرفوع

مندرجہ ذیل جملوں میں اسم لَا نفی جنس مضاف برائے نکرہ ہے۔ اس کا نصب/ اور خبر مرفوع واضح کریں۔ حل شدہ مثالیں پیش نظر رہیں۔

| عربی جملے | اسمِ لا منصوب | علامتِ نصب | خبرمرفوع |
|---|---|---|---|
| [١] لَا شَاهِدَ زُوُرٍ مَحُبُوُبٌ | شَاهِدَ | فتحہ | مَحُبُوُبٌ اسم مفرد |
| [٢] لَا طَالِبَیُ عِلُمٍ يُحُرَمَانِ | طَالِبَیُ | یا | يُحُرَمَانِ جملہ فعلیہ |
| [٣] لَا قَائِلِي حَقٍّ حَاضِرُوُنَ | ……. | ……. | …………. |
| [٤] لَا مُدَرِّسَ حِسَابٍ مَوُجُوُدٌ | ……. | ……. | …………. |
| [٥] لَا رَجُلَ دِيُنٍ حَاضِرٌ فِی الُمُؤتَمر | ……. | ……. | …………. |
| [٦] لَا فَاعِلَ مَعُصِيَةٍ مَحُبُوبٌ | ……. | ……. | …………. |

**شبیہ مضاف:** لانفی جنس کا اسم شبیہ مضاف ہوتو معرب منصوب ہوتا ہے۔ شبیہ مضاف سے مراد وہ مشتق اسم ہے کہ اس کے بعد والا کلمہ اسی کے معنی کو مکمل کرتا ہے۔ اسم مشتق اس کو مفعولیت کی بنا پر نصب دیتا ہے یا حرفِ جر کے ذریعے اس سے متصل ہوتا ہے۔

پہلی صورت کی مثال، جیسے "لَا نَاصِراً الحقَّ مَغلُوبٌ" "لَا" نفی جنس "نَاصِراً" اسم لَا شبیہ مضاف منصوب "اَلحّقَّ" (مفعول بہ) برائے تکمیل معنیٰ اسم "لَا" منصوب "مَغلُوبٌ" خبرِ "لَا" مرفوع۔

دوسری صورت کی مثال، جیسے "لَا سَاعِیاًفِی الْخَیرِ خَاسِرٌ" "لَا" نفی جنس "سَاعِیاً" اسم لَا منصوب (شبیہ مضاف) "فی" حرفِ جر "الْخَیرِ" (مجرور) جار مجرور شبہ جملہ برائے تکمیل معنیٰ اسم "خَاسِرٌ" خبر لا مرفوع۔

**تمرین نمبر......[۱]** مندرجہ ذیل میں اسم لَا شبیہ مضاف/ اس کا معمول اور خبرِ لَا مرفوع بتائیں۔

| عربی جملے | اسم لا شبیہ مضاف | مکمل معنیٰ اسم لا | خبر لا مرفوع |
|---|---|---|---|
| لَا فَاعِلاً الْخَیرَ مَمْقُوتٌ | فَاعِلاً | الْخَیرَ مفعول | مَمْقُوتٌ |
| لَا رَاغِباً فِی الشَّرِ مَحبُوبٌ | رَاغِباً | فِی الشَّرِ جارمجرور | مَحبُوبٌ |
| لَا فَاهِماً الدَّرسَ رَاسِبٌ | ...... | .............. | ......... |
| لَا ذاکِرِینَ رَبَّهُم یَدخُلُونَ النَّارَ | ...... | .............. | جملہ خبر ہے |
| لَا سَاعِینَ فِی الْخَیرِ مَکرُوهُونَ | ...... | .............. | ......... |

**تمرین نمبر......[۲]** مطلوبہ اسم لگا کر مندرجہ ذیل خالی جگہ پر کریں۔

[۱] لَا ............لِمَخلُوقٍ فِی مَعصِیَةِ الْخَالِقَ. اسم مفرد

[۲] لَا ............ذَنبٍ اِلَّا اللّٰہُ مضاف برائے نکرہ

[۳] لَا ............اَعظَمُ مِنَ الشِّرکِ مفرد

[٤] لَا ............خَلُقُه، مَذمُومٌ شبیہ مضاف

[۵] لَا............ رَاسِبُونَ جمع مذکر سالم

[٦] لَا ............ لِمَنْ لَا أَمَانَةَ لَه، مفرد

**تمرین نمبر......[۳]** آئندہ جملوں میں "لَا مهملہ" ہے۔ "اِنَّ" کا عمل کیوں نہیں کر رہا ہے سبب بتائیں۔

| عربی جملے | سبب |
|---|---|
| [۱] لَا الطَّالِبُ مَوْجُوْدٌ وَلَا الْأُسْتَاذُ. | لا مہملہ ہے بعد والا اسم معرف باَل ہے |
| [۲] لَا الرَّجُلُ فِی الْمَسْجِد وَلَا الْمَرْأَةُ. | ........................ |
| [۳] لَا فِی الْمدَرسَةِ طَالِبٌ وَلَا اُسْتَاذ | ........................ |
| [٤] لَا فِی الْبَیْتِ أَبٌ وَلَا اُمٌّ. | ........................ |
| [۵] سَافَرْتُ بِلَا زَادٍ. | ........................ |

☆☆☆☆☆

☆☆☆

# منادیٰ

**تعارف:** وہ اسم جو حرفِ ندا کے بعد آئے جیسے "یـا سعیدُ" میں "یا" حرفِ ندا اور "سعیـد" منادیٰ ہے۔

**حرفِ ندا:** حروفِ ندا مندرجہ ذیل ہیں۔

یَا . أَیَا . هَیَا . أَ . أَیُ .

**اقسامِ منادیٰ:** منادیٰ کی مندرجہ ذیل پانچ اقسام ہیں:

[۱]......مفرد علم

[۲]......نکرہ مقصودہ

[۳]......نکرہ غیر مقصودہ

[٤]......مضاف

[۵]......شبیہ مضاف

**حکمِ منادیٰ:** حکم کے اعتبار سے منادی کی دو قسمیں ہیں:

[۱] علامتِ رفع پر مبنی ہو۔ یہ اسم مفرد علم اور نکرہ مقصودہ دو قسموں کا حکم ہے۔

[۲] منصوب ہو۔ یہ نکرہ غیر مقصودہ/ مضاف/ شبیہ مضاف تینوں اقسام کا حکم ہے۔

## جدول احوالِ منادیٰ نکرہ مقصودہ

| احوال | امثلہ | حرفِ ندا | منادیٰ | علامت بِنا | سبب |
|---|---|---|---|---|---|
| اسم مفرد | یَاطِفُلُ | یَا | طِفُلُ | ضمہ | اسم مفرد علامت رفع ضمہ ہے |
| // جمع مؤنث سالم | یَا طَالِبَاتُ | // | طَالِبَاتُ | // | // جمع مؤنث سالم // // |
| // // مذکر سالم | یَاطَالِبُوْنَ | // | طَالِبُوْنَ | واو | // // مذکر // // واو // |
| // تثنیہ | یَا مُھَنُدِسَانِ | // | مُھَنُدِسَانِ | الف | // تثنیہ علامت رفع الف ہے |

## منادیٰ منصوب/ امثلہ و بیان

**منادیٰ نکرہ غیر مقصودہ:** اسم نکرہ منادیٰ ہو اور ندا سے شخص معین مقصود نہ ہو۔ یہ منصوب ہوتا ہے۔

جیسے "یَا ظَالِماً اِتَّقِ اللّٰہ" میں "یَا" حرفِ ندا "ظَالِماً" منادیٰ نکرہ غیر مقصودہ منصوب ہے۔

**منادیٰ مضاف:** منادیٰ اپنے سے بعد والے اسم کی طرح مضاف ہو۔

جیسے "یَا صَادِقَ الُوَعَدِ" "یَا" حرف ندا "صَادِقَ" منادیٰ مضاف منصوب "الُوَعُدِ" مضاف الیہ مجرور۔

**منادیٰ شبیہ مضاف:** ایسا اسم مشتق ہو جس کے بعد والا کلمہ اسی کے معنی کو مکمل کر رہا ہے۔

جیسے "یَا رَاکِباً سَیَّارَةً" "یَا" حرفِ ندا "رَاکِباً" منادیٰ شبیہ مضاف منصوب "سَیَّارَةً" مفعول بہ برائے تکمیل معنیٔ اسم سابق ہے۔

**تمرین:** مندرجہ ذیل جملوں میں حرفِ ندا منادیٰ اور اس کی قسم بتائیں (علم مفرد، مضاف، شبیہ، مضاف)

[۱] یَاعَلِیُّ اِذُھَبُ اِلیٰ الُمَدرَسَةِ. حرفِ ندا: یَا، منادیٰ: عَلِیُّ، نوعیت: علم مفرد

[٢] يَا طَالِعاً جَبَلاً..................................................

[٣] يَا وَاعِظاً اِخْتَصِرْ..............................................

[٤] يَا مُؤمنُ اِتّقِ اللّٰهَ...............................................

[٥] يَامُسْلِمُوْنَ جَاهِدُوْا فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ.........................

[٦] يَا جَاهِلاً تَعَلَّمْ...................................................

[٧] يَاقَارِئاًالْقُرْآنَ...................................................

[٨] يَا حَسَناً وَجُهُه'....................................................

[٩] يَا غَافِرَ الذَّنْبِ....................................................

[١٠] يَا قَابِلَ التَّوْبِ...................................................

[١١] يَا طَالِباً خُذْبِيَدِیْ...............................................

☆☆☆☆☆

☆☆☆

# تابع

**تعارف:** لغت میں بعد میں آنے والا، دوسرے کی پیروی کرنے والا تابع کہلاتا ہے۔ اس کی جمع ''اتباع'' ہے یا ''تبع'' آتی ہے۔ قواعد کی رو سے تابع ہر وہ اسم ہے جو رفع، نصب، جر میں پہلے کی اتباع میں ہو۔ اس معنی میں تابع کی جمع توابع ہے۔

**متبوع:** لغت میں جس کی پیروی کی جائے متبوع ہے۔ قواعد کی رو سے متبوع وہ کلمہ سابقہ ہے کہ جس کی تابع اتباع کر رہا ہو۔

**انواع توابع:** توابع چار ہیں:

[١] نعت [٢] تاکید [٣] بدل [٤] عطف

## تابع رقم [۱] **نعت یا صفت**

**نعت:** نعت وہ تابع ہے جو اپنے سے پہلے اسم کی صفات میں کسی صفت کو بیان کرے (اچھی ہو یا بری) نعت کو صفت بھی کہتے ہیں۔

**منعوت:** وہ اسم متبوع جس کی صفت بیان کی جارہی ہو۔ منعوت کو موصوف بھی کہتے ہیں۔

**مثال:** جیسے جاء رجلٌ عالمٌ: جاء: فعل ماضی، رجلٌ: فاعل مرفوع منعوت اور عالمٌ: تابع مرفوع نعت ہے۔ رَأيتُ رَجلاً عَالِماً. رَأيتُ: فعل وفاعل، رجلاً: مفعول بہ منصوب منعوت، عالماً: تابع منصوب نعت ہے۔

نظرتُ الی رجلٍ عالمٍ. نظرتُ: فعل وفاعل، الی: حرفِ جر، رجلٍ: منعوت مجرور اور عالمٍ: نعت تابع مجرور ہے۔

**تمرین......[۱]** مندرجہ ذیل جملوں میں سے صفت اور موصوف تلاش کریں اور اعراب لگائیں۔

[۱] الفيلُ حيوانٌ كبيرٌ.

[۲] ركبتُ سيارةً سريعةً.

[۳] رأيتُ منظراً جميلاً.

[٤] هذا رجلٌ عاقلٌ.

[۵] سلمتُ على ولدٍ صغيرٍ.

**تمرین......[۲]** صفت لگا کر خالی جگہ پر کریں۔

[۱] هذهِ ساعةٌ..............................

[۲] رايتُ رجلاً..............................

[۳] فاطمةُ بنتٌ..............................

[٤] محمد طالبٌ..............................

[۵] سلمت على رجلٍ..............................

**تمرین......[۳]** مناسب موصوف لگا کر جملے مکمل کریں۔

[۱] خالدة.................صالحةٌ.

[۲] محمدٌ ...............نشيطٌ.

[۳] خالدٌ.................مؤدبٌ.

[٤] أبوهُ.................كبيرٌ.

[۵] أمها....................صابرة.

**تمرین......[٤]** مندرجہ ذیل جملوں میں صفت یا موصوف لگا کر جملے مکمل کریں۔

[۱] شربتُ ..............بارداً

[۲] سعيد شابٌّ..............

[۳] دخلت حديقةً..............

[٤] أبونا شيخٌ...............

[۵] هذا قلمٌ...............

☆☆☆☆☆

## تابع رقم [۲] عطف

**تعارف:** لغت میں عطف کا معنی جھکاؤ اور میلان ہے، عربی قواعد کی رُو سے عطف سے مراد ''دو لفظوں کو کسی معنی کی وجہ سے باہم جوڑ دینا ہے''۔ عطف کی دو صورتیں ہیں:

**(۱) عطف بیان (۲) عطف نسق**

## عطف بیان

**تعارف:** دو لفظوں میں بغیر حرف کے ربط ہو اور دوسرا لفظ پہلے لفظ کی مراد کو واضح کرے۔ اس کی صفت نہ ہو۔ جیسے جاء اخوه محمدٌ (اس کا بھائی محمد آیا) اس جملے میں محمد اخوه کا عطف بیان ہے جس نے یہ واضح کیا کہ اخوه سے مراد محمد ہے۔

**تمرین......[۱]** مندرجہ ذیل جملوں میں سے عطفِ بیان بتائیں اور اردو ترجمہ کریں۔

[۱] **هٰذا أخی هارونُ.**

[۲] **هو الأستاذُ عبدُالله.**

[۳] **یا طالبُ خالدُ.**

[۵] **اعبدوا الله ربكم.**

**تمرین......[۲]** عطفِ بیان سے خالی جگہ پر کریں۔

[۱] **جاء أخوکَ.........................**

[۲] **ذهب عَمّکَ.........................**

[۳] **أنا سعیدٌ.........................**

[٤] **حضر الأستاذُ.........................**

[۵] **یا إبراهیمُ.........................**

**تمرین......[۳]** عربی میں ترجمہ کریں اور عطفِ بیان اور اس کا اعراب بتائیں۔

[۱] یہ میرا بھائی عبداللہ ہے۔

[۲] یہ استاد عبدالرحمٰن ہیں۔

[۳] تمہارے چچا خالد آئے۔

[٤] یہ طالب علم طارق ہے۔

[۵] یہ پائلٹ محمد ہے۔

**ترکیب نحوی کی مثال:** جلس المدرّس خالدٌ۔ جلس : فعل ماضی، المدرس: فاعل مرفوع۔ خالد: تابع عطفِ بیان مرفوع ہے۔

# عطف نسق

**تعارف:** وہ تابع ہے جو کسی حرفِ عطف کے ذریعے اپنے سے پہلے کی پیروی میں آجائے جیسے کتب طاهرٌ و خالدٌ (طاہر اور خالد نے لکھا)۔ اس جملے میں ''خالد'' عطفِ نسق ہے جو ''طاہر'' کے ساتھ لکھنے کے کام میں شریک ہے اور حرفِ عطف واو کے ذریعے دونوں جمع ہو گئے۔

**حروفِ عطف اور ان کے معانی:** حروفِ عطف مندرجہ ذیل ہیں:

واو، فاء، ثم، اَو، حتی، ام، لا، لکن، امّا، بل

**واو:** یہ صرف اپنے سے پہلے اور بعد والے کو شریک کرنے اور جمع کرنے کا کام دیتی ہے جیسے حضر محمدٌ و علیٌّ (محمد و علی دونوں حاضر ہوئے) اس میں ترتیب کا لحاظ نہیں کہ کون پہلے آیا اور کون بعد میں۔

**فاء:** یہ ترتیب اور تعقیب کے لئے ہے یعنی پہلے نے پہلے اور دوسرے نے فوراً ہی اس کے بعد کام کیا جیسے حضر محمدٌ فَعَلِیٌّ اس کا معنیٰ ہے محمد پہلے اور علی اس کے فوراً بعد حاضر ہوا اس میں تاخیر کا مفہوم نہیں ہے۔

**ثم:** یہ ترتیب اور تراخی دونوں کو بیان کرتا ہے یعنی پہلے نے پہلے کام کیا اور دوسرے نے اس کے بعد مگر تاخیر کے ساتھ عمل کیا۔ جیسے حضر محمدٌ ثم عَلِیٌّ اس کا معنی ہے کہ محمّد اور اس کے بعد علی دیر سے حاضر ہوا۔

**اَو:** دو معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔

(ا) اختیار دینا جیسے اِقْرَأْ صفحةً او صفحتين . ایک یا دو صفحہ پڑھ لیں۔

(ب) شک کرنا جیسے نِمْتُ ساعةً أو ساعتين میں ایک گھنٹہ یا دو گھنٹے کے لئے سویا۔ اس میں شک ہے کہ سونے کا عمل ایک گھنٹہ ہوا یا دو گھنٹے۔

**حتی:** غایت اورانتہا کے بیان کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے جیسے **خرج المدرسونَ حتی المدیرُ** (اساتذہ باہر نکل گئے حتی کہ ہیڈ ماسٹر بھی)۔

**اَم:** دو معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔

(ا) برابری بتانے کے لئے جیسے **تسکنُ قریباً أم بعیداً** تم قریب رہو یا دور سب برابر ہے۔

(ب) تعین کرنے کے لئے جیسے **اَمسافرٌ زیدٌ أم خالدٌ**۔

**لا:** نفی کے لئے جیسے **قرأتُ کتاباً لا جریدةً** میں نے کتاب پڑھی اخبار نہیں پڑھا۔

**لکن:** استدراک کے لئے جیسے **لا تُعَاشِرِ الأشُرارَ لکن الأخُیارَ** شریروں کی صحبت نہ اختیار کرو مگر اہل خیر کی۔

**بَل:** اس کا استعمال دو طرح ہے۔

(ا) استدراک کے لئے نہی اور نفی کے بعد، نہی کے بعد جیسے **لا تُصاحِب الأ شُرَار بل الاخیارَ** نفی کے بعد جیسے **ما عرفتُ الشرَّبل الخیرَ**

(ب) اضراب کے لئے اثبات اور امر کے بعد اثبات جیسے **دَخَلَ الغُرُفَةَ طَالبٌ بل مدرّسٌ** امر جیسے **اُکُتُبُ رسالةًبل برقیةً**

**استدراک:** **لکنّ** سے پہلے کلام سے پیدا ہونے والے موہوم حکم کو رفع کرنا استدراک کہلاتا ہے۔ جیسے کہیں **زیدٌ کریم** اس سے یہ وہم ہوسکتا ہے کہ وہ (**مسرف**) فضول خرچ بھی ہے تو کہیں:

**زید کریمٌ لکنه غیرُ مسرفٍ** زید سخی ہے مگر فضول خرچ نہیں ہے لہٰذا **لکن** سے پہلے اگر کسی مثبت حکم کا وہم ہوا ہو تو **لکن** کے بعد اس کی نفی ہوگی جیسے **لَمْ یَحْضُرْ اَخُوکَ لَکِنْ حَضَرَ اَبُوکَ** اور اگر منفی حکم موہوم ہوگا تو **لکن** سے اس کا اثبات ہوگا جیسے مثال گذشتہ۔

**اضراب:** کسی حکم کو اول سے ثانی کی طرف منتقل کر دینا جیسے کہیں **ماجاء زَیُدٌ بل عمرُوٌ** اس مثال میں آنے کے حکم کو زید سے عمرو کی طرف منتقل کر دیا گیا ہے۔

## تابع رقم (۳) بدل

لغت میں بدل عوض کو کہتے ہیں۔ قواعد کی رو سے بدل وہ تابع ہے کہ کسی حکم میں اصل اور مقصود بالذات ہے۔ اس سے پہلا کلمہ اس کی تمہید یا پیش خیمہ بن کر آئے جس کو حذف کر کے دوسرے کو اس جگہ استعمال کرنا بھی درست ہوتا ہے۔

پہلے لفظ کو مبدل منہ (جو مقصود بالذات نہیں)

دوسرے کو بدل کہتے ہیں (جو مقصود بالذات ہے)

بدل، رفع۔ نصب، جر اور جزم میں مبدل منہ کے تابع ہوگا۔

جیسے **جاء اخوک سعیدٌ** (تمہارا بھائی سعید آیا) اس مثال میں **اخوک**: مبدل منہ اور **سعیدٌ**: بدل ہے۔ **اخوک** کو حذف کر کے **جاء سعید** کہنا بھی درست ہوگا۔

## بدل کی اقسام

بدل کی چار قسمیں ہیں:

[۱]...... بدل الکل یا بدلِ مطابق

[۲]...... بدل البعض

[۳]...... بدل الاشتمال

[٤]...... بدل الغلط

## بدل الکل:

وہ بدل ہے جو بعینہٖ مبدل ہو۔ یعنی تابع اور متبوع مکمل طور پر ایک ہی شخصیت یا ذات ہوں۔ جیسے کَتَبَتْ اُخْتُکَ سَلْمٰی (تمہاری بہن سلمٰی نے لکھا) اس جملے میں ”سلمٰی“ ”اختک“ سے بدل الکل ہے۔ کیونکہ سلمٰی اسی اختک کی مکمل شخصیت ہے۔ بدل الکل کو عطفِ بیان کہنا بھی جائز ہے۔

**تمرین:** مندرجہ ذیل جملوں میں بدل الکل اور مبدل منہ بتائیں۔ حل شدہ مثال پیش نظر رہے کہ ترکیبِ نحوی کا یہی طریقہ ہے۔

| مبتدا | مبدل منہ | بدل |
|---|---|---|
| هذا<br>یہ | عمّک<br>تمہارا چچا | خالدٌ<br>خالد ہے |

[١] نفعنی المعلّم علّیٌ.

[٢] وضع عمرُ الفاروقُ رضی اللّٰہُ عنه التاریخَ الهجریَّ.

[٣] نعبد اللّٰہَ اِلٰهَنَا.

[٤] أکرمت اخاک محمداً.

[٥] سلمت علیٰ اخیک خالدٍ.

[٦] الحمدللّٰہِ ربِّ العالمینَ.

## بدل البعض

وہ بدل کہ تابع اپنے متبوع کا ایک حصہ ہو کامل طور پر مبدل منہ نہ ہو جیسے **انکسر القلمُ ریشُه:** قلم ٹوٹ گیا اس کی نب۔

اس مثال میں ریش بدل البعض تابع ہے اور قلم مبدل منہ متبوع ہے (ریش نب)، قلم کا ایک جز ہے تمام نہیں۔

بدل البعض میں ایک ضمیر ہوگی جو مبدل منہ کی طرف راجع ہوگی۔

**تمرین:** مندرجہ ذیل مثالوں میں سے بدل البعض اور مبدل منہ علیٰحدہ علیٰحدہ کریں اور جملوں کا اردو ترجمہ کریں۔

[١] طاب زیدٌ قلبُه.

[٢] بعت الدارَ نصفَه.

[٣] یجعل الخبیثَ بعضَه علی بعضٍ.

[٤] اکلتُ الرغیفَ رُبُعَه‘.

گذشتہ جملوں کی ترکیبِ نحوی کریں۔

گذشتہ جملوں کا اردو ترجمہ لکھیں۔

## بدل الاشتمال

**تعارف:** وہ تابع ہے جو اپنے متبوع کے مشتملات میں سے ہو۔ بدل الاشتمال اپنے مبدل منہ کا جزء یا کل نہیں ہوتا بلکہ مبدل منہ اس کو شامل ہوتا ہے۔

**شرط:** بدل الاشتمال ایک ضمیر کی طرف مضاف ہوتا ہے جو مبدل منہ (متبوع) کی طرف لوٹتی ہے۔

**مثال:** **نفعنی المعلم علمُه**، مجھے معلم کے علم نے نفع دیا نفع: فعل ماضی، ن: وقایہ، ی: ضمیر متکلم مفعول بہ **المعلم** : مبدل منہ (متبوع) **علم** : بدل اشتمال (تابع)، ہ: ضمیر ہے جو مبدل منہ **المعلم** کی طرف لوٹ رہی ہے۔

**تمرین:** مندرجہ ذیل مثالوں میں سے بدل الاشتمال اور مبدل منہ بتائیں۔

[۱] **اعجبَنِی البلبلُ صوتُه.**

[۲] **یسعک الامیرُ عفوه.**

[۳] **سرّنی اخوکَ نجاحُه.**

[٤] **استفدتُ من المرشدِ وعظِه.**

☆☆☆☆☆

## بدل الغلط یا بدلِ نسیان

وہ بدل ہے کہ غلطی یا نسیان سے کوئی لفظ زبان سے نکل گیا مگر خود ہی بولنے والے نے اپنی غلطی درست کر کے دوسرا لفظ بولا یہ دوسرا لفظ بدل الغلط ہے۔ جیسے **رأیت محمداً علیّا**، میں نے محمد کو (نہیں) علی کو دیکھا۔

**تمرین:** مندرجہ ذیل مثالوں میں مبدل منہ اور بدل الغلط بتائیں۔

[۱] **رأیت انساناًفرساً.**

[۲] **تکلم الرئیس الوزیرُ.**

[۳] **هذا مدرسٌ مدیرٌ.**

[٤] **سلمت علی بکرٍ خالدٍ.**

[۵] **اعط السائلَ قُرُشاً ریالاً.**

**نوٹ:** قرآن کریم، حدیثِ نبوی، شعر اور کسی درست کلام میں بدل الغلط نہیں ہوگا۔

## تابع رقم (٤) تاکید

لغت میں کسی امر کو پختہ کرنا تاکید کہلاتا ہے۔

قواعد کی رو سے کسی معنی کی تقویت اور اہمیت بیان کرنے کے لئے کسی جملہ یا کلمہ کو مکرر لانا تاکید کہلاتا ہے۔

جس کی تقویت کی جائے اس کو مؤکد منہ اور جو تقویت کرے اسے مؤکد بہ کہتے ہیں۔

تاکید کی دو قسمیں ہیں۔

[۱] لفظی تاکید [۲] معنوی تاکید

**تاکید لفظی:** مؤکد کو بعینہٖ مکرر لے آئیں۔ چاہے وہ

اسم ہو جیسے جاء زیدٌ زیدٌ

یا فعل ہو ،، جلَسَ جلَسَ زیدٌ

یا حرف ہو ،، نعم نعم هذا خطّی

یا جملہ ہو ،، كلا سيعلمون ثم كلا سيعلمون

**تاکید معنوی:** مؤکد یعنی جس لفظ کی تاکید کرنا ہو اس کے بجائے مندرجہ ذیل کلمات کا ذکر کیا جائے۔

نَفْس . عَيْن . كُلّ . اَجْمَع . عَامَّة . كِلَا . كِلْتَا .

### تاکید معنوی کا چارٹ

| الفاظ | جملے | اردو ترجمہ |
|---|---|---|
| نفس | حَضَرَ الوزيرُ نفسُه | وزیر خود حاضر ہوا |
| عين | رأيت المسجدَ الشَاهِيَ عينَه‘ | -------- |
| كل | حفظت القرآن كلَّه | -------- |
| أجمع | صلى الطلابُ كلُّهُمْ أجمعُوْنَ | -------- |
| عامة | صافح الرئيسُ الحاضرِينَ عامَّتَهُمْ | -------- |
| كلا | جاء العالمانِ كلا هُما | -------- |
| كلتا | صلت الأختانِ كلتَاهما | -------- |

مندرجہ ذیل جملوں میں مئوکد اور تاکید اور اس کی قسم بتائیں۔ حل شدہ مثال پر غور کرلیں۔

**مثال:** کتبَ الأستاذ نُفسُہ، میں الأستاذ: مؤکد اور نفس: تاکید ہے۔ یہ تاکید معنوی کی مثال ہے۔

قرأ الولدُ الولدُ میں پہلا الولد: مؤکد اور دوسرا الولد: تاکید لفظی ہے۔

[١] زرت بيتَ اللهِ عِينَه'.

[٢] علمّ الله آدمَ الاسماءَ كلَّها.

[٣] الوالد انِ كلاهما يحِبَّانِ الولَدَ.

[٤] جاء ربّكَ والملكُ صفاًصفاً.

[٥] حضرا المديرُ المديرُ.

[٦] لَا لَا اخبِرُكَ.

[٧] فإنّ مَعَ العُسُرِ يسراً .اِنَّ مَعَ العُسُرِيسراً.

[٨] انت انتَ البَطَلُ.

[٩] ذهب الولدُ .الولدُ.

[١٠] جلستِ البنتان كلتا هما .

عربی میں ترجمہ کریں۔ تاکید معنوی اور مؤکد واضح کریں۔

[١] صدر صاحب خود تشریف لائے۔

[٢] تمام مدرسین نکل گئے۔

[٣] دونوں طالب علموں نے خود لکھا۔

[٤] میں نے سارا سبق یاد کرلیا۔

[٥] لڑکے نے قرآن پڑھا۔

[٦] سب طلبہ جماعت میں داخل ہوگئے۔

# ضمیر۔ تفصیلی بیان

**تعارف:** وہ لفظ جو کسی اسم ظاہر کے قائم مقام ہو اور متکلم، مخاطب یا غائب کے معنی بھی اس میں پائے جائیں جیسے

| | |
|---|---|
| أنَا | متکلم کے لئے |
| أنْتَ | مخاطب کے لئے |
| هُوَ | غائب کے لئے |

**فائدہ:** کلام میں اختصار کے لئے ضمیر استعمال کی جاتی ہے کہ اسم ظاہر بار بار ذکر نہ کرنا پڑے جیسے، کہیں:

| | |
|---|---|
| حَضَرَ محمدٌ | محمد حاضر ہوا۔ ضمیر کو استعمال میں لا کر پھر کہیں |
| رَأيْتُه' | میں نے اس کو دیکھا۔ پھر کہیں |
| ذَهَبْتَ مَعَهُ | میں اس کے ساتھ گیا۔ |

## انواعِ ضمیر

مختلف اعتبار سے ضمیر کی کئی اقسام ہیں۔ ضمیر کبھی لفظ میں موجود ہوتی اور کبھی ذہن میں مقدر وملحوظ۔ پھر لفظ میں موجود کہیں مستقل استعمال ہوتی ہے اور کبھی کسی دوسرے کلام کے ساتھ مل کر آتی ہے۔ لہٰذا مختلف اعتبار سے ضمیر کی کئی اقسام ہیں۔

**اعتبار اوّل:** لفظ میں موجود اور ذہن میں تقدیر کے اعتبار سے ضمیر کی دو قسمیں ہیں۔

[۱] بارز [۲] مستتر

**بارز:** وہ ضمیر ہے جو لفظ وصورت میں موجود ہو جیسے اَنَا طَالِبٌ میں اَنَا ضمیر بارز ہے۔

**مستتر:** وہ ضمیر ہے جو لفظ وصورت میں موجود نہ ہو۔ مگر کسی فعل میں مقدر اور ذہن میں ملحوظ ہو۔ جیسے اَکْتُبُ (میں لکھتا ہوں) اس میں اَنَا ضمیر مستتر ہے۔

بارز کی دو قسمیں ہیں [۱] منفصل [۲] متصل

**منفصل:** وہ ضمیر ہے جو تلفظ و استعمال میں مستقل ہو۔ کسی دوسرے کلمہ کے ساتھ اس کا جُز بن کر استعمال نہ ہو۔ یہ کلام کے شروع میں آسکتی ہے اور الاّ کے بعد بھی استعمال ہو سکتی ہے۔

**مثال:** جیسے اَنَا اَنتَ هُوَ

آئندہ جملوں میں منفصل ضمائر ہیں۔

| | |
|---|---|
| أنَا مجتهدٌ | میں محنتی ہوں۔ |
| مَنْ أنتَ؟ | تم کون ہو؟ |
| مَا نَجَحَ إلاّ هُوَ | صرف وہی ایک کامیاب ہوا |

**متصل:** وہ ضمیر جو تلفظ میں مستقل نہ ہو۔ بلکہ سابقہ کلمہ کا جُزو بن کر استعمال میں ہو جیسے کتبتُ میں تا ضمیر متصل ہے۔

اور نصرہ، // ہ // // //

// ضربنِی // ی // // //

## ضمیر اور کلام میں محل وقوع

ضمیر منفصل ہو یا متصل کلام میں محلِ وقوع یا اعراب کے اعتبار سے ہر ایک کی کئی اقسام ہیں۔

**ضمیر منفصل:** محل وقوع کے اعتبار سے منفصل کی دو قسمیں ہیں۔

[۱] ضمیر رفع منفصل: جو محلِ رفع میں واقع ہو۔

[۲] ضمیر نصب منفصل: جو محلِ نصب میں واقع ہو۔

ہر ایک کے مواقع وقوع اور تعداد وغیرہ کا مفصل بیان ملاحظہ کریں۔

**مواقع ضمیر مرفوع منفصل:** یہ ضمیر، رفع کے مندرجہ ذیل مواقع پر آتی ہے۔

مبتدا ہو جیسے أنا مجتهدٌ. أنا: مبتدا مرفوع، مجتهدٌ: خبر

فاعل ہو // مَاضَرَبَ إلاهُوَ: فعل ماضی، إلا: حرف استثناء، هُوَ ضمیر منفصل۔ محل رفع میں فاعل برائے فعل

كانَ اور اس کے اخوات کا اسم ہو جیسے "اَصْبَحَ هو غنياً، أصَبَحَ فعل ماضی (هُوَ) ضمیر اسم أصبح ہے محل رفع میں ہے۔

**تعداد ضمائر رفع منفصل:** یہ کل چودہ ضمائر ہیں۔ دو برائے متکلم، چھ برائے مخاطب، چھ برائے غائب جن کا مفصل بیان آئندہ جدول میں ملاحظہ کریں۔

## جدول ضمائر رفع منفصل

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| متکلم | مذکر ومؤنث | مفرد | اَنَا | ١ |
| // | // | تثنیہ وجمع | نَحْنُ | ٢ |
| مخاطب | مذکر | مفرد | اَنْتَ | ٣ |
| // | // | تثنیہ | اَنْتُمَا | ٤ |
| // | // | جمع | اَنْتُمْ | ٥ |
| // | مؤنث | مفرد | اَنْتِ | ٦ |
| // | // | تثنیہ | اَنْتُمَا | ٧ |
| // | // | جمع | اَنْتُنَّ | ٨ |
| غائب | مذکر | مفرد | هُوَ | ٩ |
| // | // | تثنیہ | هُمَا | ١٠ |
| // | // | جمع | هُمْ | ١١ |
| // | مؤنث | مفرد | هِیَ | ١٢ |
| // | // | تثنیہ | هُمَا | ١٣ |
| // | // | جمع | هُنَّ | ١٤ |

**ضمیر نصب منفصل:** یہ ضمیر نصب کے مندرجہ ذیل مقامات پر آتی ہے۔ مفعول بہ مقدم ہو جیسے

**اِیَّاک نَعْبُدُ اِیَّاک:** مفعول بہ مقدم، **نَعْبُدُ:** فعل **نَحْنُ:** ضمیر مستتر فاعل

**تعداد ضمائر نصب منفصل:** بارز منفصل محل نصب میں استعمال ہونے والی ضمائر کی تعداد بھی چودہ ہے۔

دو برائے متکلم، چھ برائے مخاطب، چھ برائے غائب جن کا مفصل بیان آئندہ جدول میں ملاحظہ کریں۔

## جدول ضمائر نصب منفصل

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| متکلم | مذکرومؤنث | مفرد | إِیَّایَ | ١ |
| // | // | تثنیہ وجمع | إِیَّانَا | ٢ |
| مخاطب | مذکر | مفرد | إِیَّاکَ | ٣ |
| // | // | تثنیہ | إِیَّاکُمَا | ٤ |
| // | // | جمع | إِیَّاکُمْ | ٥ |
| // | مؤنث | مفرد | إِیَّاکِ | ٦ |
| // | // | تثنیہ | إِیَّاکُمَا | ٧ |
| // | // | جمع | إِیَّا کُنَّ | ٨ |
| غائب | مذکر | مفرد | إِیَّاهُ | ٩ |
| // | // | تثنیہ | إِیَّاهُمَا | ١٠ |
| // | // | جمع | إِیَّاهُمْ | ١١ |
| // | مؤنث | مفرد | إِیَّاهَا | ١٢ |
| // | // | تثنیہ | إِیَّاهُمَا | ١٣ |
| // | // | جمع | إِیَّا هُنَّ | ١٤ |

# ضمیر متصل کا بیان

کلام میں محل وقوع یا اعراب کے لحاظ سے ضمیر متصل کی تین قسمیں ہیں۔

[۱] محل رفع میں ہو یہ ضمیر رفع متصل کہلاتی ہیں۔
[۲] محل نصب میں واقع ہو یہ ضمیر نصب متصل کہلاتی ہے۔
[۳] محل جر میں ہو یہ ضمیر جر متصل کہلاتی ہے۔

اب ہر ایک کی تعداد اور امثلہ ملاحظہ کیجیے۔

**ضمائر رفع متصل:** یہ پانچ ضمائر ہیں:

مواقع اور امثلہ مندرجہ ذیل ہیں۔

[۱] تاء متحرک: فعل ماضی کے ساتھ خاص ہے۔ جیسے کَتَبْتَ۔

اس میں کَتَبَ فعل ماضی تا ضمیر متصل محلِ رفع میں فاعل ہے۔

[۲] الف تثنیہ: یہ ضمیر ماضی، مضارع اور امر تمام افعال کے ساتھ آتی ہے۔

ماضی جیسے کَتَبَا: کَتَبَ فعل ماضی الف ضمیر متصل محل رفع میں فاعل ہے

مضارع // یَکْتُبَانَ: یَکْتُبُ // مضارع // // // // // // // //

امر // اُکْتُبَا :اُکْتُبُ // امر مخاطب // // // // // // // //

[۳] واو جمع: یہ ضمیر ماضی، مضارع اور امر تمام افعال کے ساتھ آتی ہے۔

ماضی جیسے ذَهَبُوْا :ذَهَبَ فعل ماضی واو ضمیر متصل محل رفع میں فاعل ہے

مضارع // یَذْهَبُوْنَ : یَذْهَبُ // مضارع // // // // // // // //

امر // اُکْتُبُوْا : اُکْتُبْ // امر // // // // // // // //

[٤] یاء مخاطبہ: یہ فعل مضارع اور امر کے ساتھ آتی ہے۔

مضارع جیسے تَقْرَئِیْنَ تَقْرَأُ فعل مضارع یا ضمیر متصل محل رفع میں فاعل

امر // اقرئی اقرأ فعل امر یا // // // // // // // //

[۵] نون جمع مؤنث: یہ ضمیر ماضی، مضارع اور امر تمام افعال کے ساتھ آتی ہے۔

ماضی جیسے قرأنَ: قرأ فعل ماضی ''نون'' ضمیر متصل محل رفع میں فاعل ہے

مضارع // یَکْتُبْنَ : یَکْتُبُ // مضارع // // // // // // // //

امر // اِذْهَبْنَ : اِذْهَبْ // امر // // // // // // // //

# جدول ضمیر رفع متصل اور مواقع

| | | نوعیت افعال | | |
|---|---|---|---|---|
| عدد | ضمائر | ماضی | مضارع | امر |
| [۱] | تا متحرک | ✓ | x | x |
| [۲] | الف تثنیہ | ✓ | ✓ | ✓ |
| [۳] | واو جمع | ✓ | ✓ | ✓ |
| [٤] | نون مؤنث | ✓ | ✓ | ✓ |
| [۵] | یاء مخاطبہ | x | ✓ | ✓ |

## تعداد ضمائر نصب متصل:

یہ دراصل چار ضمائر ہیں [۱] ''ی'' [۲] ''ت'' [۳] ''ک'' [٤] ''ھ'' جن کی مندرجہ ذیل چودہ صورتیں ہیں۔

| متکلم | دو عدد برائے مفرد و جمع مؤنث | مفرد | ضَرَبَنِیْ | یا | ضمیر |
|---|---|---|---|---|---|
| // | // | تثنیہ و جمع | ضَرَبَنَا | نا | // |
| مخاطب چھ عدد | تین برائے مذکر | مفرد | ضَرَبَکَ | کاف | // |
| // | // | تثنیہ | ضَرَ بَکُما | // | // |
| // | // | جمع | ضَرَبَکُم | // | // |
| // | تین برائے مؤنث | مفرد | ضَرَبَکِ | // | // |
| // | // | تثنیہ | ضَرَ بَکُمَا | // | // |
| // | // | جمع | ضَرَبَکُنَّ | // | // |
| غائب چھ عدد | تین برائے مذکر | مفرد | ضَرَبَهٗ | ہٗ | // |
| // | // | تثنیہ | ضَرَبَهُما | // | // |
